وَأَمْرُهُمْ شُورَىٰ بَيْنَهُمْ — جرگہ اللہ کا حکم اور رسول کریم کی سنت ہے

Daily QOUMi JIRGA Quetta

روزنامہ قومی جرگہ کوئٹہ

بانی شہید الیس کے صلاح الدین خان اچکزئی

(صفحات 4 قیمت 15 روپے)

ایڈیٹر میر وائس خان اچکزئی

E:-mail: qoumijirga777@gmail.com

جلد نمبر:13 | پیر 07 ذیقعد، 05 مئی 2025ء | شمارہ نمبر:308

دشمن کو منہ توڑ جواب دینے کیلئے تیار ہیں، ڈی جی آئی ایس پی آر

جارحیت مسلط کی تو دشمن کو منہ توڑ جواب دینے کیلئے تیار ہیں پاک بھارت کشیدگی کے معاملے پر وفاقی وزیرِ اطلاعات عطا اللہ تارڑ اور ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) انٹر سروسز پبلک ریلیشن (آئی ایس پی آر) لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں کو بریفنگ دی

بھارت کی جانب سے اب تک کوئی جواب نہیں دیا گیا، جبکہ چین، ترکیہ اور سوئٹزرلینڈ سمیت کئی ممالک نے پاکستان کے اس موقف کی حمایت کی ہے، چین کے بعد ترکیہ نے بھی بھارتی جارحانہ بیانات پر پاکستان کی حمایت کا اعلان کر دیا ہے

راولپنڈی (قومی جرگہ نیوز) ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) انٹر سروسز پبلک ریلیشن (آئی ایس پی آر) لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کا کہنا ہے کہ پاکستان پر امن ملک ہے اور خطے میں امن چاہتا ہے، جارحیت مسلط کی تو دشمن کو منہ توڑ جواب دینے کیلئے تیار ہیں۔ پاک بھارت کشیدگی کے معاملے پر وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ اور ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) (انٹر سروسز پبلک ریلیشن) آئی ایس پی آر (لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں کو بریفنگ دی۔ پاکستان نے اپنا ملی نغمہ بھارت میں سوشل میڈیا پر چلوادیا ذرائع کا کہنا ہے کہ ان کیمر (بقیہ نمبر 92 صفحہ نمبر 03 پر)



نومنتخب قیادت کی کامیابی صحافتی برادری کے اعتماد کا مظہر ہے، عطاء اللہ تارڑ

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے سی پی این (بقیہ نمبر 06 صفحہ نمبر 03 پر)



بھارت کی جانب سے پاکستان پر لگائے گئے بے بنیاد الزامات کو مسترد کرتے ہیں، انجینئر امیر مقام

سوات (این این آئی) وفاقی وزیر برائے امور کشمیر، گلگت بلتستان و (بقیہ نمبر 05 صفحہ نمبر 03 پر)



بھارت کا جھوٹ دنیا کے سامنے ایکسپوز ہو چکا، رانا مشہود خان

ٹیکسلا (این این آئی) وزیر اعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد (بقیہ نمبر 04 صفحہ نمبر 03 پر)



بوکھلاہٹ کا شکار مودی سرکار نے بلاول بھٹو کا ایکس اکاؤنٹ بند کر دیا

اسلام آباد / کراچی (این این آئی) پہلگام فالس فلیگ آپریشن کے (بقیہ نمبر 03 صفحہ نمبر 03 پر)

بھارتی جارحیت پر پاکستان نے جوہری طاقت کے استعمال کا عندیہ دے دیا

بھارت کی جانب سے حملہ کیا گیا تو پاکستان اپنے دفاع میں جوہری اور روایتی طاقت دونوں استعمال کرے گا، پاکستانی سفیر خالد جمالی

بھارت خود ہی بے بنیاد الزامات لگا کر اپنی کی گئی سازشوں اور فالس فلیگ آپریشنز کو بے نقاب کر رہا ہے، دفاعی ماہرین

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان نے بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزی پر سخت ردعمل کا عندیہ دے دیا ہے اور پاکستانی سفیر محمد خالد جمالی نے کہا ہے کہ ہمارے پاس انٹیلی جنس شواہد ہیں کہ بھارت پاکستان پر حملہ کرنے کی منصوبہ بندی کر رہا ہے، اگر بھارت کی جانب سے حملہ کیا گیا تو مکمل طاقت سے جواب دیا جائے گا، پاکستان اپنے دفاع میں جوہری اور روایتی طاقت دونوں استعمال کرے گا۔ ذرائع کے مطابق پہلگام فالس فلیگ کے بعد بھارت نے بغیر کسی ثبوت پاکستان پر الزام لگا یا جس کی پاکستان ٹھوس شواہد کے ساتھ تردید کر چکا ہے، بھارت نے بغیر (بقیہ نمبر 09 صفحہ نمبر 03 پر)

خضدار، آری لک میں آسمانی بجلی گرنے سے 180 مویشی ہلاک

واقعہ گذشتہ رات پیش آیا، جس میں بڑی تعداد میں مویشیوں کو شدید نقصان پہنچا

خضدار (یو این اے) ضلع خضدار کے تحصیل سارونہ کے دیہی علاقے آری لک میں آسمانی بجلی گرنے کے باعث 180 مویشی ہلاک ہوگئے۔ یہ واقعہ گذشتہ رات پیش (بقیہ نمبر 07 صفحہ نمبر 03 پر)

سریاب روڈ کے علاقے جنگل باغ میں نامعلوم افراد کی فائرنگ، پولیس اہلکار جاں بحق

فائرنگ کے واقعے کے بعد پولیس نے علاقے کو گھیر لیا، ملزمان فرار

کوئٹہ (یو این اے) سریاب روڈ کے علاقے جنگل باغ میں نامعلوم افراد کی فائرنگ کے نتیجے میں ایک پولیس اہلکار جاں بحق ہوگیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق جاں بحق اہلکار (بقیہ نمبر 08 صفحہ نمبر 03 پر)

ملک اور صوبے کے روشن مستقبل کیلئے بین الاقوامی شراکت داری اور سرمایہ کاری ناگزیر ہے، گورنر بلوچستان

بلوچستان کی قلیل مگر بکھری ہوئی آبادی کو بنیادی سہولیات تک رسائی فراہم کرنے کیلئے بین الاقوامی اداروں کی مدد اور رہنمائی ضروری ہے

نئی نسل کو جدید تعلیم کے زیور سے آراستہ کرنے اور عالمی شراکت داری کو فروغ دینے کیلئے ایک تبدیلی کے اقدام کا کردار ادا کر رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) ملک اور صوبے کے روشن مستقبل کیلئے بین الاقوامی شراکت داری اور سرمایہ کاری ناگزیر ہے۔ بلوچستان کی قلیل مگر بکھری ہوئی آبادی کو بنیادی سہولیات تک رسائی فراہم کرنے کیلئے بین الاقوامی اداروں کی مدد اور رہنمائی ضروری ہے۔ اس ضمن میں گورنر بلو (بقیہ نمبر 46 صفحہ نمبر 03 پر)

بھارت کے اقدامات پاکستان کی مغربی سرحد پر انسداد دہشتگردی کی کوششوں سے توجہ ہٹا رہے ہیں، شہباز شریف

پاکستان، ملائیشیا کے وزرائے اعظم میں ٹیلیفونک رابطہ، شہباز شریف نے بھارت کے اشتعال انگیز رویے کے نتیجے میں جنوبی ایشیاء میں موجودہ کشیدگی پر تشویش سے آگاہ کیا

وزیراعظم نے پہلگام واقعہ کی بین الاقوامی، شفاف، معتبر، غیر جانبدارانہ تحقیقات کے لیے پاکستان کی پیشکش کو بھی دہرایا، وزیراعظم کی نواز شریف سے ملاقات

لاہور (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف اور ملائیشیا کے وزیر اعظم داتو سری انور ابراہیم کے درمیان ٹیلیفونک رابطہ ہوا، وزیر اعظم نے پہلگام واقعے کے بعد سے (بقیہ نمبر 02 صفحہ نمبر 03 پر) لاہور (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان مسلم لیگ (ن (بقیہ نمبر 01 صفحہ نمبر 03 پر)



ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری اور وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں کو بریفنگ دے رہے ہیں

بھارت نے بگلیہار ڈیم کے ذریعے دریائے چناب میں پانی کا بہاؤ روک دیا، مودی سرکار نے کشن گنگا ڈیم سے بھی دریائے جہلم میں پانی روکنے کی منصوبہ بندی کر دی

پاکستان کا خطے کی صورتحال پر اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کو بریفنگ دینے کا فیصلہ

پاکستان نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کا ہنگامی اجلاس بلانے کے لیے سفارتی سطح پر سرگرمیاں تیز کر دی، وزیر خارجہ کی پاکستان کے مستقل مندوب کو اجلاس فوری بلانے کیلئے تمام اقدامات کرنے کی ہدایات بھی جاری

سلامتی کونسل کو بتایا جائے گا کہ بھارتی اقدامات خطے کے لیے کس قدر خطرناک ہیں، صورتحال پر بریفنگ دینے کا فیصلہ کیا ہے تاکہ بھارت کے حالیہ جارحانہ اقدامات اور اشتعال انگیزی کو عالمی سطح پر بے نقاب کیا جا سکے

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان نے بھارتی جارحیت اور اشتعال انگیزی پر اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کا فوری اجلاس بلانے کا فیصلہ کر لیا، سلامتی کونسل کو بتایا جائے گا کہ بھارتی اقدامات خطے کے لیے کس قدر خطرناک ہیں۔ خطے کی حالیہ کشیدہ صورتحال کے پیش نظر پاکستان نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کا ہنگامی اجلاس بلانے کے لیے سفارتی سطح پر سرگرمیاں تیز کر دی ہیں۔ ذرائع کے مطابق، پاکستان نے سلامتی کونسل کو صورتحال پر بریفنگ دینے کا فیصلہ کیا ہے تاکہ بھارت کے حالیہ جارحانہ اقدامات اور اشتعال انگیزی کو عالمی سطح پر بے نقاب کیا جا سکے۔ وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب کو ہدایت جاری کی ہے کہ کونسل کا اجلاس بلانے کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں۔ انہوں (بقیہ نمبر 11 صفحہ نمبر 03 پر)

پاکستان علاقائی امن و سلامتی کیلئے پرعزم ہے، وزیر خارجہ

اسحٰق ڈار کا ملائیشین وزیر خارجہ سے رابطہ، بھارتی پروپیگنڈے سے آگاہ کیا

بھارت کے اقدامات بین الاقوامی معاہدوں اور عالمی قانونی ذمے داریوں کی کھلی خلاف ورزی ہیں، اسحاق ڈار

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے ملائیشیا کے وزیرِ خارجہ محمد بن حسن سے ٹیلی فونک رابطہ کیا ہے۔ وزارتِ خارجہ کے ترجمان کے مطابق اسحاق ڈار نے خطے میں حالیہ پیشرفت اور بھارت کے اشتعال انگیز اقدامات سے آگاہ کیا۔ وزارتِ خارجہ کے ترجمان نے (بقیہ نمبر 21 صفحہ نمبر 03 پر)

پاک بھارت کشیدگی، خطے میں دیرپا امن کیلئے آج ایرانی وزیر خارجہ پاکستان کا دورہ کریں گے

وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے ملاقات میں پاک ایران تعلقات اور خطے کے موجودہ صورتحال پر بات چیت کی جائے گی

اسلام آباد (آن لائن) پاک بھارت کشیدگی کے پیش نظر خطے میں دیرپا امن کے لئے آج پیر کو ایرانی وزیر خارجہ پاکستان کا ایک روزہ دورہ کریں گے۔ ذرائع کے مطابق پاک بھارت کشیدگی کے پیش نظر خطے میں دیرپا امن کے لئے آج پیر کو ایرانی وزیر خارجہ پاکستان (بقیہ نمبر 12 صفحہ نمبر 03 پر)

صحافت صرف پیشہ نہیں مقدس فریضہ ہے، زمرک اچکزئی

ان کی یہ قربانیاں معاشرے میں شفافیت، احتساب اور آگاہی کے فروغ میں مرکزی حیثیت رکھتی ہیں

صحافی اپنی جانوں کو خطرے میں ڈال کر عوام تک سچائی پہنچاتے ہیں، پارلیمانی لیڈر اے این پی

میزئی اڈہ (نامہ نگار) عوامی نیشنل پارٹی کے پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی نے عالمی یوم صحافت کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ آزاد اور ذمہ دار صحافت جمہوری معاشروں کی بنیاد ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحافی اپنی جانوں کو خطرے میں ڈال کر عوام تک سچائی پہنچاتے (بقیہ نمبر 13 صفحہ نمبر 03 پر)

پاکستان میں سیٹلائٹ انٹرنیٹ سروسز کے آغاز کی تیاریاں عروج پر

آئی ٹی، تعلیم، صنعت و تجارت سمیت مختلف شعبوں کو جدید خطوط پر استوار کرنے میں مددگار ہونگی

سیٹلائٹ انٹرنیٹ کے ذریعے مالیاتی شمولیت، ڈیجیٹلائزیشن اور ڈیٹا سیکیورٹی کے قومی اہداف حاصل کیے جا سکتے ہیں، پاشا

کراچی (این این آئی) پاکستان میں سیٹلائٹ انٹرنیٹ سروسز کے آغاز کی تیاریاں عروج پر ہیں، جہاں دنیا کی معروف کمپنیوں نے اپنی دلچسپی کا اظہار کیا ہے۔ ایلون مسک کی کمپنی "اسٹارلنک" "اس دوڑ میں سب سے آگے سمجھی جا رہی ہے۔ یہ پیش رفت ملک میں ڈیجیٹل انقلا (بقیہ نمبر 20 صفحہ نمبر 03 پر)

پاک بھارت صورتحال بگڑی تو دشمن کے دانت کھٹے ہوں گے، عبدالعلیم خان

پاک فوج کو خداداد صلاحیتوں سے بھارت پر نفسیاتی برتری ہے قوم دشمن کیخلاف یکجاء ہو چکی ہے، صدر استحکام پاکستان پارٹی

لاہور (جی این ایم) وفاقی وزیر و صدر استحکام پاکستان پارٹی عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ پاک فوج ارض وطن کی حفاظت کیلئے ہمیشہ تیار ہے، پاک بھارت صورتحال بگڑی تو (بقیہ نمبر 14 صفحہ نمبر 03 پر)

انتھونی البانیز دوسری مدت کے لیے آسٹریلوی وزیرِ اعظم منتخب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے آسٹریلیا کے وزیر اعظم انتھونی البانیز کو دوبارہ منتخب ہونے پر مبارکبا (بقیہ نمبر 15 صفحہ نمبر 03 پر)

صحافت کسی بھی مہذب معاشرے کی آنکھ اور زبان ہوتی ہے، محمد خان لہڑی

پاکستان کی صحافت نے ہمیشہ مشکل حالات میں اپنے فرائض انجام دیئے، وزیر ایکسائز

سبی (اے این این) صوبائی وزیر ایکسائز، ٹیکسیشن اینڈ انٹی نارکوٹیکس بلوچستان و پاکستان مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما میر محمد خان لہڑی نے یوم صحافت کے موقع پر اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ صوبائی حکومت آزادی صحافت پر مکمل یقین رکھتے ہوئے ذمہ دار میڈیا کو جمہو (بقیہ نمبر 17 صفحہ نمبر 03 پر)

بھارتی پرچم بردار جہازوں کی پاکستانی بندرگاہوں پر داخلے پر پابندی عائد

کراچی (این این آئی) پاکستان نے ہمسایہ ملک بھارت کے ساتھ حالیہ سمندری کشیدگی کے تناظر میں اہم فیصلہ کرتے ہوئے بھارتی پرچم بردار جہازوں پر پاکستانی بند (بقیہ نمبر 16 صفحہ نمبر 03 پر)



وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر میاں نواز شریف سے بات چیت کر رہے ہیں

وزیر داخلہ محسن نقوی مسقط پہنچ گئے، سیکریٹری داخلہ سے ملاقات

عمان کے ساتھ انسداد منشیات اور انسداد انسانی اسمگلنگ میں تعاون بڑھانا چاہتے ہیں، وزیر داخلہ

مسقط (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی عمان کے ایک روزہ سرکاری دورے پر مسقط پہنچ گئے۔ مسقط ایئرپورٹ پر وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا پرتپاک استقبال (بقیہ نمبر 23 صفحہ نمبر 03 پر)

جیکب آباد میں مختلف حادثات و واقعات میں ایک شخص جاں بحق، 15 افراد زخمی

جیکب آباد (اے این این) جیکب آباد میں مختلف حادثات و واقعات میں ایک شخص جاں بحق، 15 افراد زخمی۔ تفصیلات (بقیہ نمبر 22 صفحہ نمبر 03 پر)

بھارت کا پاکستان کی بین الاقوامی تجارت پر خطرناک وار

تیسرے ملکوں کے پرچم بردار بحری جہازوں کو بھی بھارتی بندرگاہ پر لنگر انداز ہونے سے روک دیا

نئی دہلی (این این آئی) بھارت نے پاکستان کی بین الاقوامی تجارت پر وار کیا اور پاکستانی کنٹینرز لے کر بھارتی بندرگاہ پر لنگر انداز ہونے والے تیسرے ملکوں کے (بقیہ نمبر 24 صفحہ نمبر 03 پر)

ہرنائی، شاہرگ کوئلہ کان میں مٹی کا تودہ گرنے سے ایک کانکن جاں بحق، تین زخمی

ہرنائی (یو این اے) شاہرگ کے علاقے میں پی ایم ڈی سی کول مائنز ایریا میں مٹی کا تودہ گرنے کے نتیجے میں ایک کانکن جاں بحق اور تین زخمی ہوگئے۔ حادثہ کے فوراً بعد نزد (بقیہ نمبر 25 صفحہ نمبر 03 پر)

مودی اور عمران خان نے آئی ایم ایف میں پاکستان کے قرضے رکوانے کی کوشش کی، خرم دستگیر

پہلگام فالس فلیگ آپریشن پر پی ٹی آئی نے پاک فوج کی مکمل حمایت کا پیغام دیا ہے، رؤف حسن

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیر دفاع خرم دستگیر نے کہا ہے کہ مودی اور عمران خان نے پاکستان کو عالمی سطح پر تنہا کرنے کی کوشش کی، جنوبی ایشیا میں بھارت کی جارحانہ پالیسی نے پورے خطے کو ناراض کیا ہے جبکہ رؤف حسن نے بھارت کی جانب سے پاکستان (بقیہ نمبر 27 صفحہ نمبر 03 پر)

گڈانی، سمندر میں باپ بیٹا ڈوب کر جاں بحق

گڈانی (یو این اے) گڈانی کے ساحل سمندر پر ایک افسوس ناک واقعہ پیش آیا جہاں کمسن بچہ سمندر میں گر گیا، جسے بچانے (بقیہ نمبر 26 صفحہ نمبر 03 پر)

وزیراعظم اور عسکری قیادت اے پی سی میں تمام سیاسی قیادت کو بلائیں، شبلی فراز

تمام جماعتوں کی کانفرنس ہو جہاں پارٹی سربراہوں کو معاملے پر بریف کیا جائے، نجی ٹی وی سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی کے رہنما اور سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ وزیراعظم اور عسکری قیادت اے پی سی میں تمام سیاسی قیادت کو بلائیں۔ سینیٹر شبلی فراز نے بھارت کے معاملے پر سیاسی جماعتوں کو بریفنگ پر اسلام آباد میں نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے (بقیہ نمبر 18 صفحہ نمبر 03 پر)

صدر مملکت نے قومی اسمبلی کا اجلاس (آج) طلب کر لیا

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے قومی اسمبلی کا اجلاس (آج) 5 مئی کو طلب کر لیا۔ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کے مطابق صدر مملکت نے قومی اسمبلی (بقیہ نمبر 19 صفحہ نمبر 03 پر)

بانی پی ٹی آئی اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی سزا معطلی کی درخواست سماعت کیلئے مقرر

اسلام آباد ہائیکورٹ کا ڈویژن بینچ 8 مئی کو سماعت کریگا، قائم مقام چیف جسٹس سرفراز ڈوگر اور جسٹس محمد آصف شامل

اسلام آباد (آن لائن) اسلام آباد ہائی کورٹ میں عمران خان اور بشریٰ بی بی کی سزا معطلی کی درخواست سماعت رواں ہفتے 8 مئی کو ہوگی۔ 190 ملین پاؤنڈز کیس میں اسلام (بقیہ نمبر 28 صفحہ نمبر 03 پر)

گوادر پورٹ سے حاصل آمدنی میں بلوچستان کا کوئی حصہ نہیں، انتظامیہ کا حکومت بلوچستان کو مراسلہ

حالانکہ یہ بندرگاہ بلوچستان کے ساحلی شہر گوادر میں واقع ہے اور اس کی اقتصادی اہمیت بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ ہے، اسمبلی اجلاس کے دوران پیش کیے گئے خط میں انکشاف

گوادر پورٹ سے حاصل آمدنی میں بلوچستان کا کوئی حصہ نہیں، انتظامیہ کا حکومت بلوچستان کو مراسلہ، وزیر اعلیٰ نے معاملہ وفاقی حکومت کے سامنے اٹھانے کی یقین دہانی کرا دی

گوادر (آن لائن) گوادر گوادر پورٹ اتھارٹی (جی پی اے) نے بلوچستان حکومت کو آگاہ کیا ہے کہ صوبے کو گوادر بندرگاہ سے حاصل ہونے والی آمدنی میں کوئی حصہ نہیں دیا جاتا، حالانکہ یہ بندرگاہ بلوچستان کے ساحلی شہر گوادر میں واقع ہے اور اس کی اقتصادی اہمیت بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ ہے۔ یہ انکشاف بلوچستان اسمبلی کے ایک اجلاس کے دوران پیش کیے گئے خط میں کیا گیا، جس میں بتایا گیا کہ بندرگاہ کا انتظام (بقیہ نمبر 45 صفحہ نمبر 03 پر)

آزادی صحافت صرف نام کی حد تک رہ گئی ہے، پشتونخوا میپ

آزادی صحافت کے عالمی دن پر صحافیوں کا اپنے حقوق کے لیے احتجاج اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ نہ ہی صحافت آزاد ہے

اخباری صنعت کو تباہی سے مزید دوچار کرنے کے لیے سرکاری اشتہارات BPPRA کو منتقل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے، فیصل کاکڑ

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کے اطلاعات سیکرٹری فیصل کاکڑ نے کہا ہے کہ آزادی صحافت صرف نام کی حد تک رہ گئی ہے، آزادی صحافت کے عالمی دن پر صحافیوں کا اپنے حقوق کے لیے احتجاج اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ نہ ہی صحافت آزاد ہے اور نہ ہی اس ملک میں آزادی رائے کا حق کسی کو حاصل ہے۔ ملکی آئین کی پائمالی کرتے ہوئے فارم 47 کی حکومت کی جانب سے آزادی رائے پر قد (بقیہ نمبر 32 صفحہ نمبر 03 پر)

آزاد کشمیر کو وار کونسل میں ڈکلیئر کریں، بھارت کے ساتھ شملہ معاہدہ ختم کر دینا چاہیے، مشعال ملک

پہلگام حملے کا بھانڈا پھوٹنے کے بعد ملبہ کشمیریوں پر پھینکا جا رہا ہے، بیان جاری

اسلام آباد (آن لائن) آزادی کشمیر کے اہم رہنما یاسین ملک کی اہلیہ مشعال ملک نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر کو وار کونسل میں ڈکلیئر کر دینا چاہیے، فالس فلیگ آپریشن کے بعد ہند (بقیہ نمبر 29 صفحہ نمبر 03 پر)

ترک بحری جہاز TCG BYKADA خیر سگالی دورے پر کراچی پہنچ گیا، پرتپاک استقبال

ترک بحری جہاز کی آمد پاک ترک لازوال دوستی اور بھائی چارے کی علامت ہے، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (آن لائن) ترک بحری جہاز TCG BYKADA خیر سگالی دورے پر کراچی پہنچ گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق کراچی بندرگاہ پر TCG BYKADA (بقیہ نمبر 30 صفحہ نمبر 03 پر)

نیشنل پارٹی نے ہمیشہ بردباری اور اصولوں کی سیاست کی ہے، میر رحمت صالح بلوچ

اسد بلوچ کی بدکلامی ناقابل برداشت، زبان لگام میں نہ آئی تو لگام دینا جانتے ہیں

کوئٹہ (اے این این) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنماء اور بلوچستان اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر میر رحمت صالح بلوچ نے اسد بلوچ کی جانب سے پارٹی قائد ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ سے بدزبانی اور زبان درازی کو سیاسی بدتمیزی قرار دیتے ہوئے سخت ترین الفاظ میں (بقیہ نمبر 33 صفحہ نمبر 03 پر)

بلوچستان میں گاڑیوں کے اسمارٹ کارڈ کا اجرا، پرانی وہیکل بکس ختم، فیس 2500 روپے مقرر

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان کے محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن نے صوبے کی گاڑیوں کیلئے اسمارٹ کارڈ کے اجرا کا حتمی (بقیہ نمبر 31 صفحہ نمبر 03 پر)

قلات، نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کا لیویز تھانہ پر ہینڈ گرنیڈ حملہ

قلات (اے این این) قلات میں نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے لیویز تھانہ کے چوکی پر دستی بم پھینک دیا جس سے زوردار دھماکہ ہوا تاہم دھماکہ سے کسی جانی یا مالی نقصان کی اطلاع نہیں ملی پولیس کے مطابق ہفتہ اور اتو (بقیہ نمبر 43 صفحہ نمبر 03 پر)

بھوک اور پیاس سے غزہ والے دم توڑنے لگے، 57 فلسطینی جاں بحق

جاں بحق افراد میں بچوں کے ساتھ ساتھ بیمار اور بوڑھے بھی شامل ہیں، فلسطینی حکام

غزہ (این این آئی) بھوک اور پیاس سے غزہ والے دم توڑنے لگے ہیں، 57 فلسطینی جاں بحق ہو گئے۔ عرب ٹی وی کے مطابق بین الاقوامی برادری غزہ میں امداد بحال (بقیہ نمبر 44 صفحہ نمبر 03 پر)





پاکستان اور بھارت کی سرحد واہگہ میں روزانہ کی اختتامی تقریب کے دوران پاکستانی رینجرز کے سپاہی مارچ کر رہے ہیں

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے پاکستان میں تعینات انڈونیشیا کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

چمن پرلت کے جائز مطالبات کے حق سے انکار لاکھوں افراد کا معاشی قتل عام ہے، اے این پی

6 مئی کو صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں پشتون قوم پرست جماعتوں کے زیر اہتمام منعقد جلسہ عام دور رس اثرات کا حامل رہیگا

6 مئی کو کوئٹہ میں پشتون قوم پرست جماعتوں کے زیر اہتمام احتجاجی ریلی اور جلسہ عام انتہائی اہمیت کا حامل رہیگا، مابت کاکا

کوئٹہ (پ ر) عوامی نیشنل پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ 6 مئی کو صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں پشتون قوم پرست جماعتوں کے زیر اہتمام منعقد جلسہ عام دور رس اثرات کا حامل رہیگا افغان کڈوال کیساتھ روا روا رکھا جانیوالا معاندانہ طرز عمل انسانیت سوز رویوں پشتون بلوچ وطن کے وسائل کی لوٹ مار مسلط کردہ دہشت گردی کمسن طالب علم مصور کاکڑ کی عدم بازیابی چمن پرلت کے جائز مطالبات کے حق سے انکار لاکھوں افراد کی معاشی قتل عام ہے اور یہ سلسلہ گزشتہ 78 سالوں سے جاری ہے اس کے خلاف بھرپور آواز اٹھایا جائیگا ان خیالات کا اظہار عوامی نیشنل پارٹی کے (بقیہ نمبر 34 صفحہ نمبر 03 پر)

خضدار، تیز رفتار کوچ کی ٹکر سے ایک شخص جاں بحق، ڈرائیور موقع سے فرار

خضدار (یو این اے) تیز رفتار کوچ کی ٹکر سے ایک شخص جانبحق۔ تفصیلات کے مطابق اتوار کے روز جھلاوان میڈیکل کالج کے سامنے کوچ کی ٹکر سے ایک شخص جانبحق ہوگیا ھے۔ کوچ ڈرائیور فرار کوچ گاڑی کو پولیس نے (بقیہ نمبر 42 صفحہ نمبر 03 پر)

خضدار، کرخ کے واٹر چینل میں ڈوب کر کمسن بچہ جاں بحق، علاقہ غمزدہ

خضدار (یو این اے) خضدار کے تحصیل کرخ میں افسوسناک واقعہ کلی چھٹہ میں سرمستانی قبیلہ سے تعلق رکھنے والا کمسن بچہ واٹر چینل میں ڈوب کر جاں بحق ہوگیا گرمیوں کا سیزن چل رہا سارا دن چھوٹے چھوٹے بچے ندیوں واٹر چینلز میں نہاتے نظر آرہی ہیں۔ تمام والدین اپنی (بقیہ نمبر 40 صفحہ نمبر 03 پر)

مسلم لیگ ن ورکرز پارٹی کی ریڑھ کی ہڈی ہے، سردار محمد یوسف

پوری قوم ملک کی سالمیت کے لیے متحد ہے اور پاک فوج کے ساتھ مضبوطی سے کھڑی ہے

ایبٹ آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے مذہبی امور اور بین المذاہب ہم آہنگی سردار محمد یوسف نے پارٹی کے اپنے کارکنوں کے وقار کو برقرار رکھنے کے عزم کا اعا (بقیہ نمبر 36 صفحہ نمبر 03 پر)

جھل مگسی، ویگن کی چھت سے گر کر مسافر جاں بحق، متوفی نوشہرہ کا رہائشی تھا

جھل مگسی (یو این اے) جھل مگسی میں ایک افسوسناک واقعہ پیش آیا، جہاں ایک مسافر ویگن کی چھت سے گر کر جاں بحق ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق، جیو مگسی ویگن (بقیہ نمبر 35 صفحہ نمبر 03 پر)

پاکستان کے پاس دفاع کیلئے ایک مرد مومن بھی ہے جس کا نام سید عاصم منیر ہے، رانا ثنا اللہ

وزیراعظم پاکستان نے کہا ہے، ہم ہر طرح تیار ہیں جیسے مرضی تحقیقات کروائیں، مشیر وزیراعظم

لاہور (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ پاکستان کے پاس دفاع کے لئے ایک مرد مومن بھی ہے جس کا نام سید عاصم منیر ہے (بقیہ نمبر 38 صفحہ نمبر 03 پر)

بلوچستان کے عوام کو تیسرے درجے کا شہری سمجھنا ظلم و زیادتی ہے، مولانا ہدایت الرحمان

قبضہ مافیا کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے، جماعت اسلامی عوامی حقوق کیلئے پرامن تحریک چلا رہی ہے، امیر جماعت اسلامی

مسلم باغ (پ ر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے عوام کو تیسرے درجے کا شہری سمجھنا پاکستانیت پر شک کر (بقیہ نمبر 41 صفحہ نمبر 03 پر)

15 مئی کو کوئٹہ شہر میں تاریخی ملین مارچ ہوگا، جمعیت

فلسطینیوں سے اظہار یکجہتی اور یورپ ممالک کی فلسطین دشمن پالیسیوں کے خلاف ریفرنڈم ثابت ہوگا، سیکرٹری جنرل مولانا عبدالغفور حیدری

اسلامی ممالک اٹھ کھڑے ہو اور فلسطینیوں کا ساتھ دیں تاکہ فلسطین میں عالمی دہشت گرد اسرائیل کی غنڈہ گردی ختم ہو جائے، مولانا واسع، ملک سکندر

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی وصوبائی رہنماؤں نے کہا ہے کہ 15 مئی کو کوئٹہ شہر میں تاریخی ملین مارچ ہوگا جو فلسطینیوں سے اظہار یکجہتی اور یورپ ممالک کی فلسطین دشمن پالیسیوں کے خلاف ریفرنڈم ثابت ہوگا کارکن اس کانفرنس کو کامیاب بنانے کیلئے بھرپور تیاری کریں یہ بات جمعیت علماء اسلام کے مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا عبدالغفور حیدری، صوبائی امیر مولانا عبدالواسع، مرکزی جوائنٹ سیکر (بقیہ نمبر 37 صفحہ نمبر 03 پر)



ہنگلاج، سینیٹر دھنیش کمار اور ڈپٹی کمشنر جمیر ابلوچ ایس ایس پی عاطف امیر ہنگلاج شوامنڈلی کمیٹی اراکین سے ملاقات کر رہے ہیں

بھارت کو پتا ہے اگر کچھ کرے گا تو منہ توڑ جواب ملے گا، خواجہ آصف

پاکستان نے پہلگام واقعے پر تحقیقات کی پیشکش کی، پاکستان اگر پیش کش نہ کرتا تو دنیا سے جارحانہ بیانات آسکتے تھے، انٹرویو

پاکستان کی تحقیقات کی پیش کش پر 4 سے 5 ممالک کمیشن بنالیں اور رپورٹ پیش کریں، خواجہ آصف

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر دفاع خواجہ آصف کا کہنا ہے کہ بھارت کی جانب سے ابھی خطرہ کم نہیں ہوا، دنیا کے اہم ممالک کی کوشش ہے کہ پاک بھارت تنازع نہ بڑھے۔ ایک انٹرویو میں خواجہ آصف نے کہا کہ بھارت کو پتا ہے کہ اگر کچھ کرے گا تو منہ توڑ جواب ملے گا، پاکستان نے پہلگام واقعے پر تحقیقات کی پیشکش کی، پاکستان اگر پیش کش نہ کرتا تو دنیا سے جارحانہ بیانات آسکتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی تحقیقات (بقیہ نمبر 10 صفحہ نمبر 03 پر)

"تصویر زمانہ ہیں' بے رنگ فسانہ ہیں؛ پیشہ ہی کچھ ایسا ہیں' ہر اک کا نشانہ ہیں"

Daily QOUMi JIRGA Quetta
روزنامہ قومی جرگہ کوئٹہ

qoumijirga777@gmail.com

روزنامہ قومی جرگہ کوئٹہ
الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپوا
طوغی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔

پیر 07 ذیقعد، 05 مئی 2025ء

ایڈیٹوریل

بھارتی جنگی جنون اور ایٹمی پاکستان

برصغیر میں باہر سے آنے والی قوتوں نے ایک لمبا عرصہ یہاں حکمرانی کی ہے۔ مختلف ادوار میں یہاں کے عوام مسلط حکومتوں کو گرا کر اپنے باسیوں کی حکومت کے قیام کی خواہش کا اظہار کرتے رہے۔ سوری، مغل، تغلق اور رنجیت سنگھ کی حکومتیں یہاں قائم رہیں جبکہ آخر میں برطانوی سامراج، جس کا پوری دنیا میں طوطی بولتا تھا نے بھی ظلم وستم کے ذریعے لمبا عرصہ اپنا اقتدار برقرار رکھا۔ دوسری جنگ عظیم کے بعد برطانوی حکمران کمزور ہوئے تو برصغیر میں بھی ان کے خلاف آزادی کی تحریک شروع ہوئی۔ برطانوی حکومت نے آزادی برصغیر کی طرف پیش قدمی کرتے ہوئے خلفشار کو ختم کرنے کے لیے آمادگی کا اظہار کر دیا۔ اسی طرح ہندوؤں کے متعصّبانہ اقدامات کی وجہ سے مسلمانوں کو اپنا وجود اور مذہب خطرے میں محسوس ہوا تو ان کے اندر بھی 'لا الہ الا اللہ' کی بنیاد پر ایک خودمختار مسلم مملکت کا جذبہ امڈ آیا تو پاکستان 1947ء میں معرض وجود میں آ گیا۔ اس کے سرحدی اور نظریاتی خطوط بھی واضح کر دیے گئے۔ یہ اسلام کے نام اور نظریات پر مشتمل نئی مملکت ہے، جس کے سرحدی تحفظ کی ذمہ داری افواج پر عائد ہوتی ہے۔ جبکہ نظریاتی سرحدوں کی ذمہ داری دینی طبقے کی ہے۔ اس ذمہ داری کو پورا کرنے کے لئے 21 تا 24 جنوری 1951ء چار روزہ اجلاس میں سنی شیعہ اہل حدیث دیوبندی مکاتب فکر کے 31 علماء نے 22 نکات پر اتفاق کر کے اسلامی مملکت کے خدوخال پیش کر دیے۔ مگر ایک مملکت جو اسلام کے نام پر بنی سامراجی سازش کے تحت مختلف فرقوں میں تقسیم ہو گئی۔ خاص طور پر مارشل لاء حکومتوں کے دوران ہر مسلک نے مشترکہ میراث اسلام کی بجائے اپنے اپنے فرقے کا نقطہ نظر نمایاں کرنا شروع کر دیا اور نئی تشریحات میں اپنے علاوہ کسی کو مسلمان سمجھنے سے گریزاں ہونے لگے۔ جس کی وجہ سے معاشرے میں فرقہ واریت اور نفرت نے جگہ بنانا شروع کر دی۔ میری توجہ اس پر نہیں کہ مشرقی پاکستان الگ ہو کر بنگلہ دیش کیوں بن گیا اور باقی ماندہ ملک انتشار کی آماجگاہ کیوں بن گیا۔ مجھے ان دنوں کے حالات کی طرف زیادہ توجہ دینے کی ضرورت محسوس ہو رہی ہے کیونکہ افواج پاکستان اپنی ذمہ داری سے اپنے نوجوانوں کی شہادتوں کی صورت میں پیش کر رہی ہیں۔ ہمارا ازلی دشمن بھارت ہماری سرحدوں کو پامال کرنے کی تیاری کر رہا ہے۔ الحمدللہ! افواج پاکستان ہر قسم کی بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کی صلاحیت رکھتی اور آمادہ ہیں۔ یہ بھی ایک خوشگوار حقیقت ہے کہ جب بھی ملکی سلامتی پر کوئی مشکل آن پڑی تو مختلف فرقوں اور برادریوں میں تقسیم قوم ہندو سامراج کے خلاف یکجا ہوئی اور سیسہ پلائی دیوار بن گئی۔ آج ہم دیکھتے ہیں کہ تمام مکاتب فکر کے علماء، دانشور، صحافی، تاجر، صنعتکار اور سیاستدان یکسوئی کے ساتھ افواج پاکستان کی پشت پر کھڑے ہیں۔ جب بھی کبھی ہندوستان نے پاکستان کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی تو عوام نے جذبہ حب الوطنی سے سرشار ہو کر اپنی فوج کے شانہ بشانہ جنگ میں حصہ لیا۔ مجھے وہ جو وقت یاد ہے کہ جب 1965ء کی جنگ شروع ہوئی تو پاکستانی عوام خصوصاً زندہ دلان لاہور نے فوج کا بھرپور ساتھ دیا۔ ان دنوں میں نے عملی طور پر لاہور میں تنظیم شہری دفاع کے پلیٹ فارم سے اپنی استطاعت کے مطابق کردار ادا کیا۔ گارڈن اور ماڈل ٹاؤن کا علاقہ میری ذمہ داری میں تھا۔ ہم نے جنگ میں L اور W شکل کی خندقیں بنائیں تاکہ کسی فضائی حملے کی صورت میں شہری محفوظ پناہ گاہ حاصل کر سکیں۔ میں پہلے وارڈن، پھر ہیڈ وارڈن اور ڈویژنل ہیڈ وارڈن میاں اسحاق نرسری والے کے ساتھ ڈپٹی ڈویژنل ہیڈ وارڈن بھی مقرر ہوا۔ اس دوران بھارتی جہازوں نے کی گولہ باری کی تو کلمہ چوک کے پاس بڑا گولہ بھی گرایا گیا، جبکہ کوٹ لکھپت ریلوے اسٹیشن کو بھی نشانہ بنایا گیا لیکن سول ڈیفنس کے جوانوں نے جواں مردی کے ساتھ عوام کو ذہنی طور پر خوفزدہ ہونے سے بچایا اور قومی تحفظ میں اپنا حصہ ڈالتے رہے۔ اسی طرح افواج پاکستان کے جوان جہاں بارڈر پر جنگ لڑتے تھے تو لاہور کے جوان گوداموں سے اسلحہ نکال کر آرمی کے ٹرکوں میں لوڈ کر کے فوج کے مددگار بنتے رہے۔ ہندوستانی فوج نے شکرگڑھ کے علاقے میں آگے بڑھنے کی کوشش کی تو بارڈر کے دونوں اطراف بڑی جنگ ہوئی۔ اس میں ہمارے فوجی جوانوں نے بھارتی ٹینکوں اور حملے کو روکا۔ پھر قصور کی طرف دریائے ستلج کے کنارے ہندوستان کا بڑا رقبہ جو کہ کھیم کرن تک پھیلا ہوا تھا پاکستان نے اپنے قبضے میں لے لیا۔ ظاہر ہے جنگوں میں تباہی ہوتی ہے اور وہ ہم نے اپنی آنکھوں سے دیکھی بھی۔ لیکن ہم خود قوم کو کتنا بچا سکتے ہیں مدنظر رہنا چاہیے۔ مجھے خوشی ہوئی کہ وزیر داخلہ محسن نقوی سول ڈیفنس کے مرکز میں انتظامیہ کو کچھ احکامات جاری کرتے ہوئے ٹی وی پر دکھائی دیے۔ اس واقعہ کو دیکھ کر 82 سال کا بزرگ منیر حسین گیلانی، دفاع وطن کے لیے آج بھی اسی جذبہ کے ساتھ تیار ہے۔ میں کوئی بڑی بات نہ کہتے ہوئے عاجزی سے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اپنی عمر اور بڑھاپے کی صورت میں ہمہ وقت تیار آمادہ ہوں۔ میں شکر گزار ہوں تمام مکاتب فکر کے علماء اور سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں کا کہ وہ ہندوستان کی دہشت گردی کا مقابلہ کرنے کے لیے آمادہ اور یکسو ہیں اور قوم میں جذبہ حب الوطنی پیدا کر رہے ہیں۔ ہم سمجھتے ہیں کہ مقبوضہ کشمیر کے علاقے پہلگام میں دہشت گردی کے واقعہ کو بنیاد بنا کر گجرات کے قصائی نریندر مودی اپنی بری خصلت سے باز نہیں آ رہا، حالانکہ اب تک ہندوستان کوئی بھی ثبوت پاکستان کے خلاف پیش نہیں کر سکا جبکہ دوسری طرف ایران اور سعودی عرب نے دونوں ممالک کے درمیان ثالثی کروانے کی پیش کش بھی کی ہے۔ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے بھی اچھے جذبات کا اظہار کیا ہے لیکن سب سے بڑی بات چین کی طرف سے دوستی کے عزم کا اظہار ہے

محمد طہٰ جمالی کی طالب علمی سے اسسٹنٹ کمشنر کا سفر

تحریر: صحافی نور حسن جمالی

ضلع جعفرآباد کے ایک گاؤں سے تعلق رکھنے والے جناب محمد طہٰ جمالی ولد ڈاکٹر برکت علی جمالی نے بلوچستان پبلک سروس کمیشن کے امتحان میں شاندار کامیابی حاصل کی۔ جناب محمد طہٰ جمالی ڈاکٹر برکت علی جمالی سابقہ ڈائریکٹر صحت بلوچستان کے بیٹے، مرحوم وڈیرہ غلام حسین جمالی کے پوتے اور مرحوم وڈیرہ بلاول خان جمالی کے پڑپوتے ہیں۔ ان کا تعلق ایک گاؤں گوٹھ ڈیرہ بلاول خان جمالی ضلع جعفرآباد سے ہے۔ انھوں نے اپنی ابتدائی تعلیم تعمیر نو پبلک سکول کوئٹہ سے حاصل کی۔ ڈاکٹر برکت جمالی سابقہ ڈائریکٹر صحت بلوچستان جو ایک متوسط خاندان سے تعلق رکھتے ہیں۔ جناب محمد طہٰ جمالی نے اپنی بنیادی تعلیم تعمیر نو پبلک سکول کوئٹہ سے کیا۔ گریجویشن کی ڈگری بلوچستان یونیورسٹی سے حاصل کی۔ ان کی کامیابی انتہائی محنت، لگن، استادوں کی محنت اور والدین کی دعاؤں کا نتیجہ ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کے علم و کردار میں مزید اضافہ فرمائے۔ بیشک اللہ تعالیٰ محنت کا صلہ عطا فرماتا ہے۔

☆☆☆☆☆

سی ای او ایجوکیشن خوشاب ڈاکٹر محمد قیوم خان کی کارکردگی صوبائی لیول پر مثالی قرار

خصوصی رپورٹ: راجہ نورالٰہی عاطف

ڈاکٹر محمد قیوم خان کی قائدانہ صلاحیتوں اور تعلیمی خدمات کو صوبائی سطح پر شاندار الفاظ میں سراہا گیا۔ ضلع خوشاب میں تعلیمی بہتری، سرکاری سکولوں میں سولر سسٹم کی تنصیب اور نصابی و ہم نصابی سرگرمیوں کے فروغ کے حوالے سے ان کی کارکردگی کو مثالی قرار دیا گیا۔ ان کی شاندار کارکردگی کو سراہتے ہوئے ان کی شاندار الفاظ میں خوب پذیرائی کی اور سیکرٹری تعلیم کو حکم دیا کہ ترکی جانے والے وفد میں سی ای او ایجوکیشن خوشاب ڈاکٹر محمد قیوم خان کو بھی شامل کیا جائے۔ یاد رہے کہ محکمہ تعلیم پنجاب کے سرمایہ افتخار جناب ڈاکٹر محمد قیوم خان نے چند ماہ قبل محکمہ کے درجنوں سرکاری سکولوں میں سولر سسٹم منتقل ہو چکا ہے۔ جس کا کریڈٹ بلاشبہ سی ای او ایجوکیشن خوشاب کو جاتا ہے۔ اسی طرح ان سرکاری تعلیمی اداروں میں نصابی اور ہم نصابی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے حوالے سے بھی جناب ڈاکٹر محمد قیوم خان نے قابل تقلید شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔ ڈاکٹر محمد آج طلباء، اساتذہ کرام، اور تعلیمی عملہ ہر شخص فخر محسوس کر رہا ہے۔ یہ اعزاز ایک ایسے طرزِ عمل کا اعتراف ہے جو بصیرت، اخلاص، اور قومی ذمہ داری کے احساس سے مزین ہے۔ یہ تمام تعلیمی منتظمین اور کارکنان کے لیے ایک مثبت مثال ہے کہ خلوص نیت، مسلسل جدوجہد، اور فکری بلوغت دھون، مہر شکیل، احمد اور صاحب خان سمیت دیگر عوامی، سماجی اور تعلیمی حلقوں نے محکمہ تعلیم ضلع خوشاب کی آن، بان شان، جناب ڈاکٹر محمد قیوم خان اور ان کی پوری ٹیم کو دلی مبارکباد دیتے ہوئے ان کی مزید شاندار کامیابیوں کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے۔

محمد حنیف جکھرانی وائیس چیئرمین انٹرنیشنل ہیومن رائٹس موومنٹ لاڑکانہ ڈویژن منتخب

جیکب آباد (بیورو چیف انیس جکھرانی) محمد حنیف جکھرانی وائیس چیئرمین انٹرنیشنل ہیومن رائٹس موومنٹ لاڑکانہ ڈویژن منتخب۔ محمد حنیف جکھرانی کو ان کی بے لوث صحافتی، سماجی و تعلیمی خدمات، خصوصاً



سیلاب اور ہنگامی صورتحال میں بلاامتیاز رنگ، نسل و مذہب غریب و مستحق افراد کی مدد کے اعتراف میں انٹرنیشنل ہیومن راء؟ٹس موومنٹ لاڑکانہ ڈویژن کا وائیس چیئرمین مقرر کیا گیا ہے جو پوری دنیا میں 162 ممالک میں انسانی حقوق کے لئے کام کر رہی ہے۔ یہ تقرری ان کی انسانیت دوستی، خدمتِ خلق اور سماجی بہبود کے لیے انتھک محنت کا اعتراف ہے۔ یے جیکب آباد ضلع کے لئے فخر کی بات ہے، محمد حنیف جکھرانی پہلے بھی انسانی، سماجی، تعلیمی اور صحافتی خدمات بطور صدر ٹیم سرعام جیکب آباد، ممبر شہری اتحاد جیکب آباد، ایمبیسیڈر ٹورشیا سندھ ایجوکیشن اور پریس سیکرٹری روحانی طلبہ جماعت جیکب آباد دے رہے ہیں۔

صحبت پور کشمور روڈ کی جلد تکمیل یقینی بنانے کیلئے اقدامات کر رہے ہیں

سلیم کھوسہ

ہماری بھرپور کوشش ہوگی اس منصوبے کی تکمیل کے بعد عوام کو سندھ اور پنجاب تک سفری سہولیات میسر آئیں گی

ہم آنے والے نئے مالی سال میں ضلع صحب پور کے لیے مزید نئی سکیمیں پیش کرنے کی بھرپور کوشش کریں گے

مانجھی پور (نامہ نگار) پاکستان مسلم لیگ ن کے پارلیمانی لیڈر و صوبائی وزیر میر سلیم خان کھوسہ نے کہا ہے کہ ضلع صحبت پور میں مفاد عامہ میں اقدامات کا سلسلہ جاری صحبت پور تو کشمور روڈ جلد بلوچستان کے حصے میں مکمل کرنے کے لے سرگرداں ہیں ہماری بھرپور کوشش ہوگی اس منصوبے کی تکمیل کے بعد عوام کو سندھ اور پنجاب تک سفری سہولیات میسر آئیں گی۔ اس سے ڈویژن سمیت بلوچستان کے عوام کو فائدہ ہوگا۔ ضلع بھر میں تعلیم، صحت، پانی اور نکاسی آب سمیت قدرتی آفات سے عوام کو بچانے کے لیے بہتر حکمت عملی کے تحت کام جاری رکھا جائے۔ میر سلیم خان کھوسہ نے کہا کہ ہم آنے والے نئے مالی سال میں ضلع صحب پور کے لیے مزید نئی سکیمیں پیش کرنے کی بھرپور کوشش کریں گے تاکہ ان سکیموں سے عوام کا معیار زندگی بہتر ہو سکے۔

زیشان علی کو ایس ایس پی صحبت پور تعینات، نوٹیفکیشن جاری

صحبت پور (رپورٹ اعجاز پیچوہا) زیشان علی کو ایس ایس پی صحبت پور تعینات کر دیا گیا نوٹیفکیشن جاری زیشان علی ایک ایماندار عوام دوست اور شریف النفس انسان کے ساتھ ساتھ اچھے اخلاق کے مالک ہیں۔ اس سے قبل وہ ایس ایس پی گیلگت، ہنزہ، گوادر، اسلام آباد، کوہلو سمیت صوبے کے مختلف علاقوں میں اپنے فرائض منصبی احسن طریقے سے سر انجام دے چکے ہیں، ان کا شمار محکمہ پولیس کے سینئر باصلاحیت تجربہ کار اور فرض شناس عوام دوست آفیسران میں ہوتا ہے ان کا شمار محکمہ پولیس کے سینئر باصلاحیت تجربہ کار اور فرض شناس عوام دوست آفیسران میں ہوتا ہے۔

تحصیل ہیڈ کوارٹر کا درجہ رکھنے والا، ہزاروں کی آبادی پر مشتمل مانجھی پور شہر

صوبائی حکومتی اداروں کی عدم توجہ کے باعث گزشتہ کئی دہائیوں سے کھیلوں کے میدان کی بنیادی سہولت سے محروم ہے

مانجھی پور (نامہ نگار) تحصیل ہیڈ کوارٹر کا درجہ رکھنے والا، ہزاروں کی آبادی پر مشتمل مانجھی پور شہر، مقامی ضلعی اور صوبائی حکومتی اداروں کی عدم توجہ کے باعث گزشتہ کئی دہائیوں سے کھیلوں کے میدان کی بنیادی سہولت سے محروم ہے۔ شہر کے نوجوان اور بچے گلی محلوں اور سڑکوں پر کرکٹ سمیت دیگر کھیلوں کی سرگرمیاں جاری رکھنے پر مجبور ہیں۔ شہر کے عوامی سماجی، اور اسپورٹس حلقوں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ مانجھی پور شہر میں جلد از جلد کرکٹ اور فٹبال گراؤنڈ فراہم کیا جائے۔ ضلع صحبت پور کی تحصیل مانجھی پور جو کہ سب سے بڑا اور اہم تجارتی مرکز ہے، اتنی بڑی آبادی کے باوجود کئی دہائیوں سے کھیلوں کے میدان سے مکمل طور پر محروم ہے۔ مانجھی پور کے شہری، سماجی، اور اسپورٹس حلقوں نے ملک وقوم کے مستقبل اور نوجوان نسل کے لیے یہاں کھیلوں کے گراؤنڈ کی عدم دستیابی پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے بلوچستان حکومت اور حلقے سے منتخب ایم پی اے سے مطالبہ کیا ہے کہ نوجوان نسل میں کھیلوں کی مثبت اور تعمیری سرگرمیوں کو فروغ دینے کے لیے فوری طور پر مانجھی پور میں کرکٹ اور فٹبال گراؤنڈ کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں۔ نوجوان نسل میں کھیلوں کی مثبت اور تعمیری سرگرمیوں کو فروغ دینے کے لیے فوری طور پر مانجھی پور میں کرکٹ اور فٹبال گراؤنڈ کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں۔

میونسپل کمیٹی کی سنگین نااہلی فائر بریگیڈ کی گاڑی راستے میں ہی ناکارہ

گزشتہ شب شہر میں پیش آنے والے ایک ہنگامی واقعے نے میونسپل کمیٹی کی نااہلی کا پردہ چاک کر دیا

صحبت پور (نامہ نگار) میونسپل کمیٹی کی سنگین نااہلی فائر بریگیڈ کی گاڑی راستے میں ہی ناکارہ، ممکنہ تباہی OGDCL کی مداخلت سے ٹلی، گزشتہ شب شہر میں پیش آنے والے ایک ہنگامی واقعے نے میونسپل کمیٹی کی نااہلی کا پردہ چاک کر دیا۔ آگ بجھانے کے لیے روانہ کی گئی میونسپل کمیٹی کی فائر بریگیڈ کی گاڑی دورانِ سفر فنی خرابی کے باعث راستے میں ہی ناکارہ ہو گئی، جس کے نتیجے میں نہ صرف قیمتی وقت ضائع ہوا بلکہ شہریوں کی جان و مال بھی سنگین خطرے سے دوچار ہو گئی۔ یہ تو محض خوش قسمتی تھی کہ OGDCL (آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ) کی جانب سے فوری طور پر ایک متبادل فائر ٹینڈر روانہ کیا گیا، جس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ممکنہ بڑے سانحے کو ٹال دیا۔ بصورتِ دیگر، صورت حال ناقابلِ تصور حد تک ابتر ہو سکتی تھی۔ یہ واقعہ میونسپل کمیٹی کی بدانتظامی، وسائل کی کمی اور غیر ذمہ دارانہ رویے کی علامت ہے، جو شہر کے باسیوں کو آئے روز خطرات میں مبتلا کر رہا ہے۔ ایک ایسے شعبے میں جہاں ہر لمحہ قیمتی ہوتا ہے، اس نوعیت کی کوتاہی ناقابلِ معافی ہے۔ شہریوں اور سماجی حلقوں کی جانب سے مطالبہ کیا جا رہا ہے کہ متعلقہ حکام فوری طور پر اس غفلت کا نوٹس لیں، ذمہ داروں کے خلاف تادیبی کارروائی کی جائے، اور فائر بریگیڈ سمیت دیگر ہنگامی سروسز کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جائے تاکہ مستقبل میں ایسی کوتاہیوں سے بچا جا سکے

فلسطینی مسلمانوں کا دفاع امت مسلمہ کا فرض ہے، مولانا کمال الدین

معینی مسلمانوں کے ساتھ ہمدردی، کہتی اور قبلہ اول کا دفاع امت مسلمہ کا فرض ہے

قائدہ جمعیت کی ہدایت پر 15 مئی 2025 کو بلوچستان میں سرزمین پر اسرائیل مردہ باد مارچ ہوگا فلسطی

پشین (پ ر) جمعیت علما اسلام ضلع پشین کے امیر مولانا کمال الدین ناظم عمومی مفتی سید محمد آغا سنئیر نائب امیر مولانا شفیع اللہ نائب امیر مولانا حبیب اللہ آغا ڈپٹی ناظم عمومی سید حنیف آغا ڈپٹی ناظم عمومی مفتی احسان اللہ مالیات مولوی عبدالصادق سیکٹری اطلاعات ملک باز محمد کاکڑ ملک علاؤالدین اچکزئی اور دیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ فلسطین میں اسرائیلی مظالم پر عالمی برادری کی خاموشی افسوسناک اور ناقابل معافی ہے۔ انہوں نے کہا کہ معینی مسلمانوں کے ساتھ ہمدردی، کہتی اور قبلہ اول کا دفاع امت مسلمہ کا فرض ہے۔ رہنماں نے اعلان کیا کہ قائدہ جمعیت کی ہدایت پر 15 مئی 2025 کو بلوچستان میں سرزمین پر اسرائیل مردہ باد مارچ ہوگا فلسطینی مسلمان ہمارے دینی، ایمانی اور انسانی بھائی ہیں

اوستہ محمد میں پی ایس ڈی پی کے تحت مکمل وزیر تعمیر واٹر سپلائی اسکیموں کا معائنہ

احسن بشیر نے معائنہ ٹیم کو اسکیموں کی موجودہ صورتحال اور پیش رفت سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی

اوستہ محمد (نامہ نگار عابد علی) اوستہ محمد میں پی ایس ڈی پی کے تحت مکمل وزیر تعمیر واٹر سپلائی اسکیموں کا معائنہ، تعمیراتی معیار اور رفتار پر اطمینان کا اظہار تفصیلات کے مطابق بلوچستان حکومت کی جانب سے پی ایس ڈی پی کے تحت مکمل اور زیر تعمیر واٹر سپلائی اسکیموں کا تفصیلی معائنہ کیا گیا۔ اس سلسلے ڈائریکٹر۔ ترقیات نصیرآباد ڈویژن حماد فارس کی سربراہی میں ڈپٹی ڈائریکٹر سبی محمد علی، ڈپٹی ڈائریکٹر وقار الملک نے اوستہ محمد میں مختلف اسکیموں کا دورہ کیا، جس کا مقصد تعمیراتی معیار، رفتار اور شفافیت کا جائزہ لینا تھا۔ ایکسین پبلک ہیلتھ انجینئر احسن بشیر نے معائنہ ٹیم کو اسکیموں کی موجودہ صورتحال اور پیش رفت سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ معائنے کے دوران ریاض ہجوانی واٹر سپلائی اسکیم، میاں داد واٹر سپلائی اسکیم، اور حق باہو کالونی واٹر سپلائی اسکیم کا باریک بینی سے جائزہ لیا گیا۔ افسران نے اسکیموں کی تعمیراتی معیار، رفتار اور شفافیت کو تسلی بخش قرار دیتے ہوئے اطمینان کا اظہار کیا۔ اس موقع پر متعلقہ انجینئرز اور کنٹریکٹرز کو ہدایات جاری کی گئیں کہ منصوبوں کو مقررہ وقت میں اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو جلد از جلد صاف اور محفوظ پانی کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے

گاؤں محمد پور اوڈھو میں سولر پلیٹس اور پنکھے تقسیم کرنے کی تقریب کا انعقاد

آج کی تقریب میں یوسی محمد پور اوڈھو کے غریب اور مستحق افراد میں 350 سولر پلیٹیں پنکھے تقسیم کیئے گئے



جیکب آباد (رپورٹ انیس جکھرانی) گاؤں محمد پور اوڈھو میں سولر پلیٹس اور پنکھے تقسیم کرنے کی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ یوسی محمد پور اوڈھو کے چیئرمین سردار علی احمد خان اوڈھو نے سولر پلیٹیں اور پنکھے تقسیم کیئے۔ تفصیلات کے مطابق دوداپور کے قریب محمد پور اوڈھو میں یوسی چیئرمین سردار علی احمد خان اوڈھو کی جانب سے محمد پور یونین کونسل کے غریبوں میں سولر پلیٹیں اور پنکھے تقسیم کرنے کی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کی قیادت سید محمد شاہ کر رہے تھے، جس میں گاؤں فیض آباد جکھرانی کے اکرم خان جکھرانی، گاؤں صوفی غلام مصطفیٰ جکھرانی کے عبدالقیوم جکھرانی، گاؤں رحمت آباد کے بلوچ خان چاچڑ، گاؤں علی شیر خان جکھرانی کے حاجی دین محمد جکھرانی، گاؤں حاجی محمد مراد جکھرانی کے محمد مشتاق جکھرانی کے علاوہ بڑی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی اور اپنے گاؤں کے لیے سولر پلیٹیں اور پنکھے وصول کیئے۔ اس موقع پر یونین کونسل محمد پور اوڈھو کے چیئرمین سردار علی احمد خان اوڈھو نے کہا کہ آج کی تقریب میں یوسی محمد پور اوڈھو کے غریب اور مستحق افراد میں 350 سولر پلیٹیں پنکھے تقسیم کیئے گئے۔ ان شاء اللہ عوامی خدمات کا یہ سلسلہ آئندہ بھی جاری رہے گا۔

اوستہ محمد، عمرانی ایجنسی میں ہونے والی ڈکیتی کی واردات کا سراغ لگالیا

اوستہ محمد (نامہ نگار عابد علی) ایس پی اوستہ محمد کی ہدایت اور ڈی ایس پی سرکل اُوستہ محمد گل حسن بہرانی کی نگرانی میں ایس ایچ او پولیس تھانہ سٹی اُوستہ محمد انسپکٹر عبدالرؤف جمالی، سب انسپکٹر حضور بخش جمالی، انچارج 15 اے ایس آئی صدام حسین بھٹی، اے ایس آئی دانش علی رند اور ٹیم نے پیشہ ورانہ مہارت، انتھک محنت اور جدید طریقہ تفتیش اپناتے ہوئے 29 مارچ 2025 کو عمرانی ایجنسی میں ہونے والی ڈکیتی کی واردات کا سراغ لگا لیا۔ کارروائی کے دوران دو مرکزی ملزمان کامران ولد سلطان قوم لاشاری ساکن اُوستہ محمد اور شاہ میر ولد غلام حسین قوم چھوان ساکن شہدادکوٹ (سندھ) کو گرفتار کیا گیا۔ انتہائی باریک بینی سے کی گئی تفتیش کے نتیجے میں ڈکیتی شدہ رقم پانچ لاکھ روپے ملزمان کے قبضہ سے برآمد کی گئی۔

ڈاکٹر محمد قیوم خان نے گورنمنٹ گرلز ہائی سکول جوئیہ میں بھی سولر سسٹم کا افتتاح

بچے ہمارا مستقبل ہیں اور ان کی صحیح خطوط پر تعلیم و تربیت ہماری ذمہ داری ہے، ڈاکٹر محمد قیوم خان

خوشاب (راجہ نورالٰہی عاطف سے) سی ای او ایجوکیشن خوشاب ڈاکٹر محمد قیوم خان نے گورنمنٹ گرلز ہائی سکول جوئیہ میں بھی سولر سسٹم کا افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر ہیڈ مسٹریس ادارہ ہذا اور دیگر ٹیچنگ سٹاف بھی موجود تھا۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر ایجوکیشن خوشاب نے ادارہ ہذا کی فلاح و بہبود کے لیے ہیڈ مسٹریس اور ان کی پوری ٹیم کی کوششوں کو شاندار الفاظ میں سراہا۔ ڈاکٹر محمد قیوم خان نے کہا کہ بچے ہمارا مستقبل ہیں اور ان کی صحیح خطوط پر تعلیم و تربیت ہماری ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب، صوبائی وزیر تعلیم اور سیکرٹری ایجوکیشن پنجاب کے وژن کے مطابق پنجاب بھر کے سرکاری سکولوں میں کوالٹی آف ایجوکیشن کی بہتری، نصابی اور ہم نصابی سرگرمیوں کے فروغ اور اداروں کی تزئین و آرائش سمیت مرحلہ وار تمام سرکاری سکولوں میں سولر پینل کی تنصیب کے اس سلسلے میں ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ضلع بھر کے تعلیمی اداروں میں مخیّر اور صاحب ثروت حضرات کے عطیات سے سولر پینلز کی تنصیب کی بدولت جہاں اداروں کو بجلی کے بلوں کی مد میں خطیر رقم کی سالانہ بچت میسر ہوگی وہاں ہمہ وقت بجلی کی سہولت کی فراہمی سے بچوں کے تعلیمی عمل میں بھی مزید بہتری آئے گی۔ قبل ازیں سی ای او ایجوکیشن خوشاب ڈاکٹر محمد قیوم خان کی ادارے میں آمد پر ان کا پرتپاک استقبال بھی کیا گیا۔

میر سلام خان اچکزئی کا کراچی میں سول ہسپتال کا دورہ



نصیر آباد (رپورٹ محمد یونس عمرانی) غیبیزئی قومی اتحاد ویلفیئر فاؤنڈیشن کے چیئرمین انسان دوست شخصیت میر سلام خان اچکزئی آج کراچی میں سول ہسپتال کا دورہ کیا اور ایک بہت بڑی پیش رفت فلاحی کام کے حوالہ سے یہ کی کہ اب ہسپتال میں خون کے مریض کو خون کے حصول کے لئے کوئی مشکل نہیں ہوگی۔ غیبیزئی قومی اتحاد فاؤنڈیشن کے اپنے بلڈ بینک سے آپ حاصل کئے جا سکتے ہیں۔

آدھی کوٹ تا مٹھہ ٹوانہ روڈ پر اسفالٹ ڈالنے کام تیزی سے جاری

خوشاب (راجہ نورالٰہی عاطف سے) آدھی کوٹ تا مٹھہ ٹوانہ روڈ پر اسفالٹ ڈالنے کام تیزی سے جاری، عوامی، سماجی حلقوں کی طرف سے وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے وزارت مواصلات و ایم این اے انجینیئر ملک گل اصغر خان بگھور کو زبردست خراج تحسین۔ تفصیل کے مطابق وفاقی پارلیمانی سیکرٹری وزارت مواصلات و ایم این اے انجینئر ملک گل اصغر خان بگھور کی خصوصی گرانٹ سے آدھی کوٹ تا مٹھہ ٹوانہ روڈ کی تعمیر کیلئے کام تیزی سے جاری ہے۔ اس حوالے کو آرڈینیٹر ٹو وفاقی پارلیمانی سیکرٹری وزارت مواصلات انجینئر ملک طاہر ندیم بگھور

پنجاب ایمرجنسی سروس خوشاب نے انٹرنیشنل فائر فائٹر ڈے منایا گیا

گزشتہ سال آتشزدگی کے واقعات میں قیمتی جانوں کے ہمراہ کئی ملین سے زائد کا مالی نقصان ہونے سے بھی بچایا، حافظ عبدالرشید

خوشاب (راجہ نورالٰہی عاطف سے) سیکرٹری پنجاب ایمرجنسی سروس ستارہ امتیاز ڈاکٹر رضوان نصیر کی ہدایات پر پنجاب ایمرجنسی سروس خوشاب نے انٹرنیشنل فائر فائٹر ڈے منایا۔ اس موقع پر ریسکیو آفس میں آگاہی تقریب اور ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ ریلی ریسکیو آفس سے شروع ہوئی اور لاری اڈہ سے ہوتے ہوئے ریسکیو آفس پر اختتام پذیر ہوئی۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ آفیسر ریسکیو انجینئر حافظ عبدالرشید نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ انٹرنیشنل فائر فائٹر ڈے اُن فائر فائٹرز کی یاد میں منایا جاتا ہے جو لوگوں کے جان و مال کے تحفظ کے لئے آگ سے لڑتے ہیں اور اپنی جان تک کو قربان کر دیتے ہیں۔ انہوں نے اس دن کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ لوگ ہر عمارت میں ہنگامی انخلاء اور فائر سیفٹی آلات نصب کریں اور ساتھ تربیتی کورسز و موک ایکسرسائز میں حصہ لیں۔

آر ڈی 17 ریگولیٹر متنازع بن چکا ہے، مہر اللہ انصاری

محکمہ ایری گیشن کو زمینداروں کے ساتھ مل بیٹھ کر ریگولیٹر کے کام کو صحیح معنوں میں کرنا ہوگا

اوستہ محمد (نامہ نگار عابد علی) اوستہ محمد محکمہ ایری گیشن اور زمینداروں کے درمیان جعفرآباد پل پر گیٹوں کے کام پر تحفظات کے سلسلے میں میٹنگ منعقد کی گئی جس میں ایکس ای این کھیرتھر کینال مہر اللہ انصاری ایس ڈی او عابد سیال ایس ڈی او شفیع محمد بنگلزئی ڈپٹی کمشنر کا نمائندہ تحصیلدار علی گوہر مگسی زمیندار شاہ زمان خان جمالی سید ریاض حسین شاہ ڈاکٹر قدرت اللہ جمالی اعجاز خان جمالی عبدالحمید خان جمالی گلاب جمالی نے شرکت کی اس موقع پر ڈاکٹر قدرت اللہ جمالی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آر ڈی 17 ریگولیٹر متنازع بن چکا ہے جس پر زمینداروں کو تحفظات ہیں جس کے لیے محکمہ ایری گیشن کو زمینداروں کے ساتھ مل بیٹھ کر ریگولیٹر کے کام کو صحیح معنوں میں کرنا ہوگا تاکہ ہماری مستقبل کا مسئلہ حل ہو سکے اس موقع پر ایکس ای این مہر اللہ انصاری کا کہنا تھا کہ جس وقت سسٹم کا کام شروع ہو رہا تھا اس وقت زمیندارون کو بلا کر ہم نے لیول کے بارے میں آگاہ کیا ہماری طرف سے ریگولیٹر کے کام میں کسی قسم کی بددیانتی نہیں ہے ریگولیٹر کا کام ایری گیشن کی لیول کے مطابق ہو رہا ہے اس کے باوجود بھی زمیندار بھائیوں کو تحفظات ہیں تو ہم ان کے ساتھ مل بیٹھ کر باہمی مشاورت سے کام کرنا چاہتے ہیں میٹنگ میں طے ہوا کہ حلقے کے ایم پی اے صوبائی وزیر سردار زادہ فیصل خان جمالی سربراہ میر ذوالفقار خان جمالی محکمہ ایری گیشن کے افسران اور زمینداران آپس میں بیٹھ کر باہمی مشاورت سے فیصلہ کریں گے

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے تحصیل نور پور تھل کا علاقہ مجموعی طور پر پرامن ہے، عدیل شکور

خوشاب (راجہ نورالٰہی عاطف سے) نئے تعینات ہونے والے ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس تحصیل نور پور تھل عدیل شکور نے کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے تحصیل نور پور تھل کا علاقہ مجموعی طور پر پرامن ہے اور یہاں کے لوگ بہت اچھے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نور پور تھل پریس کلب کے وفد سے تعارفی ملاقات کے دوران خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ یہاں چھوٹی موٹی لیٹیگیشن ضرور ہوتی ہے انشاء اللہ جسے میرٹ پر نپٹایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ علاقہ بھر میں گشت کے نظام کو مزید موثر بنا دیا جائے گا۔ ڈی ایس پی نے کہا کہ کرائمنر پیشہ افراد کے خلاف سختی سے نمٹا جائے گا اور ان کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

ہنگلاج ماتا کا تین روزہ میلہ اختتام پذیر ہوگیا

ملک بھر سے لاکھوں ہندو یاتریوں اور عقیدت مندوں نے ہنگلاج ماتا مندر کے میلے میں شرکت کی

اوتھل (رپورٹ، شفقت چنہ) ہنگلاج ماتا کا تین روزہ میلہ اختتام پذیر ہو گیا۔ ملک بھر سے لاکھوں ہندو یاتریوں اور عقیدت مندوں نے ہنگلاج ماتا مندر کے میلے میں شرکت کی اور ماتا کی زیارت اور



پوجا پاٹ کی، حکومت بلوچستان PDMA کی جانب سے بہتر انتظامات کیئے گئے تھے شری ہنگلاج ماتا ویلفیئر منڈلی کی جانب سے پیدل سفر کر کے آنے والے یاتریوں کے لیے راستے میں جگہ جگہ کھانے پینے پانی کا اہتمام بھی کیا گیا تھا، ضلعی انتظامیہ کی جانب سے سیکورٹی کے سخت اقدامات ک ?ے گ ?ے تھے، جس میں پاک آرمی، ایف سی، پولیس اور لیویز شامل تھے، پاکستان کوسٹ گارڈز کی جانب سے 4 روزہ فری میڈیکل کیمپ لگایا گیا تھا، جس میں ماہر ڈاکٹرز و لیڈی ڈاکٹرز نے مریض یاتریوں کا علاج کیا اور مفت ادویات دیں میلہ میں شری ہنگلاج کے رضا کاروں کی جانب سے (بھنڈارا) کھانا، پینا، شربت 24 گھنٹے مفت جاری رہا، شری ہنگلاج ماتا ویلفیئر منڈلی کے ترجمان پرکاش کمار لاسی کا کہنا تھا کہ ہزاروں کی تعداد میں عقیدت مند یاتری پیدل اور ننگے پاؤں سفر طے کر ماتا پر آ کر دل کی مراد پاتے ہیں، ، تفصیلات کے مطابق ضلع لسبیلہ کے صدر مقام اوتھل سے تقریب 140 کلومیٹر اور مکران کوسٹل ہائی وے سے 15 کلومیٹر دور پہاڑوں کے بیچ ہنگلاج ماتا کا تین روزہ میلہ اختتام پذیر ہو گیا شری ہنگلاج ماتا ویلفیئر منڈلی کے ترجمان پرکاش کمار لاسی کے مطابق اس سال ریکارڈ لاکھوں ہندو یاتریوں نے ہنگلاج ماتا مندر کے میلے شرکت کی اور ماتا زیارت کی۔ حکومت بلوچستان کی جانب سے بہتر انتظامات کیئے گئے تھے۔ جب کہ ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرا بلوچ اور ایس ایس پی لسبیلہ عاطف امیر میلے کے دوران دورے کر کے انتظامی امور اور سیکیورٹی کا بھی جائیزہ لیتے رہے۔ جب کہ حکومت بلوچستان کی جانب سے مستحق یاتریوں میں تقریباً 10 ہزار کے قریب راشن بیگ، چٹائیاں اور ترپال تقسیم کی گئیں۔ شری ہنگلاج ماتا ویلفیئر منڈلی کی جانب سے یاتریوں کے لیئے 24 گھنٹے (بھنڈارا) کھانا، ٹھنڈا پانی، شربت، چائے کا انتظام تھا۔ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے سیکورٹی کے سخت اقدامات ک ?ے گ ?ے تھے جس میں پاک آرمی، پولیس، ایف سی اور لیویز شامل تھے، پاکستان کوسٹ گارڈز کی جانب فری میڈیکل کیمپ لگایا گیا تھا۔ جس میں ماہر ڈاکٹر و لیڈی ڈاکٹرز مریض یاتریوں کا مفت علاج اور ادویات دیں۔ میلے میں سینکڑوں اسٹال لگائے گئے تھے مزہبی تبرکات، بیجز، کھانے پینے کھلنے اور دیگر اشیاء فروخت کی جا رہی تھی۔ شری ہنگلاج ماتا ویلفیئر سوسائٹی منڈلی کے صدر مکھی ونود کمار لاسی، جنرل سیکریٹری ویرسی کے ڈیوانی، ڈپٹی جنرل سیکریٹری ڈاکٹر تولا رام لاسی، ترجمان پرکاش کمار لاسی نارائن داس پنجوانی، نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ منڈلی کے عہدیداران اور رضا کار یاتریوں کی خدمت میں شب و روز مشغول رہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہنگلاج ماتا کا میلہ کئی دہائیوں سے ہوتا

حکومت بیروزگاری کے خاتمے کیلئے عملی اقدامات کر رہی ہے

غلام رسول عمرانی

نوجوانوں کو حکومتی سطح پر روزگار فراہم کرنے کے لیے ہم نے بڑی تعداد میں سعودی عرب جرمنی و دیگر ممالک بھیجا ہے

تعلیم صحت آبنوشی سمیت دیگر ترقیاتی منصوبے جاری ہیں جن کی تکمیل سے عوام کی معیاری زندگی میں مزید بہتری آئے گی

اوستہ محمد (نامہ نگار عابد علی) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے مشیر برائے محنت و افرادی قوت سردار بابا غلام رسول عمرانی نے کہا ہے کہ موجودہ صوبائی حکومت بیروزگاری کے خاتمے کے لیے بہتر معنوں میں اقدامات کر رہی ہے نوجوانوں کو حکومتی سطح پر روزگار فراہم کرنے کے لیے ہم نے بڑی تعداد میں سعودی عرب جرمنی و دیگر ممالک بھیجا ہے تاکہ وہ باعزت طریقے سے روزگار کر کے خود کفیل بن سکیں اس اقدام سے سینکڑوں گھروں کے چولہے جلیں گے اور غربت کا خاتمہ ممکن ہوگا 150 مزید ویزے جاری کئے گئے ہیں جبکہ دیگر نوجوانوں کو جرمنی کی زبان کا عبور دینے کے لیے بھی کام جاری ہے تاکہ یہاں سے جانے والے لوگوں کو جرمنی میں مشکلات درپیش نہ آئیں مزید تین کمپنیوں کو ٹینڈرز جاری کئے گئے ہیں جو مزید نوجوانوں کو چائنا آسٹریلیا سمیت دیگر ممالک بھیجا جائے گا اس عمل کے وسیع تر بہتری کے نتائج برآمد ہونگے ہماری خدمت کا تسلسل جاری ہے ان شاء اللہ صوبے اور علاقے کی عوام کے لیے مزید وسیع تر اقدامات کیے جائیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے بابا عمرانی ہاؤس ڈیرہ مراد جمالی میں ملنے والے مختلف عوامی وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر سخی میر ممتاز خان عمرانی محمد اشرف عمرانی علامہ عبدالحکیم انقلابی مستری مزدور یونین کے صدر ہارون الرشید جکھڑا سمیت بڑی تعداد میں سیاسی قبائلی و علاقہ معتبرین موجود تھے لوگوں نے صوبائی مشیر برائے محنت و افرادی قوت سردار بابا غلام رسول عمرانی کو اپنے درپیش مسائل کے حوالے سے علیحدہ علیحدہ ملاقات کر کے اپنے درپیش مسائل کے متعلق آگاہی فراہم کی صوبائی مشیر برائے محنت و افرادی قوت سردار بابا غلام رسول عمرانی نے کہا ہے کہ ہماری بھرپور کوشش رہے گی کہ تمام دستیاب وسائل مفاد عامہ میں خرچ کیے جائیں لوگوں کے معیار زندگی کو مزید آسان کرنے کے لیے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی کی قیادت میں موجودہ کابینہ ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے تعلیم صحت آبنوشی سمیت دیگر ترقیاتی منصوبے جاری ہیں جن کی تکمیل سے عوام کی معیاری زندگی میں مزید بہتری آئے گی۔

مودی نے انڈیا میں اقلیتی برادری کا جینا حرام کر دیا

دھنیش کمار

پاکستان سے ہندوستان منتقل ہونے والی ہندو اقلیتی برادری کو اتنی ہندوستان میں مذہبی آزادی حاصل نہیں ہے

پاکستان میں ہنگلاج ماتا نانی مندر پر ہزاروں ہندو یاتری آ کر کس مذہبی آزادی کے ساتھ رسومات ادا کر رہے ہیں

اوتھل (رپورٹ، بیورو چیف حفیظ دانش + شفیق چنہ) سینیٹر دھنیش کمار پلیانی نے کہا ہے کہ مودی نے انڈیا میں اقلیتی برادری کا جینا حرام کر دیا ہے لیکن انڈیا میں کہا جا رہا ہے۔ کہ پاکستان میں اقلیتی برادری کو حقوق نہیں دیئے جا رہے ہیں اور ان کے عبادت گاہوں پر پابندی ہے مودی کو میں پیغام دینا چاہتا ہوں کہ آپ اپنے سفارت خانے کے عملے کو یہاں بھیج کر دیکھے کہ پاکستان میں ہنگلاج ماتا نانی مندر پر ہزاروں ہندو یاتری آ کر کس مذہبی آزادی کے ساتھ کے ساتھ رسومات ادا کر رہے ہیں پاکستانی بہادر افواج ہمہ وقت چوکس ہے اور ہندوستان کو منہ توڑ جواب دینے کے لیئے ہر وقت تیار ہیان خیالات کا اظہار انہوں نے ضلع لسبیلہ کے صدر مقام اوتھل سے تقریباً 150 کلومیٹر دور ہنگلاج ماتا نانی مندر کے میلے کے دورے کے دوران میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ پاکستانی میڈیا کو چاہیئے کہ وہ اس مثبت پہلو کو اجاگر کرے تاکہ دنیا کو معلوم ہو کہ پاکستان میں اقلیتیں محفوظ اور آزاد ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہنگلاج ماتا مندر کا میلہ پاکستان میں بین المذاہب ہم آہنگی اور رواداری کی ایک روشن مثال ہے جسے دنیا بھر میں سراہا جانا چاہیے۔ انٹرنیشنل و قومی میڈیا یہ پیغام پوری دنیا میں پھیلائے کیونکہ انڈیا میڈیا ہمیں بدنام کرتا پھر رہا ہے



اور وہاں کہا جا رہا ہیں کہ پاکستان میں اقلیتی پر ظلم کیا جاتا ہے اور وہ اپنے مظالم اور ناروا سلوک کو چھپانے کے لیئے بے بنیاد الزامات لگائے جا رہے ہیں۔ ہندوستان میں مسلمانوں اور دیگر اقلیتوں پر ظلم کیا جاتا میں پوری دنیا کو دعوت دیتا ہوں ہنگول کے پہاڑوں کے بیچ میں تاریخی ہنگلاج ماتا کا میلہ کس جوش و جذبے سے منایا جا رہا ہے اور ہمارے مسلمان بھائی ہماری خدمت کرنے میں بھی ہمارے ساتھ شانہ بشانہ ہیں اسطرح کی مذہبی ہم آہنگی دنیا میں کہیں بھی نظر نہیں آئے گی۔ پاکستان سے ہندوستان منتقل ہونے والی ہندو اقلیتی برادری کو اتنی ہندوستان میں مذہبی آزادی حاصل نہیں ہے۔ جتنی آزادی پاکستان میں اقلیتی برادری کو حاصل ہے انہوں نے کہا ہے یہاں پر جو بھی لنگر (بھنڈارا) تقسیم کیا جا رہا ہے وہ بھی گورنمنٹ آف بلوچستان کی جانب سے ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے مالی سال جو بجٹ پیش کیا جائے گا جس میں اس نیو وزیر اعلیٰ بلوچستان نے آئندہ مالی سال کے بجٹ میں ہنگلاج ماتا نانی مندر کی ترقی و بہتری کے لیے ایک ارب روپے کے خصوصی فنڈ کے اعلان کی ہدایت کی ہے

بقیہ 1

بھارت کشیدگی سمیت دیگر اہم امور پر نواز شریف کو بریفنگ دی۔

بقیہ 2

لیش کا اظہار کیا۔ انہوں نے بغیر کسی ثبوت کے اس واقعے سے پاکستان کو جوڑنے کی کسی بھی کوشش کو واضح طور پر مسترد کر دیا اور اس واقعے کے پس پردہ حقائق کا پتہ لگانے کے لیے بین الاقوامی، شفاف، معتبر اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کے لیے پاکستان کی پیشکش کو دہرایا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ان تحقیقات میں ملائیشیاء کی شرکت کا خیر مقدم کرے گا۔ اس بات پر زور دیتے ہوئے کہ پاکستان نے ہمیشہ دہشتگردی کی تمام شکلوں اور مظاہر میں مذمت کی ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے دہشتگردی کے خلاف جنگ میں فرنٹ لائن اسٹیٹ کے طور پر پاکستان کے کردار اور اس کوشش میں اس کی زبردست قربانیوں کو اجاگر کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھارت کے اقدامات پاکستان کی مغربی سرحد پر انسداد دہشتگردی کی کوششوں سے توجہ ہٹا رہے ہیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان اس طرح کے تنازعہ میں الجھنا نہیں چاہتا، خاص طور پر ایسے وقت میں جب ملک اقتصادی استحکام کی راہ پر گامزن ہے۔ دونوں وزرائے اعظم نے پاکستان ملائیشیاء تعلقات پر بھی تبادلہ خیال کیا اور دوطرفہ تعلقات کو مضبوط بنانے اور تجارت، سرمایہ کاری اور ثقافتی تبادلوں سمیت مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے کے اپنے مشترکہ عزم کا اعادہ کیا۔ اس تناظر میں وزیراعظم نے بتایا کہ وہ اس سال ملائیشیاء کا سرکاری دورہ کرنے کے منتظر ہیں۔ یہ ٹیلی فون کال پاکستان اور ملائیشیاء کے درمیان قریبی دوستی کی عکاس ہے جس میں دونوں رہنماؤں نے علاقائی اور بین الاقوامی پیش رفت پر رابطے میں رہنے پر اتفاق کیا۔

بقیہ 3

بعد بوکھلاہٹ کا شکار مودی حکومت نے بھارت میں بلاول بھٹو زرداری کا ایکس اکاؤنٹ بلاک کر دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق مودی حکومت نے بھارت میں چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو ایکس اکاؤنٹ بھی بلاک کر دیا ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی کی سینئر رہنما سینیٹر شیری رحمٰن نے بلاول بھٹو کے ایکس اکاؤنٹ کی بندش کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ بھارت نے پہلگام واقعے کا الزام تو پاکستان پر دھر دیا، مگر سچائی سامنے آنے پر مودی سرکار اب سخت گھبراہٹ کا شکار ہے۔ انہوں نے کہا کہ پہلگام واقعے کے بعد بھارتی اقدامات پاکستانی موقف کو تقویت دے رہے ہیں، مودی سرکار سن لو، آوازیں دبانے سے سچ چھپتا نہیں

بقیہ 4

خان نے کہا ہے کہ بھارت کا جھوٹ دنیا کے سامنے ایکسپوز ہو چکا ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پہلگام حملے پر وزیر اعظم نے انڈیپینڈنٹ کمیشن بنانے کی بات کی تھی۔ رانا مشہود خان نے کہا کہ کشمیر میں 75 سال سے عوام کے ساتھ ظلم و زیادتی کی جا رہی ہے، بھارت میں تمام اقلیتوں کے ساتھ ظلم ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج بھارت کا مکروہ چہرہ دنیا کے سامنے آ گیا ہے

بقیہ 5

سیفران اور صدر مسلم لیگ (ن) خیبر پختونخوا انجینئر امیر مقام نے بھارت کی جانب سے پاکستان پر لگائے جانے والے بے بنیاد الزامات کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھارت ثبوت کے بغیر پاکستان مخالف پروپیگنڈے میں مصروف ہے، جو قابل مذمت ہے، اگر بھارت نے جنگ مسلط کرنے کی کوشش کی تو پوری قوم افواج پاکستان کے ساتھ کھڑی ہوگی اور دشمن کو منہ توڑ جواب دیا جائے گا

بقیہ 6

ای کے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد دی ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے نومنتخب صدر کاظم خان، سیکرٹری جنرل غلام نبی چانڈیو، سینئر نائب صدر ایاز خان اور ڈپٹی سیکرٹری جنرل تنویر شوکت کو مبارکباد دی اور کہا کہ نومنتخب قیادت کی کامیابی صحافتی برادری کے اعتماد کا مظہر ہے، حکومت آزادی صحافت پر مکمل یقین رکھتی ہے، تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مل کر ایک ذمہ دار، آزاد اور پیشہ ورانہ صحافت کے فروغ کے لئے پرعزم ہیں

بقیہ 7

آیا، جس میں بڑی تعداد میں مویشیوں کو شدید نقصان پہنچا۔ مقامی افراد کا کہنا ہے کہ آسمانی بجلی کے گرنے سے نہ صرف مویشی ہلاک ہوئے بلکہ ان کے مالکان کو مالی نقصان کا سامنا بھی ہوا ہے۔ متاثرہ کسانوں نے حکومت سے فوری امداد کی اپیل کی ہے تاکہ انہیں نقصان کا معاوضہ دیا جا سکے

بقیہ 8

کی لاش سول ہسپتال منتقل کر دی گئی ہے۔ فائرنگ کے بعد ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے، جس کے بعد پولیس نے علاقے کو گھیرے میں لے لیا ہے اور تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے۔

بقیہ 9

کسی جواز یا ثبوت کے پاکستان پر الزام لگا کر اپنی ساکھ کو بین الاقوامی سطح پر مزید کمزور کر دیا ہے۔ اس حوالے سے پاکستان کے سفیر محمد خالد جمالی نے بھارت کو ایک بار پھر خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر بھارت کی جانب سے حملہ کیا گیا تو مکمل طاقت سے جواب دیا جائے گا، پاکستان اپنے دفاع میں جوہری اور روایتی طاقت دونوں استعمال کرے گا۔ محمد خالد جمالی نے کہا کہ ہمارے پاس انٹیلی جنس شواہد ہیں کہ بھارت پاکستان پر حملہ کرنے کی منصوبہ بندی کر رہا ہے، بھارت اس سے قبل بھی متعدد فالس فلیگ آپریشنز کر کے الزام پاکستان کے سر تھوپ چکا ہے، پانی کے مسئلے پر کسی بھی جارحیت کا جواب جنگ سے ہوگا، بھارت کی جانب سے حملے کی صورت میں پاکستان اپنی سرحدوں کے دفاع میں کسی بھی حد تک جائے گا۔ پاکستانی سفیر نے کہا کہ بھارت کی جانب سے لگائے گئے الزامات بالکل بے بنیاد ہیں جن کا حقیقت سے دور دور تک کوئی تعلق نہیں، ہم بھارتی جنگی پروپیگنڈے کو مسترد کرتے ہیں، ہمیں اپنی سرحدوں کا دفاع کرنے کا پورا حق ہے، ہم عالمی برادری سے مطالبہ کرتے ہیں کہ پہلگام حملے کی غیر جانبدار تحقیقات کی جائیں، چین اور روس سے پہلگام حملے کی تحقیقات میں شامل ہونے کی درخواست کرتے ہیں۔ ادھر دفاعی ماہرین نے کہا ہے کہ پاکستان پر بے بنیاد اور جھوٹے الزامات لگا کر بھارت نے اپنی ساکھ کو بین الاقوامی سطح پر مزید کمزور کر دیا ہے، بھارت خود ہی بے بنیاد الزامات لگا کر اپنی کی گئی سازشوں اور فالس فلیگ آپریشنز کو بے نقاب کر رہا ہے۔

بقیہ 10

ہوا، دنیا کے اہم ممالک کی کوشش ہے کہ پاک بھارت تنازع نہ بڑھے۔

بقیہ 11

نے زور دیا کہ بھارت کے غیر ذمہ دارانہ رویے اور امن کے لیے خطرناک اقدامات کو سلامتی کونسل کے سامنے اجاگر کیا جائے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پاکستان سندھ طاس معاہدے کی ممکنہ معطلی جیسے بھارتی اقدامات کو بھی عالمی برادری کے سامنے لانے کا ارادہ رکھتا ہے تاکہ بھارت کی آبی جارحیت کو بھی بے نقاب کیا جا سکے۔ دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان پرامن بقائے باہمی پر یقین رکھتا ہے تاہم کسی بھی قسم کی بھارتی اشتعال انگیزی کا مؤثر جواب دینے کی مکمل صلاحیت رکھتا ہے۔ دوسری جانب بھارت کی آبی جارحیت جاری ہے، بھارت نے بگلیہار ڈیم کے ذریعے دریائے چناب میں پانی کا بہاؤ روک دیا، مودی سرکار نے کشن گنگا ڈیم سے بھی دریائے جہلم میں پانی روکنے کی منصوبہ بندی کر رکھی۔ دریائے چناب میں پانی روکنے کے لیے بگلیہار ڈیم کو استعمال کیا جا رہا ہے، دوسری طرف کشن گنگا ڈیم سے دریائے جہلم کا پانی روکا جائے گا، بھارت نے منصوبہ بندی شروع کر لی، یہ دونوں ڈیم پانی کا اخراج کنٹرول کرنے کی صلاحیت فراہم کرتے ہیں، بگلیہار اور کشن گنگا ڈیم طویل عرصے سے قانونی اور سفارتی تنازعات کا باعث ہیں۔ ادھر ذرائع کے مطابق حکومت کو فراہم کردہ انڈس واٹر کمیشن کی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ بھارت نے 3 ڈیموں کی تعمیر کر کے معاہدے کی خلاف ورزی کی، تینوں بار بھارت کو ورلڈ بینک اور نیوٹرل ایکسپرٹ سے سبکی کا سامنا کرنا پڑا، بھارت نے 2005 میں بگلیہار ڈیم کی تعمیر پر معاہدے کو نظر انداز کیا، 2010 میں کشن گنگا اور 2016 میں رتلے ڈیموں کی تعمیر پر معاہدہ نظر انداز کیا، بھارت کے خلاف کارروائی کے لیے قانونی مشاورت کا عمل مکمل ہو چکا ہے، حکومتی فیصلے کا انتظار ہے۔ بھارت نے پہلگام حملے کو بظاہر سندھ طاس معاہدے کی معطلی کے استعمال کیا لیکن درحقیقت بھارت ہمیشہ سے عالمی معاہدوں کی خلاف ورزی کرتا چلا آ رہا ہے

بقیہ 12

کا ایک روزہ دورہ کریں گے، ایرانی وزیر خارجہ کے ہمراہ اعلیٰ سطح وفد بھی ہوگا۔ ذرائع کے مطابق ایرانی وزیر خارجہ سید عباس اراغچی اپنے دورے کے دوران وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے ملاقات بھی کریں گے

بقیہ 13

کہ بلوچستان اور خیبر پختونخوا ایک حساس خطے ہے جہاں کے صحافیوں نے نامساعد حالات اور مسلسل خطرات کے باوجود پیشہ ورانہ خدمات سرانجام دیں۔ ان کی استقامت اور حوصلہ قابل تحسین ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ صحافیوں کو ایسا ماحول فراہم کرے جہاں وہ آزادی کے ساتھ اور بلاخوف و خطر اپنے فرائض انجام دے سکیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ حکومت صحافیوں کے تحفظ، فلاح و بہبود اور ان کے مسائل کے حل کے لیے مزید سنجیدہ اور مثالی اقدامات کرے، عوامی نیشنل پارٹی آزادی صحافت اور آزادی اظہار رائے پر یقین رکھتی ہے، صحافیوں کو بھی چاہیے کہ وہ ذمہ دارانہ صحافت کو بروئے کار بندر ہیں عوام اور ریاست دشمن عناصر کے پروپیگنڈا کا توڑ کریں، صحافت صرف ایک پیشہ نہیں بلکہ ایک مقدس فریضہ ہے جو معاشرتی اصلاح اور قومی ترقی میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے، انہوں نے میڈیا اداروں پر بھی زور دیا کہ وہ صحافتی اقدار اور اخلاقیات کی پاسداری کرتے ہوئے درست، متوازن اور تحقیق شدہ معلومات عوام تک پہنچائیں، اور جھوٹی خبروں اور منفی پروپیگنڈے سے اجتناب برتیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ بلوچستان کے صحافی مستقبل میں بھی اپنی ذمہ داریاں اسی جذبے اور دیانتداری سے ادا کرتے رہیں

بقیہ 14

نے ملاقاتیں کیں۔ ملاقات کرنے والوں میں جنرل سیکرٹری آئی پی پی میاں خالد محمود، صدر پنجاب رانا نذیر احمد، ایم پی اے شعیب صدیقی، ملک زمان نصیب، میاں جنید ذوالفقار، ہارون عمران گل شامل تھے۔ وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے کہا کہ پاک فوج ارض وطن کی حفاظت کیلئے ہمیشہ تیار ہے، 25 کروڑ عوام کی سوہنی دھرتی کو اللہ تعالیٰ ہمیشہ محفوظ رکھے گا۔ ہر گلی کوچے سے "اے وطن تو نے پکارا" کے نعرے بلند ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہر محبِ وطن پاکستانی اپنی فوج سے دو قدم آگے کھڑا ہے۔ 60 برس قبل جمخانہ کلب میں چائے پینے کی خواہش کی طرح اب پھر ناکامی ہوگی۔ بھارت گزشتہ دو ہفتوں سے اپنے ہی گرداب میں پھنسا ہوا ہے۔ اقوام عالم میں تنہائی کے بعد اب جگ ہنسائی دشمن کا مقدر ہے۔ پاک فوج کو خداداد صلاحیتوں سے بھارت پر نفسیاتی برتری ہے۔ اس موقع پر مختلف یونین کونسلوں کے نمائندوں، سابق کونسلرز اور رہنماؤں نے آئی پی پی میں شمولیت اختیار کی۔ آئی پی پی کے شعبہ خواتین اور اسٹوڈنٹس فورم کے وفود نے بھی عبدالعلیم خان سے ملاقاتیں کر کے این اے 117 میں بے مثال ترقیاتی کاموں پر ان سے اظہار تشکر کیا۔

بقیہ 15

عاگو ہیں کہ آسٹریلیا کے عوام کی خدمت کا یہ سلسلہ جاری رہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ وہ وزیر اعظم انتھونی کے ساتھ مل کر دونوں ملکوں کے تعلقات کو مزید مستحکم بنانے اور امن، ترقی اور علاقائی تعاون کے اپنے مشترکہ عزم کے لئے مل کر کام کرنے کے خواہش مند ہیں۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز آسٹریلوی وزیراعظم انتھونی البانیز نے دوسری مدت کے لیے بھی انتخابی معرکہ مار لیا تھا، عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق آسٹریلیا میں ہونے والے انتخابات میں ایک بار پھر لیبر پارٹی نے تاریخی فتح حاصل کی تھی

بقیہ 16

گاہوں میں داخلے پر فوری پابندی عائد کر دی ہے۔ وزارت بحری امور کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق بھارتی پرچم بردار جہازوں کی داخلے پر پابندی کا فیصلہ پاکستان کی بحری خودمختاری، قومی سلامتی اور اقتصادی مفادات کے تحفظ کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا گیا ہے۔ اعلامیہ میں کہا گیا کہ اب بھارتی پرچم بردار کوئی بھی تجارتی یا غیر تجارتی جہاز پاکستان کی کسی بندرگاہ پر لنگر انداز نہیں ہوسکے گا جبکہ پاکستانی پرچم بردار جہاز بھی بھارت کی کسی بندرگاہ پر نہیں جائیں گے

بقیہ 17

ریت کی مضبوطی کا بنیادی ستون تصور کرتی ہے انہوں نے کہا کہ صحافت کسی بھی مہذب معاشرے کی آنکھ اور زبان ہوتی ہے جو عوام کو باخبر رکھنے، حکومتی کارکردگی پر نظر رکھنے اور بنیادی انسانی حقوق کے تحفظ میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ صوبائی وزیر میر محمد خان لہڑی نے مزید کہا کہ پاکستان کی صحافت نے ہمیشہ مشکل حالات میں اپنے فرائض انجام دیے، چاہے دہشت گردی کے خلاف جنگ، صحافیوں نے اپنی جانوں کی پرواہ کیے بغیر سچ اور حقائق کو عوام تک پہنچایا

بقیہ 18

ہوئے کہا کہ تمام جماعتوں کی کانفرنس ہو جہاں پارٹی سربراہوں کو معاملے پر بریف کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اتنے بڑے ایشو کو اتنے جونیئر لیول پہ لانا اس کی اہمیت کو کم کرتا ہے

بقیہ 19

کا اجلاس 5 مئی بروز پیر شام 5 بجے پارلیمنٹ ہاؤس میں طلب کیا ہے۔ اجلاس میں پاک بھارت کشیدگی کے باعث پیدا ہونے والی صورتحال پر بحث کی جائے گی۔ صدر مملکت نے اجلاس آئین کے آرٹیکل 54 کی شق 1 کے تحت تفویض شدہ اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے طلب کیا ہے

بقیہ 20

ب کی راہیں ہموار کرے گی اور آئی ٹی، تعلیم، صنعت وتجارت سمیت مختلف شعبوں کو جدید خطوط پر استوار کرنے میں مددگار ثابت ہوگی۔ ماہرین کے مطابق، سیٹلائٹ انٹرنیٹ سروس کا اجرا نہ صرف بڑے شہروں بلکہ دیہی اور پسماندہ علاقوں تک تیز رفتار انٹرنیٹ کی رسائی کو ممکن بنائے گا۔ اس سے چھوٹے شہروں میں آئی ٹی حب، سافٹ ویئر ہاؤسز، فری لانسنگ سینٹرز اور آن لائن کاروبار کو فروغ ملے گا۔

بقیہ 21

بتایا کہ اسحاق ڈار نے بھارت کے اشتعال انگیز پروپیگنڈے اور سندھ طاس معاہدے کی یکطرفہ معطلی کے فیصلے کو مسترد کر دیا۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ بھارت کے اقدامات بین الاقوامی معاہدوں اور عالمی قانونی ذمے داریوں کی کھلی خلاف ورزی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان علاقائی امن و سلامتی کے لیے پرعزم ہے اور اپنی خودمختاری و قومی مفادات کے تحفظ کا حق محفوظ رکھتا ہے۔ ملائیشین وزیر خارجہ محمد بن حسن نے پاکستان کے موقف کی مکمل حمایت کا اظہار کیا اور دونوں فریقین سے تحمل اور ذمے داری کا مظاہرہ کرنے کی اپیل کی۔

بقیہ 22

کے مطابق جیکب آباد کے مختلف علاقوں میں مختلف حادثات و واقعات میں ایک شخص جاں بحق جبکہ 15 سے زائد افراد زخمی ہوئے ہیں، جیکب آباد کے صدر تھانہ کی حدود جمالی واہ کے قریب چنگچی رکشہ تیز رفتاری کے باعث الٹ گیا جس کے نتیجے میں تین افراد الطاف حسین، راحب علی اور عمران علی زخمی ہوگئے جنہیں ہسپتال منتقل کر دیا گیا، علاوہ ازیں دلمراد تھانہ کی حدود لاہی چاڑھی کے مقام پر لوڈر رکشہ اور موٹر سائیکل کے درمیان تصادم ہو گیا

بقیہ 23

کیا گیا، عمان کے وزارت داخلہ کے حکام، سیکرٹری داخلہ اور عمان میں پاکستان کے سفیر نوید صفدر بخاری نے خیر مقدم کیا۔ اس موقع پر محسن نقوی اور سیکرٹری داخلہ خالد بن ہلال بن سعود کے درمیان ملاقات ہوئی۔ سیکرٹری داخلہ خالد بن ہلال نے کہا کہ عمان آمد پر آپ کو دل کی گہرائیوں سے خوش آمدید کہتے ہیں

بقیہ 24

پرچم بردار بحری جہازوں کو بھی بھارتی بندرگاہ پر لنگر انداز ہونے سے روک دیا۔ رپورٹ کے مطابق بھارت نے پاکستان کی ایکسپورٹ کو متاثر کرنے کے لیے نیا ہتھکنڈا اختیار کر لیا، پاکستانی درآمدات پر پابندی اور پرچم بردار بحری جہازوں کے بعد ٹرانزٹ کارگو والے جہازوں کو بھی لنگر انداز ہونے کی اجازت نہیں دی گئی۔ تیسرے ملک کے لیے کارگو لے جانے والی شپنگ کمپنی آئی ای ایکس کے کنٹینرز بردار بحری جہاز کو برتھ فراہم کرنے سے انکار کر دیا۔

بقیہ 25

یلی کوئلہ کانوں میں کام کرنے والے کانکنوں نے اپنی مدد آپ کے تحت کان سے لاش اور زخمیوں کو نکالا۔ زخمیوں کو فوری طور پر رورل ہیلتھ سنٹر شاہرگ منتقل کیا گیا، جہاں ابتدائی طبی امداد کے بعد دو زخمی کانکنوں کو کوئٹہ ریفر کیا گیا جبکہ ایک معمولی زخمی کو مرہم پٹی کے بعد فارغ کر دیا گیا۔

بقیہ 26

کے لیے اس کا باپ بھی سمندر میں چھلانگ لگا بیٹھا۔ دونوں باپ بیٹے سمندر کی بے رحم لہروں کے شکار ہو گئے اور ڈوب کر جاں بحق ہو گئے۔ مقامی غوطہ خوروں اور آیدھی کے رضاکاروں نے دونوں کی نعشوں کو ریسکیو کر کے ہسپتال منتقل کر دیا۔ دونوں افراد کراچی کے رہائشی بتائے جاتے ہیں۔ واقعے کے بعد علاقے میں غم کی لہر دوڑ گئی اور عوامی حلقوں نے اس افسوس ناک سانحے پر گہرے دکھ کا اظہار کیا

بقیہ 27

پر الزامات کی تردید کرتے ہوئے کہا کہ بھارت نے بغیر حقائق کے پاکستان پر الزام لگایا اور ان کے پاس دس منٹ کے اندر رپورٹ کرنے کے لیے کوئی ثبوت نہیں تھے۔ سابق وزیر دفاع و خارجہ انجینئر خرم دستگیر نے ایک انٹرویو میں انکشاف کیا کہ بھارت نے ایک بار پھر پاکستان کو عالمی سطح پر بدنام کرنے کی ناکام کوشش کی، تاہم اسے مایوسی کا سامنا کرنا پڑا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت برسوں سے پاکستان کے خلاف دراندازی کے الزامات اور فالس فلیگ آپریشنز کا سہارا لیتا آ رہا ہے، 2016، 2019 اور 2022 کی مثالیں اس کی واضح علامت ہیں، جن میں سے ایک موقع پر بھارتی میزائل میاں چنوں میں آ گرا

بقیہ 28

آباد ہائی کورٹ نے بانی پی ٹی آئی عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی سزا معطلی کی درخواست سماعت کے لیے مقرر کر لی۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کا ڈویژن بینچ 8 مئی کو سزا معطلی کی درخواستوں پر سماعت کرے گا۔ ڈویژن بینچ میں قائم مقام چیف جسٹس سرفراز ڈوگر اور جسٹس محمد آصف شامل ہیں

بقیہ 29

وستان دھمکیاں دے رہا ہے' پہلگام حملے کا بھانڈا پھوٹنے کے بعد ملبہ کشمیریوں پر پھینکا جا رہا ہے۔ ایک بیان میں مشعال ملک نے کہا کہ بھارت آبی دہشتگردی کر رہا ہے' بھارت کے یکطرفہ اقدام غیر قانونی ہیں' لائن آف کنٹرول کے اطراف میں رہنے والوں کو سیلف ڈیفنس کی ٹریننگ دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر میں بھارت کشمیریوں کے گھروں کو بارود سے اڑا رہا ہے' کشمیریوں کی ٹارگٹ کلنگ کی جا رہی ہے

بقیہ 30

CG BYKADA کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔ دورے کے دوران پاک ترک بحری تعاون اور پیشہ ورانہ امور پر تبادلہ خیال ہوگا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ترک بحری جہاز کی آمد پاک ترک لازوال دوستی اور بھائی چارے کی علامت ہے

بقیہ 31

فیصلہ کر لیا دو ہفتوں کے دوران شہریوں کو گاڑیوں کے اسمارٹ کارڈ ملنا شروع ہو جائیں گے۔ سیکرٹری ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن بلوچستان سید ظفر علی بخاری نے بتایا کہ بلوچستان کی گاڑیوں کیلئے اسمارٹ کارڈ کے اجرا کیلئے کراچی میں گورنمنٹ پرنٹنگ پریس سمیت دو اداروں سے معاہدہ ہو گیا ہے، یہ ادارے بلوچستان کی گاڑیوں کے مالکان کو اسمارٹ کارڈ بنا کر دیں گے ترجمان نے بتایا کہ جدید فیچر کا حامل اسمارٹ کارڈ کے اجرا کے بعد پرانی وہیکل بک ختم کر دی جائے گی اسمارٹ وہیکل کارڈ کیلئے گاڑی کے مالک کو 2500 روپے کی ادائیگی کرنا ہوگی

بقیہ 32

غنوں کا سلسلہ آج بھی جاری ہے، میڈیا پر سنسر شپ پہلے سے عائد جبکہ اب پیکا ایکٹ کے سیاہ قانون کو لاگو کیا گیا اور اخباری صنعت کو تباہی سے مزید دوچار کرنے کے لیے سرکاری اشتہارات کو BPPRA کو منتقل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے جس کے باعث صوبے سے شائع ہونیوالے اخبارات اور جرائد جن کا سرکاری اشتہارات پر ہی انحصار ہیں، اسطرح کے ناروا فیصلوں کے باعث اشاعتی ادارے، خبر رساں ادارے، اخبار مارکیٹ اور پرنٹنگ پریس سمیت تمام شعبہ جات بند ہو جائینگے اور ہزاروں ملازمین بیروزگار ہوں گے جس کی ذمہ داری فارم 47 کی حکومت ہوں گی۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ پہلے ہی بڑے اخبارات کے مالکان نے اخباری صفحات کو کم کر کے ملازمین کو فارغ کر دیا۔ آج بھی بعض اخبارات کے دفاتر میں ملازمین تنخواہوں سے محروم ہیں

بقیہ 33

مذمت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر اسد بلوچ نے اپنی زبان بند نہ کی تو ہم اسے بند کروانا خوب جانتے ہیں انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ ایک باوقار، اصولی اور صاف شفاف سیاست کا استعارہ ہیں جن کی جدوجہد، دیانتداری اور قومی کمٹمنٹ کا اعتراف ان کے بدترین سیاسی مخالفین بھی کرتے ہیں۔ اسد بلوچ جیسے مفاد پرست عناصر نیشنل پارٹی جیسی عوامی، نظریاتی اور قومی جماعت کو بدنام کرنے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں

بقیہ 34

صوبائی جنرل سیکرٹری مابت کاکا ضلعی صدر ثناء اللہ کاکڑ صوبائی ترجمان ولی داد میانی صوبائی کلچر سیکرٹری حضرت علی ضلعی سینئر نائب صدر حاجی شان عالم ملک ستار زین اللہ عبدالواسع ضیاء الحق نے گلستان کور نواں کلی میں بنیادی یونٹوں کے مشترکہ اجلاس کے ذمہ داران سے خطاب کے دوران کیا اجلاس میں 6 مئی کو منعقدہ جلسہ عام کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا مقررین نے کہا کہ عوامی نیشنل پارٹی پشتون قومی تحریک کے تسلسل اور فکر باچاخان کی محافظ جماعت کی حیثیت سے جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہیں اس پرخار راستے میں بہت سے نشیب و فراز آئے لیکن قومی مفادات کے تحفظ کو مقدم رکھتے ہوئے ہر

بقیہ 35

گنداواہ سے لاڑکانہ جا رہی تھی کہ راستے میں ایک مسافر، پھل لاشاری ولد زوار لاشاری، سکنہ نوشہرہ، اچانک گاڑی کی چھت سے نیچے گر گیا۔ حادثے کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا۔ واقعے کے بعد ویگن کو روکا گیا اور لاش کو قریبی ہسپتال منتقل کیا گیا۔

بقیہ 36

دہ کرتے ہوئے انہیں پاکستان مسلم لیگ (ن) کی ریڑھ کی ہڈی قرار دیا ہے۔ حویلیاں میں ہزارہ ڈویژن کے پارٹی عہدیداروں کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے وزیر نے پارٹی کو نچلی سطح پر مضبوط کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) پارٹی کو مقامی سطح پر مضبوط بنانے کے لیے گاؤں اور محلوں میں اپنے تنظیمی ڈھانچے میں اضافہ کرے گی۔ تنظیمی اجلاس سے صوبائی جنرل سیکرٹری مرتضیٰ عباسی، ہزارہ ڈویژن کے صدر و خیبر پختونخوا اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر سردار شاہجہان یوسف، اور پارٹی کے مرکزی رہنما کیپٹن (ر) صفدر اعوان اور پیر صابر شاہ نے بھی خطاب کیا۔ تقریب میں مقررین نے اس بات کا اعادہ کیا کہ مسلم لیگ (ن) واحد سیاسی جماعت ہے جس نے جب بھی اقتدار میں رہا پاکستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا۔ انہوں نے ملک کو معاشی بدحالی سے نکالنے کا سہرا وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت کو دیا اور کہا کہ قومی معیشت اب بحالی کی جانب گامزن ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ پوری قوم ملک کی سلامتی کے لیے متحد ہے اور پاک فوج کے ساتھ مضبوطی سے کھڑی ہے۔ انہوں نے متنبہ کیا، "بھارت کو کسی بھی جارحیت پر غور کرنے سے پہلے سو بار سوچنا چاہیے، کیونکہ پوری قوم، ایمان کے جذبے سے کارفرما ہے، مسلح افواج کے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کر کھڑی ہے۔"

بقیہ 37

ٹری ملک سکندر خان ایڈووکیٹ اور ضلعی صدر حافظ حسین احمد شرودی نے مشترکہ بیان جاری کرتے ہوئے کہا' انہوں نے کہا کہ پارٹی کی جانب سے فلسطینیوں سے اظہار یکجہتی کیلئے ملک کے دیگر حصوں کی طرح بلوچستان میں بھی قوت کا مظاہرہ کرے گی اور پوری دنیا کو یہ دکھائینگے کہ پاکستان کے غیور عوام کل بھی فلسطین کے ساتھ تھے اور آج بھی ساتھ ہیں اسرائیل نے جو ظلم اور زیادتی شروع کی ہے وہ شرمناک عمل ہے اس پر اقوام متحدہ اور خاص کر اسلامی ممالک کی خاموشی قابل افسوس ہے اسلامی ممالک کا بالا خراٹھ کھڑے ہو جائے اور فلسطینیوں کا ساتھ دیں تاکہ فلسطین میں عالمی دہشت گرد اسرائیل کی غنڈہ گردی ختم ہو جائے انہوں نے کہا کہ پارٹی سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے فلسطین کے حوالے سے جو ملک ہو یا بین الاقوامی سطح پر ایک موثر آواز اٹھائی حتیٰ کہ فلسطین جا کر فلسطینیوں سے بھی اظہار یکجہتی کی ہے

بقیہ 38

، مودی پاکستان پر ایسا وار کرنا چاہتا ہے کہ ہماری آزادی خطرے میں پڑ جائے، ابدالی میزائل کا کامیاب تجربہ ہوا ہے، مودی سن لو ابدالی میزائل ایٹمی میزائل لے کر جا سکتا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق رانا ثناء اللہ خان نے کہا کہ کشمیر میں اتنا ظلم گزشتہ 75 سال میں نہیں ہوا جتنا ان گزشتہ آٹھ دس روز میں ہوا ہے، جتنا مرضی ظلم کر لیں کشمیر کی تحریک آزادی مزید تیز ہوگی اور کشمیر آزاد ہو گا۔ انہوں نے کہا کہ پہلگام حملے میں 26 لوگ جاں بحق ہوئے ہم اس کی ہی مذمت کرتے ہیں، پاکستان ہر قسم کی دہشتگردی کی مذمت کرتا ہے، بھارت نے اس واقعہ کو استعمال کرتے ہوئے ہمارا 1960 کا سندھ طاس معاہدہ معطل کر دیا ہے، جو لوگ ہسپتالوں میں علاج معالجہ کے لئے گئے تھے انہیں بھی ملک سے نکال دیا، جو لوگ یہاں علاج معالجہ یا عبادت کے لئے آئے انہیں نہیں نکالا گیا ہے، پہلگام حملے میں جو 26 لوگ جاں بحق ہوئے وہ بے قصور تھے، وزیراعظم پاکستان نے کہا ہے، ہم ہر طرح تیار ہیں جیسے مرضی تحقیقات کروائیں۔ انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے ملک میں گالی گلوچ بریگیڈ بن گئی ہے، جب وہ شخص حکومت میں تھا، تب بھی گالم گلوچ کی جاتی تھی اپوزیشن میں ہے تو بھی، گالم گلوچ کلچر کی وجہ سے ہمیں کچھ قوانین اور ترامیم کرنی پڑیں، گالم گلوچ بریگیڈ کی وجہ سے ہمیں یہ قانون بنانا پڑا، صحافیوں کا اس وجہ سے گلہ ہے کہ ہم نے جو قانون بنایا یہ ان کے خلاف استعمال ہوگا۔ میں بطور ایڈوائز روز اعظم صحافیوں کو کہتا ہوں میرے ساتھ بیٹھیں تاکہ ایسا قانون بنائیں جس سے حق سچ کے صحافی محفوظ رہیں، ایسا قانون بنائیں جس سے بدبخت گالم گلوچ والوں کے خلاف کارروائی ہو سکے، گالم گلوچ بریگیڈ ایسی ایسی تصاویر بناتے ہیں جس سے لوگوں کے گھروں میں لڑائی جھگڑے شروع ہو چکے ہیں۔ رانا ثناء اللہ کا کہنا تھا کہ پاکستان کے پاس دفاع کے لئے ایک مرد مومن بھی ہے، جس کا نام سید عاصم منیر ہے، مودی پاکستان میں کامیابی کے سفر کو روکنا چاہتا ہے، مودی نے آئی ایم ایف سے پاکستان کا معاہدہ ختم کرنے کا مطالبہ کیا ہے، جو مودی چاہتا ہے یہی چیز گالم گلوچ کلچر والے چاہتے ہیں، یہ سب لوگ اپنے مقاصد اور سیاست کی خاطر پاکستان کو گرانا چاہتے ہیں لیکن ایسا نہیں ہو گا۔ انہوں نے کہا کہ مودی پاکستان پر ایسا وار کرنا چاہتا ہے کہ ہماری آزادی خطرے میں پڑ جائے، ابدالی میزائل کا کامیاب تجربہ ہوا ہے، ابدالی میزائل 450 میل تک زمین سے زمین تک مار کر سکتا ہے، مودی سن لو ابدالی میزائل ایٹمی میزائل لے کر جا سکتا ہے، مودی سن لو اگر تم ہمارے ماضی کے تجربے بھول گئے ہو تو یہ دیکھ لو آج ہم پاکستان کی خاطر ہر حد تک جائیں گے۔

بقیہ 39

کیلئے آسانی پیدا کرے گی، برآمدات بڑھانے کی کوشش کر رہے ہیں، بجلی کی قیمت فی یونٹ چالیس روپے سے تجاوز کر چکی تھی جس میں سات سے آٹھ روپے کمی کر دی ہے، نئے کنکشن کی آسانی پیدا کر دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹائر جلانے کی حوصلہ شکنی کرنا ہوگی، ہم نے متبادل ایندھن کا انتظام کرنا ہے خوشی ہے کہ ملکی قیادت کام کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ خطے کی صورتحال دیکھتے ہوئے اتحاد و اتفاق پیدا کرنے کی ضرورت ہے، دنیا کو بتانا ہے پوری قوم اکٹھی کھڑی ہے، بھارت کا منہ توڑ کر دکھائیں گے، عوام کے آگے سرخرو ہو کر دکھائیں گے، امن و اتفاق اور اتحاد کا پیغام حکومت کی ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ایک ذمہ دار ریاست ہے لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کسی بھی طرح کمزور یا دفاع کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتی۔ انہوں نے کہا کہ گھناؤنی دہشت گردی کرنے والوں کو منطقی انجام تک پہنچائیں گے، واضح کر چکے ہیں پہلگام واقعہ کی تحقیقات میں بھارت سے تعاون کرنے پر تیار ہیں، مذاکرات کریں گے لیکن اگر اسے کمزوری کے طور پر لیا گیا تو پھر بھرپور جواب ملے گا، حکومت ملک کا دفاع کی ناکام کوشش کر رہے ہیں

بقیہ 40

بچوں اور بچیوں پر کڑی نظر رکھیں کیونکہ ماشاءاللہ پانی کا بھاؤ کافی تیز ہے ہر سال کرخ میں کوئی نہ کوئی خاندان اس المناک سانحہ کے کرب سے گزرتا ہے والدین بچوں کو اکیلا واٹر چینلز یا ندیوں کے تالاب میں غسل کرنے تنہا نہ چھوڑیں۔

بقیہ 41

کے مترادف ہے۔ بارڈرز کی بندش، کاروبار اور روزگار کی بندش ظلم و زیادتی ہے۔ جماعت اسلامی عوامی بیداری اور حقوق بلوچستان مہم کے ذریعے عوام کو مزاحمت کیلئے تیار کر رہی ہے تاکہ خوف اور دہشت کا ماحول بدل کر عوام کو روزگار و ترقی دی جا سکے۔ یہ بات انہوں نے مسلم باغ میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر صوبائی جنرل سیکرٹری مرتضیٰ خان کاکڑ، نائب امیر صوبہ مولانا عبدالکبیر شاکر، حاجی نظیف اللہ، مولوی عبدالمنان سمیت دیگر ذمہ داران اور کارکنان موجود تھے۔ مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کے محنتی اور محب وطن عوام کے وسائل، معدنیات، کاروبار اور بارڈر ٹریڈ پر قبضہ کیا جا رہا ہے جبکہ حکومت بے بس اور مقتدر قوتیں اپنی مرضی مسلط کیے ہوئے ہیں

بقیہ 42

اپنی تحویل میں لے لیا۔ متوفی کے پاس کوئی شناخت نشانی نہیں تھا۔ انتظامیہ نے لاش کو شناخت کے لئے ٹیچنگ ہسپتال کے شعبہ حادثات میں رکھی ہے۔

بقیہ 43

ارکی درمیانی شب نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے لیویز تھانہ کی عقبی دیوار اور ڈسٹرکٹ ایکشن آفس کے قریب چوکی پر ہینڈ گرنیڈ پھینکا جس سے زور دار دھماکہ ہوا تاہم دھماکہ سے کسی بھی قسم کی جانی یا مالی نقصان نہیں ہوا ہے۔

بقیہ 44

نہ کر سکی، 2 ماہ سے اسرائیل نے محصور علاقے میں امداد نہیں آنے دی، جس کی وجہ سے لاکھوں لوگوں کی زندگیاں داؤ پر لگی ہیں۔ فلسطینی حکام کا کہنا تھا کہ غذا کی قلت کے سبب اب تک ستاون افراد زندگی ہار چکے ہیں۔ غزہ کے سرکاری میڈیا آفس نے کہا کہ جاں بحق افراد میں بچوں کے ساتھ ساتھ بیمار اور بوڑھے بھی شامل ہیں

بقیہ 45

چین کی کمپنی چائنا اوورسیز پورٹس ہولڈنگ کمپنی (COPHC) کے پاس ہے۔ خط کے مطابق، بندرگاہ کے دو آپریٹر ادارے اپنی آمدنی کا 9 فیصد جبکہ ایک ادارہ 15 فیصد جی پی اے کو فراہم کرتا ہے، لیکن یہ رقم بلوچستان حکومت کو منتقل نہیں کی جاتی۔ گوادر پورٹ اتھارٹی نے دعویٰ کیا ہے کہ وہ اپنے کارپوریٹ سوشل ریسپانسیبلٹی (CSR) کے تحت مختلف فلاحی منصوبے بلوچستان میں جاری رکھے ہوئے ہے، تاہم صوبائی اسمبلی کے ارکان نے اس بات پر شدید تحفظات کا اظہار کیا ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ بلوچستان کو اس کی جائز معاشی حصہ داری دی جائے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس معاملے پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ وہ اس معاملے کو وفاقی حکومت کے ساتھ اٹھائیں گے تاکہ بلوچستان کو اس کا حق مل سکے۔ دوسری جانب گوادر پورٹ اتھارٹی کی جانب سے حکومت بلوچستان کو کہا گیا ہے کہ گوادر پورٹ سے حاصل آمدنی میں بلوچستان کا کوئی حصہ نہیں ہے۔ گوادر پورٹ اتھارٹی کے مراسلے میں کہا گیا ہے کہ گوادر پورٹ کا آپریشنل انتظام چینی کی کمپنی کے پاس ہے۔ مراسلے کے متن کے مطابق بندرگاہ کے 2 آپریٹنگ ادارے گوادر پورٹ اتھارٹی کو 9،9 فیصد آمدنی دے رہے ہیں، ایک ادارہ اپنی آمدنی کا 15 فیصد گوادر پورٹ اتھارٹی کو دے رہا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے معاملہ وفاقی حکومت کے سامنے اٹھانے کی یقین دہانی کرائی ہے۔

بقیہ 46

تعاون، حمایت اور رہنمائی کو متحرک کر رہے ہیں۔ وہ بین الاقوامی سرمایہ کاری کو راغب کرنے، نئی نسل کو جدید تعلیم کے زیور سے آراستہ کرنے اور عالمی شراکت داری کو فروغ دینے کیلئے ایک تبدیلی کے اقدام کا کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے اپنی انتھک سفارتی کوششوں کے ذریعے انڈونیشیا، نیدرلینڈ، روس، جرمنی، امریکہ، چین، افغانستان، اور لیتھوینیا وغیرہ کے سفیروں اور قونصل جنرلز سمیت صوبے میں کام کرنے والے انٹرنیشنل اداروں کے سربراہان اور نمائندوں کے ساتھ خوشگوار روابط قائم کیے ہیں۔ حال ہی میں انہوں نے تین مختلف پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں کے وائس چانسلرز کے ساتھ روس کے شہروں سینٹ پیٹرز برگ، لینن گراڈ اور ماسکو کا کامیاب دورہ کیا۔ تعلیم کے شعبے خاص طور پر مائننگ سیکٹر میں انہوں نے بلوچستان اور سینٹ پیٹرز برگ کے درمیان نئے تعلیمی تعلقات قائم کیے ہیں اور صوبے کے نوجوانوں کیلئے اسکالرشپ کی نئی راہیں کھولی ہیں۔ قبل ازیں گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے "چائنیز ایمبیسیڈرز اسکالرشپ" پروگرام میں بھی بھرپور حصہ لیا۔ قبل ازیں گورنر بلوچستان نے سولر انرجی کی مد میں کروڑوں روپے کے فنڈز سے مختلف بلوچستان کے اضلاع میں سولر پینل نصب کرانے کا باقاعدہ افتتاح چینی قونصلیٹ کراچی میں کیا اور اب رواں ماہ کے 12 اپریل کو گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل ایک دفعہ پھر چائنا کا دورہ کریں گے۔

بقیہ 47

ملز کی مالکان ہے تو پھر چینی مافیا بے لگام ہو جائیگی چینی کی ذخیرہ اندوزی اور سٹہ مافیا میں نواز شریف کی فیملی کی شوگر ملیں ملوث ہیں۔ ایک کلو چینی 180 روپے فروخت ہو رہی ہے انہوں نے کہا کہ اشیائے خوردونوش کیمصنوعی قلت پیدا کر کے مافیاز کی سرمایہ کو بڑھانے کی پالیسی پر عمل پیرا ہے حکومت اسمگلنگ میں ملوث عناصر کی پشت پناہی کر رہے ہیں

بقیہ 48

رہی۔ قبائلی وسیاسی رہنما ٹکری محمد مردان شہی محمد حسنی نے ثالثی کرتے ہوئے فریقین کو صلح کے لیے آمادہ کیا اور مسئلہ خانگی و شرعی بنیادوں پر حل کرانے کی کوشش کی۔ جامع مسجد شہر خاران میں ایک اہم مصالحتی جرگہ ہوا، جس کی سربراہی معروف عالم دین مفتی عبادالرحمٰن قمبرانی نے کی۔ اس موقع پر ملزم خالد احمد نے قرآن پاک پر قسم اٹھائی کہ اس قتل میں اس کا کوئی ہاتھ نہیں ہے

بقیہ 49

۔ بارش کے باعث کوہ چاندران میں ندی نالوں میں طغیانی آ گئی ہے اور نصوبہ ندی میں درمیانی درجے کا سیلابی ریلا گزر رہا ہے۔ مقامی عوام نے بارشوں کے باعث پیدا ہونے والی سیلابی صورتحال پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ انتظامیہ نے شہریوں کو احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایات دی ہیں اور ندی نالوں کے قریب جانے سے گریز کرنے کی درخواست کی ہے

بقیہ 50

عث جیکب آباد کی تحصیل گڑھل میں کئی بچے زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا ہیں، گڑھل کی یونین کونسل دین پور کے گاؤں محمد رحیم جعفری میں ایک ہی گھر کے دو معصوم بچے اسمہ جعفری اور مزمل جعفری خسرہ میں مبتلا ہو کر فوت ہو چکے ہیں

بقیہ 51

زرداری کے ایکس اکاؤنٹ کو بلاک کرنا قابل مذمت ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مودی پیپلز پارٹی کی محب الوطن پالیسی سے خائف ہے' یہ بات انہوں نے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی' انہوں نے کہا کہ بھارت کا بلاول بھٹو زرداری کا ایکس اکاؤنٹ معطل کرنا شطر مرغ کا ریت میں سر دبانے کے مترادف ہے بلاول بھٹو زرداری واحد لیڈر ہے

بقیہ 52

ہیں جسے عوام نے روٹی کی قیمت اور احتجاج کو نہ صرف مسترد کیا بلکہ انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ ان کیخلاف مکمل کریک ڈاؤن کیا جائے واضح رہے کہ ضلعی انتظامیہ نے کوئٹہ کے تندور مالکان کو ایک نرخ نامہ دیا جس میں 360 گرام روٹی کی قیمت 30 روپے مقرر کیا تندور مالکان نے اسی ریٹ کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں دوبارہ چالیس روپے اور 280 گرام دیا جائے

بقیہ 53

اقدامات کریں اور متعلقہ نمائندوں کو اعتماد میں لیکر تاکہ کل کوئی اس پر انگلی نہ اٹھا سکے' یہ بات انہوں نے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی' انہوں نے کہا کہ ضلع شیرانی اگرچہ آبادی کے لحاظ سے کچھ کم ہے لیکن رقبے کے لحاظ سے ایک بہت بڑا ضلع ہے جس میں وسائل کم اور مسائل زیادہ ہے جن کی اصل وجہ اس علاقے سے ماضی میں جتنے بھی لوگ کامیاب ہوئے انہوں نے علاقے کو نظر انداز کیا میں نے آتے ہی صحت تعلیم اور پانی کے متعلق کام شروع کر دیا ہے جس پر کافی حد تک قابو پا چکے ہیں

بقیہ 54

پر حملہ کیا تو سکھ پاکستان کی پہلی دفاعی لائن ہوں گے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق گرپتونت سنگھ پنوں نے پاکستان کی نجی ٹی وی چینل کے ایک پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ فی الحال بھارت نے حملہ نہیں کیا لیکن پاکستان کو ہرگز اطمینان سے نہیں بیٹھنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں بھارتی مداخلت کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ سکھ بھارتی نہیں بلکہ پنجاب کے باشندے ہیں اور پنجاب کو آزاد کروا کر خالصتان بنوانا چاہتے ہیں۔

بقیہ 55

کی کمی ریکارڈ کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق مقامی مارکیٹ میں پیر 28 اپریل سے ہفتہ 3 مئی تک مجموعی طور پر سونے کی قیمت میں فی تولہ 6500 روپے کی کمی ریکارڈ کی گئی، جس کے بعد سونے کی قیمت 3 لاکھ 48 ہزار 700 روپے سے کم ہو کر 3 لاکھ 42 ہزار 200 روپے پر پہنچ گئی

بقیہ 56

جارحیت سے فلسطینیوں کے خون سے اپنی پیاس بجھانے کا عادی ہو چکا ہے فلسطین کے نہتے مسلمانوں پر آئے روز بارود برسا رہا ہے ہزاروں نہتے مسلمان شہید ہوئے ہیں جن میں اکثریت بچوں اور عورتوں کی ہے اسرائیل کے خونخوار اقدامات اور خونریزی پر عالم اسلام کے حکمران بزدلی کی حکمت عملی کے شکار ہے انہوں نے کہا کہ فلسطینیوں کی نسل کشی پر عالمی برادری کب تک تماشا؟ کی بن رہے ہیں فلسطین کو ملیامیٹ کر دیا ہے غزہ کے باسیوں وقت ایک مشکل ترین دور اور ناگفتہ بہ حالات سے دوچار کیا گیا۔ غزہ پر بمباری اور فاسفورس بموں کا استعمال کیا جا رہا ہے جو کہ سنگین ترین جرم ہے اسرائیل کی دہشت گردی فلسطین میں انسانیت تڑپ رہی ہے

بقیہ 57

کمرہ نمبر 19 میں طلبہ کو ڈیل کر رہے ہیں، اور خاران میں ڈیوٹی دینے سے انکار کر چکے ہیں۔ طلبا کے مطابق چھوٹے سے مسئلے کے حل کے لیے بھی اب انہیں اضافی اخراجات کر کے کوئٹہ جانا پڑتا ہے، جبکہ دیگر تمام ڈویژنل ہیڈ کوارٹرز میں بلوچستان بورڈ کی برانچز فعال ہیں، لیکن بدقسمتی سے رخشان ڈویژن میں یہ برانچ غیر فعال ہو چکی ہے

بقیہ 58

لا کالج، نیشنل لا کالج، سٹی لا کالج اور کوئٹہ لا کالج سمیت شہر کے مختلف پرائیویٹ لا کالجز کے سالانہ امتحانی سیشنز میں مسلسل تاخیر افسوسناک اور علم دشمنی کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان لا کالجز کے سیشنز کا مسئلہ کئی سالوں سے برقرار ہے، اور 2020 میں داخلہ لینے والے طلبا جن کے پانچ سال مکمل ہو چکے ہیں، نہ صرف ابھی تک اپنی ڈگریاں حاصل نہ کر سکے

بقیہ 59

ت چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ضلع ژوب بلوچستان کا آبادی کے لحاظ سے دوسرا بڑا ضلع ہے اور یہاں بے شمار مسائل کا سامنا ہے ترقیاتی سکیمات نہ ہونے کے برابر ہے ایسے لگتا ہے کہ اس شہر میں کام ہوا نہیں لیکن ہماری بھرپور کوشش ہے کہ عوام کو ساتھ ملا کر اس علاقے میں وہ کام کریں جو عوام کی ضرورت رہی ہے بلکہ ضلع ژوب کو ترقی کی راہ پر گامزن کریں گے

بقیہ 60

کرتے ہوئے کیا' تقریب سے محمد شفیق خان خروٹی' مولانا عبدالقدوس' مولانا گل خان' مولانا نقیب اللہ' مولانا رمضان' مولانا غلام اللہ' مفتی ڈاکٹر عبدالجلیل' مولانا محمد طاہر' قاری نصیب اللہ' حاجی عبدالعزیز' ڈاکٹر عبداللہ عابد' ماسٹر ساز الدین اور دیگر نے بھی خطاب کیا انہوں نے کہا کہ جمعیت اہل حدیث قرآن وسنت کی دعوت پر یقین رکھتی ہے، اور ہمارا مقصد محض چند مخصوص مسائل نہیں

بقیہ 61

تعداد میں شرکت کی میٹنگ سے خلیفہ نیاز احمد راجپر طاہری خلیفہ سلطان احمد چنہ پریس سیکرٹری ڈاکٹر غلام رسول بگٹی اللہ رکھیہ طاہری و دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جماعت اصلاح المسلمین کا مقصد ہیکہ مسلمان بھائی اسلام کی طرف گامزن ہوں ہمارا دین بہترین دین ہے بلا جواز کسی کو تنگ نہ کریں پڑوسی کا خاص خیال رکھیں ہمارے مرشد سجن سائیں کا پیغام ہیکہ اسلام کی پیروی پر عمل پیرا ہوں جہاں مسلمان ممالک پر ظلم و بربریت ہو تو اس ملک سے نفرت کریں

بقیہ 62

اہل حدیث جامعہ سلفیہ میں تعزیتی ریفرنس سے خطاب اور علامہ ساجد میر کے انتقال پر فاتحہ خوانی کی اس موقع پر نائب امرا مولانا عبدالکبیر شاکر زاہد اختر بلوچ عبدالمجید سربازی و دیگر ذمہ داران بھی ہمراہ تھے

بقیہ 63

سے چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کیخلاف توہین عدالت کی درخواست پر سماعت منگل کو ہوگی۔ سپریم کورٹ کے جسٹس امین الدین کی سربراہی میں 13 رکنی آئینی بینچ 6 مئی کو دن ساڑھے 11 بجے سماعت کرے گا

بقیہ 64

ت کا اظہار انہوں نے اسرائیل مردہ باد مارچ کے حوالے سے اقلیتی نمائندگان سے بات چیت کرتے ہوئے کیا رکن صوبائی اسمبلی و جمعیت علماء اسلام اقلیتی ونگ کے صوبائی صدر روی کمار پوہجہ نے مزید کہا کہ غزہ میں فلسطینی بھائیوں کا قتل عام کی ہر فورم پر مذمت کرتے ہیں اہل فلسطین خاص طور پر غزہ کے مسلمانوں کے صبر حوصلے اور قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں

بقیہ 65

مرکزی چیئرمین تحریک اتحاد بین السادات پاکستان سید الطاف حسین شاہ دوپاسی نے مزید کہا کہ بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کو کسی بھی قسم کی مہم جوئی کی تو منہ کی کھانی پڑے گی بھارت نے پاکستان پر حملہ کرنے کی غلطی کی تو اسے نہ صرف افواج پاکستان کا سامنا کرنا پڑے گا بلکہ ملک بھر میں بسنے والے لاکھوں سادات کرم بھی ایک فولادی دیوار بن کر دشمن کے عزائم کو خاک میں ملا دیں گے۔ چیئرمین سید الطاف حسین شاہ دوپاسی نے پہلگام واقعے کے بعد بھارت کی بے بنیاد الزامات تراشی کو خطے کے امن کے لیے خطرہ قرار دیا اور کہا کہ ملک بھر میں آباد لاکھوں سادات کرام افواج پاکستان کے شانہ بشانہ ملک کا دفاع کریں گی۔

بقیہ 66

صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا ملکی سالمیت کیلئے اس وقت پوری قوم متحد ہے اور ہم سب ہر قسم کی قربانی دینے کیلئے تیار ہیں، بھارت نے پاکستان کا پانی روکنے یا کسی قسم کی جارحیت کی کوشش کی تو اسے اس کی بھاری قیمت چکانا پڑے گی۔ مخدوم جاوید ہاشمی نے کہا کہ جہانیاں میرے لیے نیا نہیں ہے یہاں کی عوام نے مجھے تین مرتبہ منتخب کر کے اسمبلی میں بھیجا تھا یہ میرا دوسرا گھر ہے میں جہانیاں کی عوام کی محبتوں کا ہمیشہ سے مقروض ہوں مجھے یہاں کے گلی کوچوں سے پیار ہے اس لیے یہاں کی عوام کے دکھ درد میں شریک ہونے کیلئے اکثر یہاں آتا رہتا ہوں۔ قبل ازیں مخدوم جاوید ہاشمی نے جلال آباد جہانیاں میں محکمہ تعلیم کے اے ای او اولیس منیر بھٹی، ڈاکٹر وقاص منیر بھٹی کے چچا اور منیر احمد بھٹی کے بھائی نصیر احمد بھٹی کی وفات پر تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے فاتحہ خوانی کی اس موقع پر چوہدری خلیل احمد گھمن، محمد عارف سعید اور سید قیصر عباس بخاری بھی موجود تھے۔ بعد ازاں جاوید ہاشمی اپنے دوست شیخ محمد سلیم کی رہائش گاہ بھی گئے جہاں انہوں نے ان کی اہلیہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کی اس موقع پر احمد عمر سلیمانی، شیخ عزیر سلیم بھی موجود تھے جبکہ مخدوم جاوید ہاشمی نے چک نمبر 113 دس آر میں بزرگ شخصیت چوہدری خضر حیات نجر کی مزاج پرسی کی اس موقع پر نسیم حیات، حسنات حیات اور دیگر بھی موجود تھے۔

بقیہ 67

دفاع کیلئے پوری پاکستانی قوم متحد ہے، انسانیت کے علمبردار انسانیت کے دشمن بن چکے، بھارت نے کوئی حرکت کی تو اس کو منہ توڑ جواب ملے گا

بقیہ 68

خصوصا وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں صورتحال تشویشناک ہو چکی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق اسلام آباد میں عام اور ضروری ادویات ناپید ہو گئی

بقیہ 69

روڈ، ہزارہ ٹاؤن، کلی اسماعیل، نواحی علاقے اچینی روڈ، نواں کلی اور سبزل روڈ شامل ہیں۔ بجلی کی بندش کے باعث شہری نہ صرف شدید گرمی میں پسینے میں شرابور ہو رہے ہیں بلکہ گھریلو نظام زندگی، کاروبار اور تعلیم جیسے اہم شعبے بھی متاثر ہو رہے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ گرمی میں نہ پنکھے چلتے ہیں اور نہ ہی پانی کی فراہمی ممکن ہو پاتی ہے

بقیہ 70

جب تک امن وامان نہیں ہوگا ترقی کا سفر مکمل نہیں ہوگا ان خیالات کا اظہار انہوں نے (یو این اے) نیوز ایجنسی سے گفتگو کرتے ہوئے کیا میر نصیر مینگل نے بھارت کی جانب سے مسلسل اشتعال انگیزی کی مذمت کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ پاکستان ایٹمی ملک ہے ہم نے ایٹم بم اپنے ملک کی حفاظت کے لیے بنایا ہے اگر کوئی میلی آنکھ سے پاکستان کے طرف دیکھے گا

بقیہ 71

جہاں وزیر مملکت برائے پبلک افیئرز رانا مبشر حسین اور رکن صوبائی اسمبلی پنجاب میاں عمران جاوید نے ان کے اہل خانہ کو میتیں حوالے کیں

بقیہ 72

آغاز ہی سے بلوچ خواتین کی گرفتاری کے خلاف سراپا احتجاج ہے۔ ابتدائی احتجاج نے اب جلسوں اور ریلیوں کی صورت اختیار کر لی ہے، اور یہ تحریک اس وقت تک جاری رہے گی جب تک بلوچ خواتین اور کارکنان کو رہا نہیں کیا جاتا۔ مقررین نے کہا کہ ڈاکٹر ماہ رنگ بلوچ اور ان کے ساتھیوں کو صرف اس لیے تھری ایم پی او کے تحت گرفتار کیا گیا کہ وہ حق بات کرتے ہیں۔ کیا حق بات کرنا جرم بن چکا ہے؟ ریاست کو اس پر سنجیدگی سے غور کرنا چاہیے، کیونکہ کسی شہری کو سچ بولنے سے نہیں روکا جا سکتا۔ مقررین نے مزید کہا کہ بلوچستان نیشنل پارٹی ایک پارلیمانی جماعت ہے جو جمہوری طریقے سے اپنا احتجاج ریکارڈ کروا رہی ہے۔ ہم کسی بھی قسم کے دباؤ یا ہتھکنڈوں سے مرعوب نہیں ہوں گے۔ چاہے ہمیں بھی تھری ایم پی او کے تحت گرفتار کیا جائے یا ایف آئی آر درج کی جائے، ہم پرامن احتجاج جاری رکھیں گے

بقیہ 73

میر اکرم بنگلزئی، معروف قبائلی شخصیت حاجی دوست محمد ریکی اور دیگر ان کے ہمراہ تھے۔ میر عبید گورگیج نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوامی خدمت، جمہوریت کے استحکام، اور محروم طبقات کی فلاح کو اپنی اولین ترجیح بنایا ہے

بقیہ 74

سلیم مانڈوی والا کی سربراہی میں پارلیمنٹ ہاؤس میں منعقد ہوگا اجلاس میں مختلف مالیاتی اداروں اور ایسوسی ایشنز کے ساتھ مالی سال 2025 بجٹ کے حوالے سے سفارشات پر بحث کی جائے گی۔

بقیہ 75

والے بلڈنگ کا گر ملبہ ہوتا، اور بلڈنگ میں موجود طلبا یا اساتذہ کے اوپر گرتا تو کئی قیمتی جانیں ضائع ہو سکتے اچھا ہوا تیز ہواں نے بلڈنگ کی تیار ہونے سے پہلے پول کھول دیا زیر تعمیر بلڈنگ میں چونا ہی کے نشتوں میں برائے نام کے سیمنٹ استعمال کی گئی تھی جس سے وہ برداشت نہ کر سکیں اور بلڈنگ کے مختلف حصے گر گئے ہیں

بقیہ 76

پر مشتمل ہے اور مین شاہراہ پر شراب کا اسٹور قائم کرنا سماجی تباہی کی بنیاد ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ اس اسٹور کا لائسنس حبکو پاور کمپنی کے لیے حاصل کیا گیا، مگر اسے گڈانی میں قائم کر کے نوجوانوں، خاص طور پر کم عمر بچوں، کو منشیات کی لت میں مبتلا کر دیا گیا ہے۔ رہنماؤں نے مزید کہا کہ اس وائن اسٹور کی وجہ سے علاقے میں جھگڑے، ناچاکیاں اور دشمنیاں جنم لے رہی ہیں، جس سے گڈانی کا پرامن ماحول برباد ہو رہا ہے

بقیہ 77

غم کا اظہار کرتے ہوئے بارگاہ الٰہی میں مغفرت کے لیے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرکزی جمعیت اہلحدیث کے امیر سینٹر پروفیسر ساجد میر کو اپنی جوار رحمت میں آسودہ جگہ عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ سینٹر پروفیسر ساجد میر کا ملک میں جاری سیاسی و جمہوری عمل و جدوجہد میں اہم کردار رہا ہے

بقیہ 78

کی درمیانی شب کو نامعلوم موٹر سائیکل سوار افراد نے قلات میں لیویز تھانہ کے عقبی جانب قائم چوکی پر ہینڈ گرنیڈ پھینک کر فرار ہو گئے دھماکے کی آواز دور دور تک سنائی گئی پولیس ذرائع کے مطابق دھماکے سے کسی بھی قسم کی جانی یا مالی نقصان نہیں ہوا مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے

بقیہ 79

یہاں کے نوجوان بے روزگاری، تعلیم کی کمی، اور صحت کی سہولیات کے فقدان جیسے بنیادی مسائل کا سامنا کر رہے ہیں

بقیہ 80

براکی میں لیویز فورس نے پیشہ ورانہ مہارت اور چوکسی کا مظاہرہ کرتے ہوئے کل چوری ہونے والے تربوز سے بھرے پک اپ کو برق رفتاری سے کارروائی کرتے ہوئے برآمد کر لیا۔

بقیہ 81

سنگین جرم ہے، جسے کسی طور بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ "یہ کسی ایک خاندان کا نہیں بلکہ پورے معاشرے کا مسئلہ ہے۔ سات ماہ سے ایک ماں اپنے بچے کی راہ تک رہی ہے اور ہم خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔ سید امان شاہ نے الزام لگایا کہ قانون نافذ کرنے والے ادارے اور حکومت بلوچستان اس کیس میں مکمل طور پر ناکام ہو چکے ہیں۔

بقیہ 82

بل کی صورت میں پاس کرنا ہے لہذا ملک کے معدنیات کے شعبے میں ماہرین حقیقی مائن اونرز اور پاکستان مائننگ ایسوسی ایشن جو کہ ایک فعال اور بہترین تنظیم ہے کو اعتماد میں لیا جائے اس بل کو جب مائننگ ایسوسی ایشن اور تمام معدنیات کے مائن اونرز قبول نہیں کرتے اس وقت اسمبلیوں میں بیٹھے چور فارم 47 کے سیاسی یتیم اور سیاسی بونے جو کہ صرف کرپشن کے لیے بیٹھے ہیں کچھ نہیں کر سکتے اگر ان چور ممبران فارم 47 کے سامنے کسی بھی طرح کا بل پیش کیا جائے یہ نام نہاد کسی بھی بل کو پاس کرائیں گے

بقیہ 83

روز الدین کے نام سے ہوئی ہے، جو تحصیل صدر زور میرن کے علاقے کا رہائشی تھا۔ واقعہ اس وقت پیش آیا جب علاقے میں گرج چمک کے ساتھ بارش ہو رہی تھی۔ جاں بحق شخص کی لاش کو ضروری کارروائی کے بعد لواحقین کے حوالے کر دیا گیا۔ علاقے میں بارش اور آسمانی بجلی کے بعد خوف و ہراس کی فضا قائم ہے۔ ریسکیو اداروں نے شہریوں کو احتیاط برتنے کی ہدایت کی ہے

بقیہ 84

اٹھی، جس نے گھر کے کمرے اور کچن کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ حادثے کے نتیجے میں گھر میں موجود تمام قیمتی سامان بشمول الماریاں، کارپیٹ، طلائی زیورات (انگوٹھی، کانٹے)، کپڑے، اور دیگر ضروری اشیاء مکمل طور پر جل گئیں۔ اس کے علاوہ تنویر اکبر اور ان کی اہلیہ کی اصل تعلیمی اسناد، بچوں کے بی فارم، اور ان کے بیٹے کا معذوری سرٹیفکیٹ بھی آگ کی نذر ہو گئے۔

بقیہ 85

یب کسانوں نے سارا سال قرض لے کر محنت کی، مگر اچانک موسلادھار بارش اور ژالہ باری — جو ماحولیاتی تبدیلی (گلوبل کلائمٹ چینج) کا نتیجہ ہے نے ان کی تمام امیدوں پر پانی پھیر دیا۔ صرف فصلیں ہی نہیں

بقیہ 86

ہے ہیں ان کی خدمات نے نہ صرف دین کی اشاعت کی بلکہ ملک وقوم کی ترقی میں بھی اہم کردار ادا کیا آج بھی امت کو اپنے علماء ؒ کی رہنمائی کی اشد ضرورت ہے

بقیہ 87

کو BPPRA پر منتقل کرنے سے پرنٹ میڈیا بندش کی جانب جائے گا جو کسی صورت قبول نہیں۔ اور ایسی کسی بھی پالیسی کو ہم تسلیم نہیں کریں گے جو بغیر مشاورت کے غاصبانہ انداز میں لاگو کرنے کی کوشش کی جائے۔ دوسری جانب سے صوبے کی واحد اخبار مارکیٹ بھی فنڈز کے عدم اجراء کے باعث مسائل سے دوچار ہو چکی ہے حکومت کی جانب سے فوری طور پر فنڈز کا اجراء یقینی بنایا جائے۔ احتجاجی کیمپ کے شرکاء کا کہنا تھا کہ اگر مطالبات تسلیم نہ کئے گئے تو سلسلہ وار احتجاجی تحریک کو وسعت دی جائے گی جبکہ علامتی احتجاجی کیمپ روزانہ کی بنیاد پر سہ پہر 3 بجے سے شام 5 بجے تک جاری رہے گا۔

بقیہ 88

لنگلی لین اور ماڑہ سے بتایا جاتا ہے، شدید زخمی ہو گیا۔ اطلاع ملتے ہی ایمرجنسی ریسپانس سینٹر اور ماڑہ کی ٹیم فوری طور پر جائے حادثہ پر پہنچی اور زخمی رفیق کو ریسکیو ایمبولینس کی مدد سے پاک بحریہ ہسپتال درمان جاہ منتقل کر دیا۔

بقیہ 89

حافظ حبیب الرحمٰن نے کہا کہ 15 مئی کو ہونے والا اسرائیل مردہ باد ملین مارچ ملکی تاریخ کا سب سے بڑا ملین مارچ ثابت ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ جمعیت علماء اسلام ایک منظم جماعت ہے جس کا دستور قابل احترام ہے اور اس کے علماء خانقاہوں سے نکل کر اس مارچ کی کامیابی کے لیے اپنی صلاحیتیں بروئے کار لائیں گے۔

بقیہ 90

تھے راستے میں سی اور گاڑی کیساتھ ٹکر میں انکی گاڑی کھائی میں جا کر گری جنھیں زخمی حالت میں خانوزئی ہسپتال پہنچایا گیا جہاں انہیں ایمرجنسی بنیادوں پر ابتدائی طبی امداد فراہم کر دی گئی جبکہ مزید علاج کے کوئٹہ پہنچانے کی ہدایت پر صوبائی صدر بلوچستان دوداد شاہ کاکڑ، صوبائی جنرل سیکرٹری جہانگیر رند اور دیگر زخمیوں کو ایمرجنسی طور سول ہسپتال ٹراما سینٹر میں ابتدائی طبی معائنے کے بعد کوئٹہ سٹی انٹرنیشنل ہسپتال منتقل کر دیا گیا بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ صوبائی صدر داؤد شاہ کاکڑ شدید زخمی ہے انکی آج سرجریز متوقع ہے جبکہ صوبائی جنرل سیکرٹری جہانگیر رند اور دیگر زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد کے بعد فارغ کر دیا گیا ہے قوم سے دواد شاہ کاکڑ کی صحت یابی کیلئے خصوصی دعاؤں کی استدعا کی جاتی ہے

بقیہ 91

درج کرتے ہوئے دفعہ 15E کے تحت قانونی کارروائی شروع کر دی۔ چاغی لیویز فورس علاقے میں امن وامان برقرار رکھنے کے لیے مسلسل سرگرم عمل ہے

بقیہ 92

اسٹیشن میں موجودہ صورتحال کے پیش نظر قومی سلامتی کے امور زیر غور لائے گئے، ڈی جی آئی ایس پی آر نے سیاسی رہنماؤں کو پاک فوج کی تیاریوں سے آگاہ کی۔ وزیر اطلاعات نے سیاسی قائدین کو حکومتی سفارتی اقدامات سے آگاہ کیا۔ مختلف جماعتوں کے رہنما سرکاری ٹی وی کے ہیڈ کوارٹرز پہنچے، جن میں مسلم لیگ ن کے رہنما خرم دستگیر، عابد شیر علی، مشیر داخلہ پرویز خٹک شامل تھے۔ متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیو ایم) کے رہنما ڈاکٹر فاروق ستار بھی بریفنگ میں شرکت کیلئے موجود تھے، بریفنگ موجودہ قومی سلامتی کی صورتحال اور اس کے مضمرات کے حوالے سے دی گئی۔ بھارتی پرچم بردار بحری جہازوں کا پاکستانی بندرگاہوں پر داخلہ فوری طور پر بند سندھ کے وزرا ناصر حسین شاہ، شرجیل میمن اور سعید غنی بھی اجلاس میں شریک تھے جبکہ ایم کیو ایم کے فیصل سبزواری، پیپلز پارٹی کی شازیہ مری بھی بریفنگ میں موجود تھیں واضح رہے کہ پاکستان تحریک انصاف پہلے ہی بریفنگ میں حصہ نہ لینے کا فیصلہ کر چکی ہے۔ خیال رہے کہ 22 اپریل کو مقبوضہ کشمیر کے علاقے پہلگام میں سیاحوں پر حملے میں 26 سیاح کی ہلاکت کے واقعے کے بعد بھارتی حکومت نے اس کا الزام پاکستان پر لگاتے ہوئے

عالم اسلام کے حکمران مظلوم فلسطینیوں کی چیخ وپکار پر خاموش تماشائی بن چکے ہیں
مولانا لونی

فلسطین کو ملیا میٹ کر دیا ہے غزہ کے باسیوں وقت ایک مشکل ترین دور اور ناگفتہ بہ حالات سے دوچار کیا گیا

اسرائیل مسلسل جارحیت سے فلسطینیوں کے خون سے اپنی پیاس بجھانے کا عادی ہو چکا ہے' امیر جمعیت نظریاتی

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے قائمقام امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین نائب امیر مولانا عبدالروف مرکزی سرپرست مولانا شمس الھدی مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری نجیم خان خان ایڈوکیٹ مرکزی جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید عبدالستار شاہ چشتی مولانا سائیں عزیز احمد شاہ امروٹی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ مولانا قاری محمد اکمل مولانا محمد قاسم خلیل نے کہا کہ عالم اسلام کے حکمران مظلوم فلسطینیوں کی چیخ وپکار پر خاموش تماشائی بن چکے ہیں اسرائیل مسلسل (بقیہ نمبر56 صفحہ نمبر03 پر)



کوئٹہ، بی سی آر اے کے فوکل پرسن میر علی احمد ابابکی، ارمان خان اچکزئی اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

خاران، بلوچستان بورڈ کی رخشان برانچ غیر فعال، طلبا کو مسائل کا سامنا

نیٹ سلو کا بہانہ، کمپیوٹر آپریٹر اور کنٹرولر خاران ڈیوٹی سے انکاری ہیں: طلبا کی اپیل

خاران (نامہ نگار) رخشان ڈویژن کے ہیڈ کوارٹر خاران میں واقع بلوچستان بورڈ برانچ غیر فعال ہوگئی ہے، جس کی وجہ سے طلبا وطالبات کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ کمپیوٹر آپریٹر اور اسسٹنٹ کنٹرولر مبینہ طور پر نیٹ سلو ہونے کا بہانہ بنا کر خاران کے بجائے کوئٹہ میں، بورڈ آفس (بقیہ نمبر57 صفحہ نمبر03 پر)

سونے کی فی تولہ قیمت میں 6500 روپے کی کمی ریکارڈ

کراچی (یو این اے) پاکستان میں ہفتہ وار بنیادوں پر سونے کی قیمت میں فی تولہ 6500 روپے اور عالمی سطح پر 65 ڈالر (بقیہ نمبر55 صفحہ نمبر03 پر)

کوئٹہ کے لاکالجز کے امتحانی سیشنز میں تاخیر علم دشمنی ہے، طلبا ذہنی اذیت کا شکار ہیں، پی ایس او

امتحانات اور نتائج میں تاخیر سے ہزاروں طلبا کا مستقبل خطرے میں پڑ گیا ہے، یار محمد بریال و دیگر رہنما

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن ضلع کوئٹہ کے ضلعی سیکرٹری یار محمد بریال، سینئر معاون واسع سنزر، اطلاعات سیکرٹری حفیظ اللہ یاد، آفس سیکرٹری شہزادہ ترین، رابطہ سیکرٹری ڈاکٹر محمود خلجی اور ثقافت سیکرٹری صالح وطن شاد نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ زرغون (بقیہ نمبر58 صفحہ نمبر03 پر)

بھارت نے حملہ کیا تو سکھ پاکستان کی پہلی دفاعی لائن ہونگے، گرپتونت سنگھ

کراچی (این این آئی) خالصتان تحریک کے رہنما گرپتونت سنگھ پنوں نے کہا ہے کہ اگر بھارت نے پنجاب سے پاکستان (بقیہ نمبر54 صفحہ نمبر03 پر)

مودی سرکار کی بلاول بھٹو زرداری کے ایکس اکاؤنٹ کو بلاک کرنا قابل مذمت ہے' بخت کاکڑ

بھارت کا بلاول بھٹو زرداری کا ایکس اکاؤنٹ معطل کرنا شتر مرغ کا ریت میں سر دبانے کے مترادف ہے' وزیر صحت بلوچستان

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ علاقے کی تعمیر وترقی وخوشحالی اولین ترجیح ہے نواں کلی کے مین روڈ اور دیگر شاہراہوں پر کام تیزی سے جاری ہے اس سے عوام استفادہ حاصل کرے گی الیکشن سے قبل عوام کے ساتھ جو وعدے کیے تھے اسے عملی جامعہ پہنانے کیلئے کوشش کر رہے ہیں مودی سرکار کی جانب سے پارٹی سربراہ بلاول بھٹو (بقیہ نمبر51 صفحہ نمبر03 پر)

تندور مالکان کا انتظامیہ کی ریٹ نظر انداز' عوام کو لوٹنے کی پالیسی برقرار

انتظامیہ کی جانب سے ان کے خلاف کریک ڈاؤن کے بعد وہ پریس کلب آ کر احتجاج پر بیٹھ گئے

کوئٹہ (اے این این) کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں تندور مالکان نے انتظامیہ کی جانب سے ریٹ کو نہ صرف نظر انداز بلکہ روٹی کے وزن میں مزید کمی کر کے عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنے کی پالیسی برقرار رکھی انتظامیہ کی جانب سے ان کے خلاف کریک ڈاؤن کے بعد وہ پریس کلب آ کر احتجاج پر بیٹھ گئے اور ناجائز طریقے سے اپنے مطالبات منوانے کی کوشش کرر (بقیہ نمبر52 صفحہ نمبر03 پر)

دیوالیہ ہونے کے دہانے پر کھڑا پاکستان ترقی کی طرف دوڑ رہا ہے
علی پرویز ملک

آئندہ بجٹ میں تنخواہ دار طبقہ کیلئے آسانی پیدا کریں گے، بجلی کے یونٹ میں سات سے آٹھ روپے تک کمی کی ہے

بھارت اپنی کمزوریوں، نالائقی کا بوجھ کسی اور پر نہ ڈالے، حکومت دفاع کی صلاحیت رکھتی ہے' وفاقی وزیر پیٹرولیم

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ کبھی یہ دعویٰ نہیں کیا کہ پاکستان میں دودھ اور شہد کی نہریں بہہ رہی ہیں لیکن جہد مسلسل سے معاملات بہتر ہو رہے ہیں، حکومت نے مہنگائی پر قابو پالیا ہے، وہ ملک جو دیوالیہ ہونے کے دہانے پر کھڑا تھا اب وہ معاشی استحکام اور ترقی کی طرف دوڑ رہا ہے۔ داروغہ میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت آئندہ بجٹ میں تنخواہ دار طبقہ (بقیہ نمبر39 صفحہ نمبر03 پر)

حکومت اور مافیاز کی گٹھ جوڑ سے چینی کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے' قاری مہر اللہ

عوام کو ذخیرہ اندوزوں اور منافع خوروں کی رحم وکرم پر چھوڑ دیا ہے، جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہر اللہ، جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی، شیخ الحدیث مولانا سراج الدین شیخ الحدیث مولانا نیاز محمد، مولانا آغا ابراہیم شاہ، مولانا خدائے نظر، مولانا محمد ابراہیم مولانا رحمت اللہ حقانی نے کہا کہ حکومت اور مافیاز کی گٹھ جوڑ سے چینی کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے حکمران خود شوگر (بقیہ نمبر47 صفحہ نمبر03 پر)

جیکب آباد میں خسرہ وبا پھیل گئی، ایک ہی گھر کے 2 معصوم بچے فوت، کئی بچے بیمار

جیکب آباد (اے این این) جیکب آباد میں خسرہ وبا پھیل گئی، ایک ہی گھر کے 2 معصوم بچے فوت، کئی بچے بیمار، محکمہ صحت نے کوئی نوٹس نہیں لیا۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد میں خسرہ کی وبا پھیل گئی ہے، خسرہ کی وباء کے با (بقیہ نمبر50 صفحہ نمبر03 پر)

خاران، اشفاق شاہوانی قتل کیس میں دو سال بعد صلح پر ختم ہو گیا

مفتی عباد الرحمٰن قمبرانی کی زیر نگرانی قرآن پر قسم، فریقین نے صلح کر لی

خاران (یو این اے) خاران شہر کے علاقے واپڈا کالونی میں دو سال قبل ہونے والے اشفاق احمد شاہوانی قتل کیس کا دیرینہ مسئلہ بالآخر خیر وصلاح پر ختم ہو گیا۔ مقتول کے لواحقین کی جانب سے مقدمہ عدالت میں دائر کیا گیا تھا، جس کے بعد طویل عدالتی کارروائی کے نتیجے میں عدالت نے ملزم خالد احمد ولد مرحوم فقیر محمد جمالدینی کو بری کر دیا، تاہم فریقین کے درمیان کشیدگی برقرار (بقیہ نمبر48 صفحہ نمبر03 پر)

کوہلو شہر اور گردونواح میں موسلا دھار بارش، ندی نالوں میں طغیانی

کوہلو (یو این اے) کوہلو شہر اور گردونواح میں گرج چمک کے ساتھ موسلا دھار بارش کا سلسلہ وقفے وقفے سے جاری ہے (بقیہ نمبر49 صفحہ نمبر03 پر)

آنیوالی بجٹ میں عوام دوست اسکیمات شامل کرینگے' نواز کبزئی

کوشش ہے کہ علاقہ ترقی کی راہ پر گامزن ہو اور بے روزگار نوجوانوں کو میرٹ کے مطابق روزگار فراہم ہو' رکن بلوچستان اسمبلی

شیرانی (اے این این) جمعیت علماء اسلام کے رکن بلوچستان اسمبلی ڈاکٹر محمد نواز کبزئی نے کہا ہے کہ آنیوالی بجٹ میں علاقے کی تعمیر وترقی کیلئے ایسے اسکیمات شامل کرینگے جو اجتماعی طور پر عوام کے مفاد میں ہوں کوشش ہے کہ علاقہ ترقی کی راہ پر گامزن ہو اور بے روزگار نوجوانوں کو میرٹ کے مطابق روزگار فراہم ہو صوبائی حکومت عوامی مسائل حل کرنے کیلئے ایسے (بقیہ نمبر53 صفحہ نمبر03 پر)



متحدہ قبائل فیڈریشن پاکستان کے زیر اہتمام ملک امان اللہ خان کاکڑ کارکنوں کے ہمراہ بھارت کا جھنڈا نذر آتش کر رہے ہیں

داؤد شاہ کاکڑ کی گاڑی کو حادثہ کارکنان سمیت زخمی

شمولیتی پروگرام کے سلسلے میں ژوب جا رہے تھے راستے میں کسی اور گاڑی کیساتھ ٹکر میں انکی گاڑی کھائی میں جا گری جنھیں زخمی حالت میں خانوزئی ہسپتال پہنچایا گیا

صوبائی صدر داؤد شاہ کاکڑ شدید زخمی ہے انکی آج سرجریز متوقع ہے جبکہ صوبائی جنرل سیکرٹری جہانگیر رند اور دیگر زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد کے بعد فارغ کر دیا گیا ہے

کوئٹہ (پ ر) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی صدر داؤد شاہ کاکڑ و دیگر کی صحت یابی کیلئے قوم سے دعاؤں کی استدعا کیجاتی ہے صوبائی جنرل جہانگیر رند و دیگر کی حالت اب خطرے سے باہر ہے صوبائی صدر و دیگر کی عیادت کے پورے صوبے سے کارکنان کی ہسپتال آمد کا سلسلہ جاری ہے پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سیکرٹریٹ سے جاری کردہ بیان میں کہا کہ پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی صدر داؤد شاہ، صوبائی جنرل سیکرٹری جہانگیر رند اور دیگر عہدداران پارٹی تنظیم اور شمولیتی پروگرام کے سلسلے میں ژوب جا رہے (بقیہ نمبر90 صفحہ نمبر03 پر)



کوئٹہ، پی ٹی آئی کے صوبائی صدر داؤد شاہ کاکڑ روڈ ایکسیڈنٹ کے بعد ٹراما سنٹر میں زیر علاج ہے

ضلع ژوب میں بائی پاس ایک بڑا مسئلہ ہے' فضل قادر مندوخیل

ژوب بائی پاس بننے سے عوام کے ساتھ ساتھ ہیوی گاڑیوں کی مشکلات میں کمی آئیگی

ژوب (اے این این) جمعیت علمائے اسلام کے رکن صوبائی اسمبلی فضل قادر مندوخیل نے کہا ہے کہ ضلع ژوب میں بائی پاس ایک بڑا مسئلہ ہے جس سے ہائی وی گاڑیاں دن کے وقت شہر میں گزرنے سے ٹریفک کا نظام درہم برہم ہوتا ہے گزشتہ روز بائی پاس کے حوالے سے قرارداد کی منظوری خوش آئند ہے امید ہے کہ آنے والے بجٹ میں بائی پاس بنانے کیلئے رقوم مختص ہونگے تاکہ ژوب کے عوام کا یہ دیرینہ مسئلہ حل ہو سکے' یہ بات انہوں نے اے این این نیوز سے خصوصی با (بقیہ نمبر59 صفحہ نمبر03 پر)

جماعت اصلاح المسلمین جعفر آباد کی سہ ماہی اجلاس

فرید آباد (اے این این) جماعت اصلاح المسلمین جعفر آباد کی سہ ماہی میٹنگ نورانی مسجد میں منعقد ہوا جس کی مہمان خاص خلیفہ نیاز احمد راجپر طاہری تھے جبکہ خلیفہ سلطان احمد چنہ نے سہ ماہی رپورٹ پیش کی میٹنگ میں کثیر (بقیہ نمبر61 صفحہ نمبر03 پر)

دینی مدارس اسلام کے قلعے ہیں' جمعیت اہل حدیث بلوچستان

نوجوانوں کو عقیدے اور صالح عمل کی طرف لانا وقت کی ضرورت ہے' قاری عبدالبصیر

کوئٹہ (اے این این) جمعیت اہل حدیث بلوچستان کے امیر قاری عبدالبصیر نے کہا ہے کہ دینی مدارس اسلام کے قلعے ہیں، جہاں سے فکری اور روحانی انقلاب کی بنیادیں رکھی جاتی ہیں' نوجوانوں کو عقیدے اور صالح عمل کی طرف لانا وقت کی ضرورت ہے' جمعیت اہل حدیث قرآن وسنت کی دعوت پر یقین رکھتی ہے، اور ہمارا مقصد محض چند مخصوص مسائل نہیں، بلکہ پورے معاشرے میں دینی بیداری پیدا کرنا ہے' ان خیالات کا اظہار انہوں نے شمولیتی تقریب سے خطاب (بقیہ نمبر60 صفحہ نمبر03 پر)

اورماڑہ، زمیاد گاڑی کی ٹکر سے موٹر سائیکل پر سوار ایک شخص زخمی

اورماڑہ (یو این اے) مکران کوسٹل ہائی وے پر بشام ہوٹل کے قریب ایک زمیاد گاڑی نے پیچھے سے ایک موٹر سائیکل کو ٹکر ماردی۔ تصادم کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار، جس کی شناخت رفیق کے نام سے ہوئی ہے اور جس کا تعلق (بقیہ نمبر88 صفحہ نمبر03 پر)

نوشکی آئل ٹینکر سانحہ، شہدا کی تعداد 19 ہوگئی

ڈاکٹرز کی عدم توجہی مزید اموات کا سبب بن رہی ہے، حکومت نوٹس لے، لواحقین کا مطالبہ

نوشکی (یو این اے) نوشکی کے علاقے میں تیل بردار ٹینکر میں لگنے والی آگ کے دلخراش واقعے میں شہدا کی تعداد 19 ہوگئی ہے۔ حادثہ اس وقت پیش آیا جب مقامی لوگ ٹینکر سے تیل جمع کر رہے تھے کہ اچانک ٹینکر میں زوردار دھماکہ ہوا اور آگ بھڑک اٹھی، جس نے متعدد افراد کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔

مولانا ہدایت الرحمان کا علامہ ساجد میر کی وفات پر تعزیتی ریفرنس

کوئٹہ (پ ر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان نے ممتاز عالم دین جمعیت اہل حدیث کے سربراہ پروفیسر علامہ ساجد میر کے انتقال پر مرکز جمعیت (بقیہ نمبر62 صفحہ نمبر03 پر)

15 مئی کا اسرائیل مردہ باد ملین مارچ ملکی تاریخ کا سب سے بڑا مارچ ثابت ہوگا، حافظ حسین احمد شرودی

بلوچستان کے عوام غزہ کے مظلوم مسلمانوں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کریں گے

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا حافظ حسین احمد شرودی، مولانا سعید احمد، مولانا مفتی عبدالباقی بڑیچ، مولانا محمد عثمان پرکانی، مولانا قاری نظر محمد حقانی، مولانا احمد جان ساسولی، مولانا عبدالمجید، مولانا محمد اکبر مینگل، مولانا مفتی رضا خان، سید نصیب اللہ آغا، امین جان رند، حاجی محمد عیسی اور ملک روزی الدین، اور جمعیت طلبہ اسلام ضلع کوئٹہ کے کنو (بقیہ نمبر89 صفحہ نمبر03 پر)

پرنٹ میڈیا کی بندش کسی صورت قبول نہیں ایکشن کمیٹی

مطالبات تسلیم نہ کئے گئے تو احتجاجی تحریک کو وسعت دی جائے گی، علامتی احتجاجی کیمپ روزانہ کی بنیاد پر ہوگا

صوبے کی واحد اخبار مارکیٹ بھی فنڈز کے عدم اجراء کے باعث مسائل سے دوچار ہوچکی ہے

کوئٹہ (پ ر) ایکشن کمیٹی اخباری صنعت بلوچستان کے زیراہتمام اشتہارات کو BPPRA پر منتقل کرنے کی کوشش اور اخبار مارکیٹ کو درپیش مسائل کیخلاف علامتی احتجاجی کیمپ کا انعقاد۔ احتجاجی کیمپ میں اخبارات، جرائد اور انجمن اخبار فروشاں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ احتجاجی کیمپ کے شرکاء کا اپنے مطالبات کو دوہراتے ہوئے کہنا تھا کہ حکومت سنجیدگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے صوبے کی واحد صنعت کو تباہی سے بچائے کیونکہ ایسے اقدامات کو پرنٹ میڈیا کی جانب سے ہرگز پذیرائی حاصل نہیں ہوگی بلکہ سخت ردعمل سامنے آئے گا۔ بلوچستان سے شائع ہونے والے اخبارات اور جرائد سے ہزاروں خاندان وابستہ ہیں جو ایسی پالیسیوں سے براہ راست متاثر ہوں گے۔ احتجاجی کیمپ کے شرکاء کا کہنا تھا کہ اشتہارات (بقیہ نمبر87 صفحہ نمبر03 پر)

چاغی لیویز فورس کی کارروائی، مشکوک گاڑی سے ایل ایم جی اور 600 رونڈز برآمد

چاغی لیویز فورس کی جانب سے امن وامان برقرار رکھنے کے لیے کارروائیاں جاری، قانونی کارروائی شروع

چاغی (یو این اے) گزشتہ رات چاغی لیویز فورس نے ایک اہم کارروائی میں گشت کے دوران مشکوک گاڑی کو کسڈڈی میں رکھا اور گاڑی میں ایک عدد ایل ایم جی 600 رونڈز 8 بیرل برآمد کیے گئے۔ فورس نے فوری طور پر نامعلوم ملزمان کے خلاف مقدمہ نمبر 21 (بقیہ نمبر91 صفحہ نمبر03 پر)

فلسطین اسرائیلی ظلم وستم اب برداشت سے باہر ہو چکے ہیں' روی کمار

اسرائیل مردہ باد مارچ میں اقلیتی برادری فلسطین کے بھائیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کریں گے، رکن اسمبلی

سبی (اے این این) جمعیت علماء اسلام پاکستان اقلیتی امور کے مرکزی سینئر رہنما اور رکن صوبائی اسمبلی روی کمار پہو جانے کہا ہے کہ غزہ سمیت فلسطین کے مختلف علاقوں میں اسرائیلی ظلم وستم اب برداشت سے باہر ہو چکے ہیں اسرائیلی جارحیت کے خلاف جمعیت علماء اسلام کا اسرائیل مردہ باد مارچ میں اقلیتی برادری فلسطین کے بھائیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کریں گے ان خیالا (بقیہ نمبر64 صفحہ نمبر03 پر)

چیف الیکشن کمشنر کیخلاف توہین عدالت کی درخواست 13 رکنی آئینی بینچ منگل کو سنے گا

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں مخصوص نشستوں سے متعلق فیصلے پر عملدرآمد کے حوالے سے چیف الیکشن کمشنر کے خلاف توہین عدالت کی درخواست 6 مئی کو سماعت کیلئے مقرر کر دی گئی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق تحریک انصاف کی رہنما کنول شوز کی جانب (بقیہ نمبر63 صفحہ نمبر03 پر)

پاکستان کی سلامتی خودمختیاری پر آنچ نہیں آنے دینگے' تحریک اتحاد بین السادات

بھارت نے اگر جنگ کی تو شکست کا سامنا کرنا پڑے گا' چیئرمین سید الطاف حسین شاہ

سبی (اے این این) تحریک اتحاد بین السادات پاکستان کے مرکزی چیئرمین سید الطاف حسین شاہ دوپاسی نے بھارت کو جارحیت پر خبردار کرتے ہوئے کہا کہ تحریک اتحاد بین السادات پاکستان کی سلامتی خودمختیاری پر آنچ نہیں آنے دے گے بھارت نے اگر جنگ کی تو شکست کا سامنا کرنا پڑے گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے کارکناں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا (بقیہ نمبر65 صفحہ نمبر03 پر)



ملاخیل خلجی اور کاکڑ قبائل کے درمیان خونی تنازعے کے تصفیہ کے موقع پر جرگے سے بلوچستان امن جرگے کے سربراہ لالہ یوسف خلجی، حاجی عمران خان ملاخیل، حاجی موسیٰ خان، سردار یحییٰ خان ناصر، ملک اجمل خان کاکڑ، نصر اللہ زیرے، مفتی غلام حیدر اور دیگر مقررین خطاب کر رہے ہیں

پاکستان کا پانی روکنے کی بھارت کو بھاری قیمت چکانا پڑے گی، جاوید ہاشمی

پوری قوم متحد ہو چکی ہے، بھارت نے کسی قوم کی جارحیت کی تو اسے منہ توڑ جواب ملے گا

جہانیاں (اے این این) سینئر سیاستدان مخدوم جاوید ہاشمی نے کہا ہے کہ پوری قوم متحد ہو چکی ہے، بھارت نے کسی قوم کی جارحیت کی تو اسے منہ توڑ جواب ملے گا، پاکستان کا پانی روکنے کی اسے بھاری قیمت چکانا پڑے گی، جہانیاں میرا دوسرا گھر ہے اس کے تمام گلی کوچوں سے شناسائی ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار اپنے دورہ جہانیاں کے دوران (بقیہ نمبر66 صفحہ نمبر03 پر)

ژوب میں طوفانی بارشوں سے کھڑے فصلات تباہ

متاثرہ فصلوں میں لہسن، گندم، بنڈی، ٹماٹر، کدو اور دیگر سبزیاں شامل ہیں

ژوب (نامہ نگار) ژوب میں طوفانی بارشوں سے کھڑے فصلات تباہ تفصیلات کے مطابق ژوب کے نواحی علاقے کلی برنج میں حالیہ ژالہ باری نے تباہی مچادی۔ متاثرہ فصلوں میں لہسن، گندم، بنڈی، ٹماٹر، کدو اور دیگر سبزیاں شامل ہیں، جن کا نقصان کروڑوں روپے سے زائد ہے۔ ژوب ایک زرعی علاقہ ہے جہاں کے لوگ زیادہ تر زراعت پر انحصار کرتے ہیں۔ ان غر (بقیہ نمبر85 صفحہ نمبر03 پر)

ژوب میں رہائشی گھر میں پراسرار آگ، قیمتی سامان اور تعلیمی اسناد جل کر راکھ

ژوب (یو این اے) 27 اپریل 2025 کو رات تقریباً 9 بجے گرڈ اسٹیشن محلّہ ژوب کے رہائشی تنویر اکبر ولد منظور الٰہی کے گھر میں نامعلوم وجوہات کی بنا پر اچانک آگ بھڑک (بقیہ نمبر84 صفحہ نمبر03 پر)

کوئٹہ میں شدید گرمی کے موسم میں طویل لوڈشیڈنگ نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی

عوام کا وفاقی حکومت اور کیسکو حکام سے بجلی کی بلاتعطل فراہمی کا مطالبہ

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ شہر شدید گرمی کے موسم میں بدترین لوڈشیڈنگ کی لپیٹ میں آ گیا ہے، جس سے شہریوں کی زندگی اجیرن بن گئی ہے۔ گرمی کی شدت بڑھتی جا رہی ہے مگر اس کے باوجود کئی علاقوں میں بجلی کی طویل بندش نے عوام کو سخت اذیت میں مبتلا کر رکھا ہے۔ کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں روزانہ 10 سے 14 گھنٹے تک بجلی بند رہتی ہے، جن میں سریاب روڈ، پشتون آباد، کاسی (بقیہ نمبر69 صفحہ نمبر03 پر)

پاک بھارت کشیدگی، مارکیٹوں میں اہم ادویات کی شدید قلت

کراچی (این این آئی) پاک بھارت کشیدگی کے باعث دوطرفہ تجارت معطل ہونے کے بعد اس کے منفی اثرات پاکستان کے فارماسیوٹیکل سیکٹر پر بھی نمایاں ہونے لگے ہیں۔ ملک میں دوا سازی کیلئے درکار تقریباً 30 فیصد خام مال بھارت سے درآمد کیا جاتا ہے، جس کی فراہمی رکنے سے ادویات کی شدید قلت کا سامنا ہے، (بقیہ نمبر68 صفحہ نمبر03 پر)

ملکی دفاع کیلئے پوری پاکستانی قوم متحد ہے: جے یو آئی

مغربی طاقتیں پاکستان کی بجائے انڈیا کو سمجھائیں کہ بھارت اوچھے ہتھکنڈے استعمال کرنا بند کرے

لاہور (آن لائن) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ملکی (بقیہ نمبر67 صفحہ نمبر03 پر)

موسیٰ خیل: تیز بارش کے دوران آسمانی بجلی گرنے سے شخص جاں بحق

موسیٰ خیل (یو این اے) موسیٰ خیل میں تیز بارش کے دوران آسمانی بجلی گرنے سے ایک شخص جاں بحق ہو گیا۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق جاں بحق ہونے والے شخص کی شناخت (بقیہ نمبر83 صفحہ نمبر03 پر)

رحیم کاکڑ نے بلوچستان اور پشتونخواہ کے معدنیات کے حوالے سے قانون سازی کی مخالفت کردی

معدنیات کے شعبے میں ماہرین کو اعتماد میں لیا جائے، سیاسی یتیم اور چور اسمبلی میں بیٹھے ہیں، رحیم کاکڑ

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رہنما سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ میر وائیس ایڈووکیٹ عبداللہ ایڈووکیٹ احمد شاہ ایڈووکیٹ عمر فاروق ایڈووکیٹ ڈاکٹر منصور احمد ڈاکٹر خوشحال خان ڈاکٹر رستم خان سردار احمد سردار بہلول نے امریکی اور چینی فرمائش پر ملک اور خاص کر بلوچستان اور پشتونخواہ کے معدنیات کو ان کے حوالے کرنا اور اسمبلی سے اس لیے قانون سازی (بقیہ نمبر82 صفحہ نمبر03 پر)

پاکستان ایٹمی ملک ہے، بھارت باز رہے ورنہ نتائج خطرناک ہوں گے، نصیر مینگل

بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال تسلی بخش نہیں، حکومت عوام کے تحفظ کو یقینی بنائے، سابق وزیراعلیٰ کی یو این اے سے گفتگو

کوئٹہ (یو این اے) سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر نصیر مینگل نے کہا ہے کہ دنیا بھارت کو سمجھائیں پاکستان ایٹمی ملک ہے اگر پاکستان پر جنگ مسلط کی گئی تو اس کے خطرناک نتائج برآمد ہوں گے نہ صرف پاکستانی فوج بلکہ پوری قومی پاک فوج کے ساتھ ہیں بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال مخدوش ہے حکومت کو چاہیے کہ وہ عوام کے جان ومال کے حفاظت کو یقینی بنائے (بقیہ نمبر70 صفحہ نمبر03 پر)

لیبیا کشتی حادثے میں جاں بحق پاکستانیوں کی میتیں لاہور پہنچا دی گئیں

لاہور (آن لائن) لیبیا میں کشتی حادثہ کے نتیجہ میں جاں بحق ہونے والے مزید دو پاکستانیوں کی میتیں ہفتے کی رات لاہور انٹرنیشنل ایئرپورٹ پہنچا دی گئیں، جاں بحق افراد کا تعلق ضلع گوجرانوالہ سے تھا جن کی شناخت سفیان اور ندیم احمد کے ناموں سے ہوئی ہے۔ میتیں ایئرپورٹ کے کارگو ڈیپارٹمنٹ میں وصول کی گئیں (بقیہ نمبر71 صفحہ نمبر03 پر)



بانی قومی مرکز کے رہنماء ذوالفقار باتور، ایڈوکیٹ، مصطفیٰ، محمد مہدی اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

مصور کاکڑ کی عدم بازیابی مہذب معاشرے کے منہ پر طمانچہ ہے، سید امان شاہ

عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کا اغوا شدہ بچے کی تاحال عدم بازیابی پر متاثرہ خاندان کیساتھ ہے، صوبائی کنوینئر

کوئٹہ (یو این اے) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی کنوینئر اور معروف قبائلی شخصیت "سید امان شاہ" نے سات ماہ قبل اغوا ہونے والے معصوم بچے مصور کاکڑ کی تاحال عدم بازیابی پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے۔ کہ یہ ایک انسانی المیہ ہے جس پر حکومتی اور سیاسی جماعتوں کی خاموشی قابل افسوس ہے۔ انہوں نے کہا کہ مصور کاکڑ کا اغوا ایک (بقیہ نمبر81 صفحہ نمبر03 پر)



جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما اور رکن مجلس شوریٰ شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق مدرسہ عربیہ احیاء العلوم مشرقی بائی پاس مندوخیل آباد میں منعقدہ عظیم الشان سالانہ جلسہ دستار بندی سے خطاب کر رہے ہیں

خضدار، لیویز فورس کی بروقت کارروائی، چوری شدہ تربوز سے بھرا پک اپ برآمد، دو ملزمان گرفتار

لیویز فورس نے قانون کی بالادستی قائم کر کے مجرموں کو واضح پیغام دیا ہے، ڈپٹی کمشنر یاسر اقبال دشتی

خضدار (یو این اے) لیویز فورس کی بروقت کارروائی تربوز سے بھرا چوری شدہ پک اپ برآمد، دو ملزمان گرفتار کر لیا گیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز تربوز سے بھرے پک اپ گاڑی کو چھینا گیا تھا جس پر ڈپٹی کمشنر خضدار یاسر اقبال دشتی نے نوٹس لیتے ہوئے فوری طور پر کاروائی کرنے کی ہدایت جاری کی۔ اسسٹنٹ کمشنر خضدار حفیظ اللہ کاکڑ کی نگرانی میں لیویز ڈسٹرکٹ انچارج خلیل نوتانی لیویز لائن آفیسر نور احمد زہری، لیویز انچارج زیدی نزیر احمد زہری محرر ریاض احمد کی سر (بقیہ نمبر80 صفحہ نمبر03 پر)

سینٹر ساجد میر کی وفات پر جان محمد بلیدی کا اظہار افسوس، مغفرت وصبر کی دعا

کوئٹہ (یو این اے) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما سینٹر جان محمد بلیدی نے سینٹر پروفیسر ساجد میر کی وفات پر انتہائی رنج (بقیہ نمبر77 صفحہ نمبر03 پر)

گڈانی، گڈانی موڑ پر وائن اسٹور کے قیام کے خلاف تحریک نوجوان گڈانی کا احتجاج

شراب کا اسٹور نوجوانوں کی تباہی کا سبب بن رہا ہے، ضلعی انتظامیہ فوری نوٹس لے، اسد اسلم بلوچ

گڈانی (یو این اے) تحریک نوجوان گڈانی کے صدر اسد اسلم بلوچ اور ڈپٹی جنرل سیکرٹری ساجد ڈگارزئی بلوچ نے گڈانی میں واقع اپنے دفتر میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے گڈانی موڑ پر وائن اسٹور کے قیام پر شدید تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ علاقہ مکمل مسلم آبادی (بقیہ نمبر76 صفحہ نمبر03 پر)

بلوچستان کے مسائل کو بے دردی سے لوٹا جا رہا ہے' بی این پی

کوئٹہ میں بی این پی کی احتجاجی ریلی، ڈاکٹر ماہ رنگ بلوچ سمیت کارکنان کی گرفتاری کے خلاف مظاہرہ

حق بات کرنے پر خواتین کو گرفتار کیا گیا، ہم آخری دم تک احتجاج جاری رکھیں گے، حاجی ہاشم نوتیزئی

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان نیشنل پارٹی کی مرکزی کال پر تحفظ ننگ وناموس بلوچ یکجہتی کمیٹی کی قائدین ڈاکٹر ماہ رنگ بلوچ، بیبو بلوچ، شاہ جی صبغت اللہ و دیگر بی وائی سی اور بی این پی کارکنان کی تھری ایم پی او کے تحت گرفتاری کے خلاف بی این پی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن اور سابق وفاقی وزیر حاجی میر محمد ہاشم نوتیزئی کی قیادت میں شہر میں ایک ریلی نکالی گئی، جس کے بعد پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ ریلی سے خطاب کرنے والوں میں، سابق وفاقی وزیر میر محمد ہاشم نوتیزئی، ضلعی صدر میر یار محمد مینگل، سابقہ سیکرٹری محمد بخش بلوچ، سینئر نائب صدر سردار عبدالخالق نوتیزئی، انفارمیشن سیکرٹری میر ابراہیم ریکی، اور دیگر پارٹی رہنما شامل تھے۔ مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان نیشنل پارٹی (بقیہ نمبر72 صفحہ نمبر03 پر)

قلات میں لیویز تھانہ پر ہینڈ گرنیڈ حملہ، خوش قسمتی سے کوئی جانی ومالی نقصان نہیں ہوا

قلات (یو این اے) قلات میں لیویز تھانہ پر ہینڈ گرنیڈ حملہ، تاہم نقصان نہیں ہوا، پولیس ذرائع کے مطابق ہفتہ اور اتوار (بقیہ نمبر78 صفحہ نمبر03 پر)

گورنمنٹ انٹر کالج گواش کی زیر تعمیر عمارت میں ناقص میٹیریل کا استعمال، مختلف حصے گر گئے

عوام کا محکمہ تعلیم اور متعلقہ حکام سے فوری کارروائی کی اپیل، تعلیمی ادارہ کے معیار پر سوالات

خاران (یو این اے) انٹر کالج گواش کے زیر تعمیر ناقص میٹیریل کی استعمال سے مکمل ہونے سے پہلے گرنا شروع ہوگئی ہے گزشتہ دنوں تیز ہواؤں کو برداشت نہ کرنے پر گورنمنٹ انٹر کالج کا زیر تعمیر بلڈنگ کے مختلف حصے گر گئے اگر خدانخواستہ یہ ناقص میٹیریل سے بننے (بقیہ نمبر75 صفحہ نمبر03 پر)

موجودہ حالات اتحاد ویکجہتی کے متقاضی ہیں، سید صادق آغا

بلوچستان کے عوام کو ان کا جائز حق دیکر مایوسی اور بے یقینی کا خاتمہ کیا جائے

کوئٹہ (اے این این) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے سابق سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی رہنما سید صادق آغا نے کہا ہے۔ کہ موجودہ سیاسی، سماجی اور معاشی بحرانوں سے نکلنے کے لیے پوری قوم کو یکجہتی، فہم وفراست اور عملی اقدامات کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام دہائیوں سے پسماندگی کا شکار ہیں اور انہیں ان کا آئینی، سیاسی اور معاشی حق اب تک مکمل طور پر نہیں دیا گیا۔ سید صادق آغا نے کہا کہ بلوچستان وسائل سے مالا مال صوبہ ہے، مگر (بقیہ نمبر79 صفحہ نمبر03 پر)

پرامن اور خوشحال بلوچستان ہمارا وژن ہے، میر عبید گورگیج

حلقہ 44 میں ترقیاتی کاموں کا جال بچھا دیا گیا ہے کسی قسم کے تعصب پر یقین نہیں رکھتے، رکن بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (یو این اے) رکن بلوچستان اسمبلی اور پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے رہنما میر عبید گورگیج نے کہا ہے پرامن اور خوشحال بلوچستان ہمارا وژن ہے۔ عوام کی خدمت اور ان کے مسائل کا حل ہماری جماعت کا بنیادی منشور ہے۔ ان خیالات کا اظہار انھوں نے حلقہ 44 کے مختلف علاقوں کے دورے کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پارٹی کے سینئر رہنما (بقیہ نمبر73 صفحہ نمبر03 پر)

بجٹ 2025' سینیٹ کی خزانہ کمیٹی کا اہم اجلاس آج ہوگا

اسلام آباد (آن لائن) بجٹ 2025' سینیٹ کی خزانہ کمیٹی کا اہم اجلاس آج پیر کو ہوگا۔ سینیٹ سیکرٹریٹ کی جانب سے جاری ہونے والے نوٹیفکیشن کے مطابق سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کا اجلاس چیئرمین سینیٹر (بقیہ نمبر74 صفحہ نمبر03 پر)

علماء کرام ہمیشہ حق وانصاف کے علمبردار رہے ہیں
مولانا عبدالرحمن

ان کی عظیم خدمات نے نہ صرف دین اسلام کی اشاعت کی بلکہ ملک وقوم کی ترقی میں بھی کلیدی کردار ادا کیا

آج کے دور میں تاریک راہوں میں بھٹکے نوجوانوں کو ان کی رہنمائی کی اشد ضرورت ہے، مرکزی رہنما جے یو آئی

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما اور رکن مجلس شوریٰ شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق نے کہا ہے کہ علماء کرام ہی امت مسلمہ کے حقیقی رہنما اور راہبر ہیں۔ انہوں نے پورے عالم بالخصوص برصغیر کی آزادی وحریت کے لیے ناقابل فراموش تاریخی جدوجہد کی اور اپنی قربانیوں سے ملت اسلامیہ کو مضبوط بنیادیں فراہم کیں جنگ آزادی کے دوران لاتعداد علماء کرام نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا مگر ان کی شہادتیں ان کے عزم واستقامت کو کمزور نہ کرسکیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز مدرسہ عربیہ احیاء العلوم مشرقی بائی پاس مندوخیل آباد میں منعقدہ عظیم الشان سالانہ جلسہ دستار بندی سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ علماء کرام ہمیشہ حق وانصاف کے علمبردار (بقیہ نمبر86 صفحہ نمبر03 پر)



کوئٹہ کے مختلف تندوروں کے مالکان ہیڈ ضیاء الحق کی قیادت میں پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کر رہے ہیں



متحدہ قبائل فیڈریشن پاکستان کے زیراہتمام بھارت اسرائیل مردہ باد ریلی متحدہ قبائل فیڈریشن پاکستان کے سربراہ ملک امان اللہ خان کاکڑ، عجب خان کاکڑ کی قیادت میں منان چوک سے گزر رہی ہے



حضرت مولانا حافظ محمد یوسف کون ہیں

حضرت مولانا حافظ محمد یوسف کی جدوجہد کے مقاصد کیا ہیں

انکے علمی، تدریسی۔سماجی قبائلی خدمات کا جامع جائزہ

قارئین کرام۔حضرت مولانا حافظ محمد یوسف ایک نڈر مہمان نواز اسلامی تعلیمات و پشتون روایات کے شناسی جید عالمِ دین، محدث، فقیہ اور نامور اسلامی اسکالر ہیں، جو علمی و دینی حلقوں میں اپنی گہری فہم، تدریسی خدمات، اصلاحی جدوجہد و کوششوں اور قبائلی مصالحتی کردار کے لیے جانے جاتے ہیں۔آپ الحاج علامہ عبدالغنی رحمہ اللہ کے جانشین ہیں اور جامعہ اسلامیہ علامہ عبدالغنی ٹاؤن، چمن کے مدیر کے طور پر خدمات انجام دے رہے ہیں۔آپ کی تعلیم و تدریس کا سفر پاکستان کے مشہور دینی مدارس سے شروع ہوا ہے جیسے 1997 میں جامعہ دارالعلوم حقانیہ، اکوڑہ خٹک سے تکمیل علم حاصل کی۔آپ نہ صرف ایک بلند پایہ استاد ہیں بلکہ فقہ، حدیث، تفسیر، اور اسلامی علوم میں بھی اعلیٰ مہارت رکھتے ہیں۔عوامی سطح پر آپ کا کردار نہایت فعال و روشن ہے۔آپ شمالی بلوچستان میں ہر سال دو ماہ پر مشتمل مسلسل دعوتی و اصلاحی دورے کرتے ہیں، جہاں سینکڑوں عوامی اجتماعات سے خطاب فرماتے ہیں۔اسی طرح، گزشتہ 13 سال سے مقامی رویتِ ہلال کمیٹی شمالی بلوچستان کے سربراہ کے طور پر خدمات انجام دے رہے ہیں، جو چالیس سال تک آپ کے والد محترم کی سرپرستی میں قائم رہی۔حضرت مولانا حافظ محمد یوسف نہ صرف علمی و تدریسی میدان میں نمایاں ہیں بلکہ آپ کو جمعیت علماء اسلام پاکستان کی مجلس شوریٰ کے رکن ہونے کا بھی اعزاز حاصل ہے۔2014 میں آپ کو باقاعدہ مجلس شوریٰ کا رکن منتخب کیا گیا، اور اس وقت سے دینی، علمی، سماجی اور سیاسی میدان میں آپ کی رہنمائی قابلِ قدر سمجھی جاتی ہے۔آپ کی خدمات دینی تعلیمات۔تدریسی وقبائلی امن و مصالحت، اور اصلاحِ معاشرہ کے لیے بے مثال و بینظیر ہیں، اور آپ کا علمی و فکری ورثہ نئی نسل کے لیے مشعلِ راہ ہے۔درس وتدریس کے حوالے سے 1997 تا 2001 المرکز العلوم اسلامی علامہ عبدالغنی رح شاہی چوک چمن سے آغاز کیا وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے مروجہ نصاب درجہ رابعہ تک درس وتدریس کی۔2001 سے تا حال (2025) تک درسی سلسلہ بلا ناغہ مسلسل جاری رہا اور فلحال دورہ موقوف العالیہ اور دارالحدیث اور تخصص فی الفقہ اسلامی الحنفی میں بالترتیب مشکوا ? المصابیح، ترمیذی شریف، بخاری شریف، سنن نسائی، سنن ابن ماجہ اور سراجی فی المیر اث کا درس دے رہے ہیں۔اسکے علاوہ حضرت مولانا حافظ محمد یوسف مقامی رویت ہلال کمیٹی 13 برس سے مقامی رویت حلال کمیٹی شمالی بلوچستان کے سربراہ کے طور پر خدمات انجام دے رہے ہیں جو پچھلے چالیس سالوں سے الحاج علامہ عبدالغنی نوراللہ مرقدہ کے سربراہی میں قائم چلی آرہی تھی۔دعوتی دوروں کے حوالے سے حضرت حافظ صاحب بلوچستان کے شمالی پٹی میں ہر سال مسلسل دو مہینے سینکڑوں عوامی اجتماعات سے شعور اگاہی اور اسلامی تعلیمات کی بناء پر مختلف اسلامی اجتماعات میں باقاعدہ طور شرکت اور دینی واسلامی تعلیمات پر مبنی خطاب پرماتے ہیں۔ان تمام مصروفیات کیساتھ ساتھ حضرت مولانا حافظ محمد یوسف ایک ممتاز عالم دین ہیں جسکے علاقے پر بڑی بڑی احسانات ہیں۔وہ ہمیشہ قبائلی خدمات کی بناء پر شمالی پٹی بلوچستان کے طول وعرض میں جاری قبائلی قومی دشمنی و رنجشوں کو دوستیوں میں بدلنے کے لئے قبائلی رسم و رواج کیمطابق (میٹر) مرکہ بنانے کے لئے دن رات کوشاں رہتے ہیں۔ساتھ ساتھ جانشینی کی زمداریاں بھی عائد ہیں جو انتہائی احسن طریقے سے سرانجام دے رہے ہیں اکتوبر 2011 میں اپنے عظیم والد بزرگوار علامہ عبدالغنی رحم اللہ کے علام ناک روڈ ایکسیڈنٹ میں واقعہ شہادت کے بعد علماء کرام (جس میں جمعیت علماء اسلام پاکستان کے مرکزی امیر حضرت مولانا فضل الرحمن۔نمونہ دیوبند مولانا سلیم اللہ خان اور مولانا ڈاکٹر شیر علی شاہ مدنی قابل ذکر تھے) نے خاندان اور علاقے کے معتبرین کے مشاورت سے اپنے والد کی منصب پر بطور جانشین مقررر کئے تب سے اب تک بحمد اللہ اپنے شہید والد کے فرائض منبی بحسن وخوبی انجام دے رہیں ہے۔

☆☆☆☆☆







سید حسن شاہ قریشی کو ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر بیلہ تعینات

تعلیمی نظام کو بہتر کریں گے اور طلباء واساتذہ کے لیے بہتر تعلیمی ماحول فراہم کریں گے



اوتھل (نمائندہ قومی جرگہ) محکمہ تعلیم بیلہ میں ایک اہم پیش رفت کے تحت سید حسن شاہ قریشی کو ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر بیلہ تعینات کیا گیا ہے۔وہ 14 مئی 2025 کو غلام رسول رونجھو کی ریٹائرمنٹ کے بعد اپنی نئی ذمہ داریاں سنبھالیں گے. سید حسن شاہ قریشی جو محکمہ تعلیم میں کئی برسوں سے خدمات انجام دے رہے ہیں، اپنی پیشہ ورانہ مہارت اور تعلیمی نظم ونسق میں تجربے کے لیے جانے جاتے ہیں۔ان کی تعیناتی کو تعلیمی حلقوں میں مثبت پیش رفت کے طور پر دیکھا جا رہا ہے، اور مقامی عوامی حلقوں نے اس فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے۔غلام رسول رونجھو جو 14 مئی کو ریٹائر ہو رہے ہیں۔سید حسن شاہ قریشی کی تعیناتی سے توقع کی جا رہی ہے کہ وہ اپنے خداداد صلاحیتوں کے ذریعے بیلہ کے تعلیمی نظام کو بہتر کریں گے اور طلباء واساتذہ کے لیے بہتر تعلیمی ماحول فراہم کریں گے۔

سیتل داس ایک محنتی تاجر کا اغوا ہونا نہایت ہی فکر مند عمل ہے، ڈاڈا میر حسن خان ڈومکی

ہندو برادری بلوچستان کے ترقی اور معشیت میں اہم کردار ادا کر رہی ہے

تحصیل لہڑی رپورٹر (منظور احمد) سابقہ وفاقی وزیر ڈاڈا میر حسن خان ڈومکی نے کہاہیکہ سیتل داس ایک محنتی تاجر ہونے کے ساتھ ساتھ ایک پرامن انسان تھے جنکے اغوا ہونے کی ہم پرزور مزمت کرتے ہیں۔سابق وفاقی وزیر سبی لہڑی اتحاد کے ممتاز قبائلی شخصیت میر ڈاڈا میر حسن خان ڈومکی نے میر حسن روڈ پر نامعلوم مسلح ڈاکوں کے ہاتھوں ہندو برادری سے تعلق رکھنے والے تاجر سیتل داس کے اغوا کے واقعے کی شدید الفاظ میں مزمت کرتے ہیں تاجر سیتل داس ایک محنتی اور پرامن تاجر کا سرعام اغوا نہایت افسوس تشونا ک اور نا قابل قبول عمل ہے ہندو برادری بلوچستان کے ترقی اور معشیت میں اہم کردار ادا کر رہی ہے

گورنمنٹ ہاء سکول فار بوائز جاڑا اتھل میں بھی 10 کے وی کے سولر سسٹم کا افتتاح کر دیا گیا

چیف ایگزیکٹو آفیسر ایجوکیشن ڈسٹرکٹ خوشاب ڈاکٹر محمد قیوم خان نے بطور مہمان خصوصی شرکت کر کے سولر سسٹم کا با قاعدہ افتتاح کیا

خوشاب (راجہ نورالہی عاطف سے) گورنمنٹ ہاء سکول فار بوائز جاڑا اتھل میں بھی 10 کے وی کے سولر سسٹم کا افتتاح کر دیا گیا۔افتتاحی تقریب میں چیف ایگزیکٹو آفیسر ایجوکیشن ڈسٹرکٹ خوشاب ڈاکٹر محمد قیوم خان نے بطور مہمان خصوصی شرکت کر کے سولر سسٹم کا باقاعدہ افتتاح کیا. تقریب کی صدارت ہیڈ ماسٹر ادارہ ہذا ملک محمد عظیم نے کی جبکہ نقابت کے فرائض ملک محمد مزمل کلیرا نے بطریق احسن سرانجام دیے۔اس موقع پر سی ای او ایجوکیشن خوشاب ڈاکٹر محمد قیوم خان نے اساتذہ کرام پر زور دیا کہ وہ طلباء کی بہترین تعلیم وتربیت کے لیے ہرگز کوئی کسر اٹھانہ رکھیں۔انہوں نے طلباء کو کہا کہ تعلیم حاصل کر کے ملک وقوم کی امنگوں کی ترجمانی کے لیے اپنا اہم کردار ادا کریں۔ڈاکٹر محمد قیوم نے ہیڈ ماسٹر ملک محمد عظیم اور ان کی پوری ٹیم کی ادارے کی فلاح و بہبود کے لیے کاوشوں کو بھی سراہا۔دوران تقریب چیف گیسٹ سی ای او ایجوکیشن نے ہیڈ ماسٹر ملک محمد عظیم اور سینیئر جرنلسٹ راجہ نورالہی عاطف کو حسن کارکردگی سرٹیفکیٹس بھی عطا کیے۔تقریب کو شاندار کامیابی سے ہمکنار کرنے کے لیے ملک محمد عزیز اورا کی قیادت میں ٹیچنگ سٹاف ٹیم داد خان، محمد زیاد، ذوالفقار علی، محمد رمضان، محمد ثاقب، راحت جاوید احمد، عبدالعزیز، حمید احمد، ثناءاللہ، سیف اللہ اور محمد عمار یاسر نے بھرپور کردار ادا کیا۔قبل ازیں مہمان خصوصی کی آمد پر ان پر ان پر پھولوں کی پیتاں نچھاور کر کے پرتپاک استقبال بھی کیا گیا۔

دالبندین، بی این پی کے زیر اہتمام احتجاجی مظاہرہ کیا گیا

بلوچستان نیشنل پارٹی ایک پارلیمانی جماعت ہے جو جمہوری طریقے سے اپنا احتجاج ریکارڈ کروا رہی ہے، مقررین

دالبندین (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کی مرکزی کال پر تحفظ ننگ و ناموس بلوچ یکجہتی کمیٹی کی قائدین ڈاکٹر ماہ رنگ بلوچ، بیبو بلوچ، شاہ جی صبغت اللہ و دیگر بی وائی سی اور بی این پی کارکنان کی تھری ایم پی او کے تحت گرفتاری کے خلاف بی این پی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن اور سابق وفاقی وزیر حاجی میر محمد ہاشم نوتیزئی کی قیادت میں شہر میں ایک ریلی نکالی گئی، جس کے بعد پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ریلی سے خطاب کرنے والوں میں، سابق وفاقی وزیر میر محمد ہاشم نوتیزئی، ضلعی صدر میر یار محمد مینگل، سابقہ سیکرٹری محمد بخش بلوچ، سینئر نائب صدر سردار عبد الخالق نوتیزئی، انفارمیشن سیکرٹری میر ابراہیم ریکی، اور دیگر پارٹی رہنما شامل تھے۔مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان نیشنل پارٹی آغاز ہی سے بلوچ خواتین کی گرفتاری کے خلاف سراپا احتجاج ہے۔ابتدائی احتجاج نے اب جلسوں اور ریلیوں کی صورت اختیار کر لی ہے، اور یہ تحریک اس وقت تک جاری رہے گی جب تک بلوچ خواتین اور کارکنان کو رہا نہیں کیا جاتا۔مقررین نے کہا کہ ڈاکٹر ماہ رنگ بلوچ اور ان کے ساتھیوں کو صرف اس لیے تھری ایم پی او کے تحت گرفتار کیا گیا کہ وہ حق بات کرتے ہیں۔کیا حق بات کرنا جرم بن چکا ہے؟ ریاست کو اس پر سنجیدگی سے غور کرنا چاہیے، کیونکہ کسی شہری کو سچ بولنے سے نہیں روکا جا سکتا۔مقررین نے مزید کہا کہ بلوچستان نیشنل پارٹی ایک پارلیمانی جماعت ہے جو جمہوری طریقے سے اپنا احتجاج ریکارڈ کروا رہی ہے۔ہم کسی بھی قسم کے دباؤ یا ہتھکنڈوں سے مرعوب نہیں ہوں گے۔چاہے ہمیں بھی تھری ایم پی او کے تحت گرفتار کیا جائے یا ایف آئی آر درج کی جائے کیونکہ کسی شہری کو سچ بولنے سے نہیں روکا جا سکتا۔مقررین نے مزید کہا کہ بلوچستان نیشنل پارٹی ایک پارلیمانی جماعت ہے جو جمہوری طریقے سے اپنا احتجاج ریکارڈ کروا رہی ہے۔ہم کسی بھی قسم کے دباؤ یا ہتھکنڈوں سے مرعوب نہیں ہوں گے۔چاہے ہمیں بھی تھری ایم پی او کے تحت گرفتار کیا جائے

(بی آئی ایس پی) جیسے حساس پروگرام کو مزید شفاف اور فعال بنایا جائے، عبدالواحد خا صخیلی

(بی آئی ایس پی) لسبیلہ کے ڈائریکٹر عبدالصمد باروزئی کی کارکردگی قابل تعریف ہے، محمد اکرم خاصخیلی

لسبیلہ (بیورو چیف) بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) لسبیلہ کے ڈائریکٹر عبدالصمد باروزئی کی کارکردگی کو انہوں نے زبردست الفاظ میں سراہا ہے۔ان کا کہنا ہے کہ عبدالصمد باروزئی نے نہایت ذمہ داری، دیانت داری اور عوامی خدمت کے جذبے کے ساتھ اپنے فرائض انجام دیے ہیں۔انہوں نے کہا عبدالصمد باروزئی نے ہمیشہ مستحقین کے ساتھ ہمدردی اور عدل کے تقاضوں کے مطابق رویہ اختیار کیا۔ان کی موجودگی میں (بی آئی ایس پی) کی کارکردگی بہتر ہوئی اور عوام کو ان کا حق باعزت طریقے سے ملا عوامی اعتماد میں اضافہ انہوں نے مزید کہا کہ ڈائریکٹر عبدالصمد باروزئی نے نہ صرف دفتر میں نظم ونسق بہتر بنایا بلکہ عوامی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا۔ان کی محنت سے (بی آئی ایس پی) پر عوام کا اعتماد بحال ہوا ہیعبدالصمد باروزئی جیسے محنتی اور ایماندار افسران کی حوصلہ افزائی کی جائے انہیں مزید عوامی خدمت کے مواقع دیے جائیں (بی آئی ایس پی) جیسے حساس پروگرام کو مزید شفاف اور فعال بنایا جائے

شہر کے قبرستان مکمل بھر چکے، مستقبل میں تدفین کا بحران متوقع، ڈاکٹر محمد علی خاصخیلی

بروقت اقدامات نہ کیے گئے تو شہریوں کو اس وقت شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا

لسبیلہ (بیورو چیف) اوتھل شہر کے قبرستانوں میں جگہ کی شدید کمی کے حوالے سے انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہر کے تمام قبرستان تقریباً فل ہو چکے ہیں، اور تیزی سے بڑھتی آبادی کے باعث آنے والے دنوں میں شہریوں کو اپنے پیاروں کی تدفین کے لیے سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ اوتھل میں اس وقت کوئی بھی ایسا مقام دستیاب نہیں جہاں نیا قبرستان قائم کیا جا سکے، اور یہ صورتحال ایک سنجیدہ بحران کی طرف اشارہ کر رہی ہے۔ڈاکٹر خاصخیلی نے خبردار کیا کہا اگر بروقت اقدامات نہ کیے گئے تو شہریوں کو اس وقت شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا جب دفنانے کے لیے زمین ہی دستیاب نہ ہو گی۔حکومت سے فوری نوٹس لینے کی اپیل انہوں نے نے وفاقی وزیر تجارت نواب آف لسبیلہ جام کمال خان عالیانی، سکریٹری پارلیمانی امور میر زرین خان مگسی اور ڈپٹی کمشنر لسبیلہ سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ اوتھل کے لیے فوری طور پر نئی جگہ قبرستان کے لیے مختص کی جائے۔شہریوں کے دیرینہ مطالبے پر فوری عمل درآمد کیا جائے تاکہ مستقبل کے بحران سے بچاؤ کے لیے جامع منصوبہ بندی کی جائے

ڈی سی آفس لسبیلہ کا سبزہ زار مکمل طور پر خشک، عوامی حلقوں کا حکام بالا سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

بار بار نشاندھی کرنے کے باوجود ضلعی انتظامیہ کو جوں تک نہیں رنگتی ہے

لسبیلہ (رپورٹ بیورو چیف حفیظ دانش) ڈی سی آفس لسبیلہ کا سبزہ زار مکمل طور پر خشک، عوامی حلقوں کا حکام بالا سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ بار بار نشاندھی کرنے کے باوجود ضلعی انتظامیہ کو جوں تک نہیں رنگتی ہےلسبیلہ کے ضلعی ہیڈ کوارٹر اوتھل میں واقع ڈپٹی کمشنر آفس کے احاطے میں موجود سبزہ زار انتظامی غفلت کے باعث مکمل طور پر خشک ہو گیا ہے، جس سے دفتر کی خوبصورتی ماند پڑ گئی ہے۔سبزہ زار کی تباہ حالی پر عوامی حلقوں نے گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے بالا حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر لسبیلہ کے تعینات ہونے کے بعد سبزہ زار کی دیکھ بھال پر کوئی خاص توجہ نہیں دی گئی، نتیجتاً ہرا بھرا میدان اب بنجر زمین میں تبدیل ہو چکا ہے۔دفتر کے اندر اور باہر، خاص طور پر جہاں خار دار تاریں لگی ہوئی ہیں، وہاں کا منظر ویرانی کی داستان سناتا ہے ضلعی۔انتظامیہ کی کارکردگی پر سوالیہ نشان عوامی حلقے یہ سوال اٹھا رہے ہیں کہ اگر ضلعی انتظامیہ *اپنے ہی دفتر کے ماحول کو سنوارنے میں ناکام ہے،* تو دیگر عوامی مسائل پر کس حد تک سنجیدہ ہوگی؟ مقامی لوگوں کا کہنا ہے کہ ڈپٹی کمشنر لسبیلہ اپنے دفتر تک محدود ہیں اور تاحال کسی سرکاری ادارے کا عملی دورہ نہیں کیا شہریوں، سماجی کارکنوں اور سول سوسائٹی عوامی حلقوں نے حکام بالا سے مطالبہ کیا ہے

پاکستان کی سلامتی خودمختیاری پر آنچ نہیں آنے دینگے' تحریک اتحاد بین السادات

بھارت نے اگر جنگ کی تو شکست کا سامنا کرنا پڑے گا' چیئرمین سید الطاف حسین شاہ

سبی (اے این این) تحریک اتحاد بین السادات پاکستان کے مرکزی چیئرمین سید الطاف حسین شاہ دوپاسی نے بھارت کو جارحیت پر خبردار کرتے ہوئے کہا کہ تحریک اتحاد بین السادات پاکستان کی سلامتی خودمختیاری پر آنچ نہیں آنے دے گے بھارت نے اگر جنگ کی تو شکست کا سامنا کرنا پڑے گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے کارکناں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا مرکزی چیئرمین تحریک اتحاد بین السادات پاکستان سید الطاف حسین شاہ دوپاسی نے مزید کہا کہ بھارتی وزیر اعظم نریندر مودی کو کسی بھی قسم کی مہم جوئی کی تو منہ کی کھانی پڑے گی بھارت نے پاکستان پر حملہ کرنے کی غلطی کی تو اسے نہ صرف افواجِ پاکستان کا سامنا کرنا پڑے گا بلکہ ملک بھر میں بسنے والے لاکھوں سادات کرم بھی ایک فولادی دیوار بن کر دشمن کے عزائم کو خاک میں ملا دیں گے۔چیئرمین سید الطاف حسین شاہ دوپاسی نے پاہلگام واقعے کے بعد بھارت کی بے بنیاد الزامات تراشی کو خطے کے امن کے لیے خطرہ قرار دیا اور کہا کہ ملک بھر میں آباد لاکھوں سادات کرم افواج پاکستان کے شانہ بشانہ ملک کا دفاع کریں گی۔انہوں نے مودی کو خبردار کیا کہ وہ اپنی گرتی ہوئی مقبولیت بچانے کے لیے اگر خطے کو تباہی کی طرف لے جانے کی کوشش کرے گا تو اسے دنیا ہلاکو خان یا چنگیز خان سے بھی بدتر یاد رکھے گی۔انہوں نے مزید کہا کہ مودی کشمیر سمیت بھارت میں مسلمانوں پر مظالم ڈھا کر ہندو ووٹ حاصل کرنا چاہتا ہے، مگر وہ دن دور نہیں جب اُسے چھپنے کی جگہ بھی نہیں ملے گی۔تحریک اتحاد بین السادات پاکستان کے مرکزی چیئرمین سید الطاف حسین شاہ دوپاسی نے پاہلگام واقعے کی بین الاقوامی سطح پر تحقیقات اور بھارتی وزیر اعظم نریندر مودی اور وزیر داخلہ امیت شاہ کے خلاف عالمی عدالتِ انصاف میں مقدمہ چلانے کا مطالبہ بھی کیا اس موقع پر تحریک اتحاد بین السادات کے مرکزی چیئرمین سید الطاف حسین شاہ دوپاسی نے کشمیر اور فلسطین کی آزادی کشمیر و فلسطین میں جام شہادت نوش کرنے والوں کے درجات کی بلندی

شاہین اور حارث کے نام ٹی 20 کرکٹ میں اہم اعزاز

دونوں فاسٹ بولرز نے ایک ہی میچ میں ٹی 20 کیریئر کی 300، 300 وکٹیں مکمل کر لیں



کراچی (سپورٹس ڈیسک) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کے 10 ویں ایڈیشن میں اسلام آباد یونائیٹڈ کیخلاف میچ میں لاہور قلندرز کے فاسٹ بولرز شاہین شاہ آفریدی اور حارث رؤف نے اہم سنگ میل عبور کر لیا۔گزشتہ روز لاہور کے قذافی اسٹیڈیم میں کھیلے گئے ایونٹ کے 19 ویں میچ میں اسلام آباد یونائیٹڈ کی ٹیم 210 رنز کے تعاقب میں 121 رنز پر ڈھیر ہوگئی، اس میچ میں شاہین شاہ آفریدی اور حارث رؤف نے ٹی 20 کیریئر میں 300، 300 وکٹیں لینے کا کارنامہ سرانجام دیا۔شاہین آفریدی نے کیریئر کے 216 ویں اور حارث رؤف نے 228 ویں میچ میں 300 وکٹیں لینے کا کارنامہ سرانجام دیا۔شاہین آفریدی ٹی 20 کرکٹ میں 300 وکٹیں مکمل کرنیوالے تیز ترین پاکستانی بولر بن گئے۔

اظہر الدین بھی ہندو انتہا پسندوں کی زبان بولنے لگے

بھارت کو تمام ایونٹس میں پاکستان کیخلاف کھیلنے سے انکار کرنا چاہیے، سابق کرکٹر

اسلام آباد (سپورٹس ڈیسک) پہلگام واقعہ پر سابق بھارتی کپتان محمد اظہر الدین بھی ہندو انتہا پسندوں کی زبان بولنے لگے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق سابق بھارتی کپتان محمد اظہر الدین کا کہنا ہے کہ کرکٹ سے زخم نہیں بھر سکتے، اس لیے پاکستان کیساتھ کرکٹ نہیں ہونی چاہیے۔سابق بھارتی کپتان سارو گنگولی کی طرح محمد اظہر الدین نے بھی پاکستان سے تمام کرکٹ روابط ختم کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ یہ کھیل لوگوں کو جوڑتا ہے لیکن حالیہ واقعات کے تناظر میں نہیں کھیلا جاسکتا۔سابق بھارتی کرکٹر اظہر الدین نے کہا کہ بھارت کو پاکستان سے نہ صرف باہمی سیریز سے انکار کو برقرار رکھنا چاہیے بلکہ آئی سی سی اور ایشین ایونٹس میں کھیلنے سے انکار کر دینا چاہیے۔قبل ازیں بھارتی کرکٹ بورڈ (بی سی سی آئی) کے سابق صدر سارو گنگولی نے پہلگام واقعہ پر سخت موقف اختیار کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ ہندوستان کو پاکستان کیساتھ تمام کرکٹ تعلقات ختم کر دینے چاہئیں۔واضح رہے کہ پہلگام واقعہ کے محض چند گھنٹوں بعد ہی ہندو انتہا پسند نریندر مودی کی حکومت نے الزام پاکستان پر عائد کرتے ہوئے سندھ طاس معاہدہ توڑ دیا تھا جسکے بعد سے دونوں ممالک کے درمیان حالات کشیدہ ہیں۔

علی ترین نے ایک مرتبہ پھر "پی ایس ایل" کے مستقبل پر سوال اٹھا دیا

پاکستان کرکٹ بورڈ بین الاقوامی معیار پر نہیں چلا رہا، فرنچائز اونر کا الزام



کراچی (سپورٹس ڈیسک) ملتان سلطانز کے مالک علی ترین نے پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کے مستقبل پر سنگین سوالات اٹھا دیئے۔سماجی رابطے کی سائٹ ایکس (ٹوئٹر) پر پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کو کڑی تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے علی ترین نے سوال اٹھایا کہ گزشتہ 10 سالوں میں ڈیرن سیمی، شین واٹسن جیسے اسٹارز نے پی ایس ایل کو بلندی تک پہنچایا، کیا ہم اگلے 10 سالوں تک ایسے کھلاڑیوں کو رکھ پائیں گے؟ انہوں نے مزید کہا کہ پی ایس ایل کے موجودہ نظام اور شیڈولنگ کو "ناقابل قبول" قرار دیدیا۔انہوں نے بورڈ پر الزام عائد کیا کہ پی سی بی پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کو بین الاقوامی معیار پر نہیں چلا رہا۔علی ترین نے سوال اٹھایا کہ پی ایس ایل کا شیڈول انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) سے متصادم ہونے کی وجہ سے لیگ کو نقصان ہو رہا ہے، اسٹار پلیئرز کی کمی ہے۔فرنچائز اونر نے پاکستان کرکٹ بورڈ کے ڈرافٹ سسٹم کے بجائے نیلامی اور ٹورنامنٹ کو موسم گرما کے بجائے موسم سرما میں منعقد کروانے کا مطالبہ کیا۔جب تک آئی پی ایل وغیرہ کیساتھ تصادم کریں گے، ہمیں دنیا کے بہترین کھلاڑیوں کی کمی رہے گی۔دوسری جانب فرنچائز اونر کے بیان پر پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے تاحال کوئی بیان جاری نہیں کیا۔

اظہر محمود پاکستان مینز کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ بننے کے خواہشمند

کراچی (سپورٹس ڈیسک) پاکستان کرکٹ ٹیم کے اسسٹنٹ کوچ اظہر محمود ٹیم کے ہیڈ کوچ بننے کے خواہشمند ہیں۔ذرائع کے مطابق اظہر محمود ہیڈ کوچ کیلئے درخواست جمع کروائیں گے۔پاکستان کرکٹ بورڈ نے 4 مئی تک ہیڈ کوچ کیلئے درخواستیں طلب کی ہوئی ہیں۔اظہر محمود ایک سال سے پاکستان ٹیم کے اسسٹنٹ کوچ ہیں۔سابق آل راؤنڈر اظہر محمود کا پی سی بی کیساتھ دو سال کا معاہدہ ہے۔ذرائع نے بتایا کہ اظہر محمود اب ہیڈ کوچ بن کر پاکستان ٹیم کیلئے کام کرنا چاہتے ہیں۔

کوہلی دوست نہیں فل سالٹ نے جواب دے کر یوٹرن لے لیا

ممبئی (سپورٹس ڈیسک) انگلینڈ کے بیٹر فل سالٹ نے ویرات کوہلی کو دوست ماننے سے انکار کیا اور پھر بیان پر یوٹرن لے لیا۔آئی پی ایل کی ٹیم رائل چیلنجرز بنگلور کی اوپننگ جوڑی فل سالٹ اور ویرات کوہلی پر مشتمل ہے اور دونوں کھلاڑی رواں سیزن میں کئی بار ایک ساتھ اننگز کا آغاز کر چکے ہیں۔آر سی بی نے اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر ایک ویڈیو پوسٹ کی جس میں انگلش کھلاڑی سے پوچھا گیا کہ کیا کوہلی ان کے دوست بن گئے ہیں؟ میزبان: آپ نے اپنے ایک انٹرویو میں کہا کہ آئی پی ایل میں کوئی دوست نہیں ہے تو جب آپ ویرات کے ساتھ کھیلتے ہیں تو کیا آپ کی ان سے دوستی ہے؟ فل سالٹ نے جواب دیا کہ وہ ساتھی ہیں۔

بابر اعظم لیفٹ آرم اسپنر پر پھنستے ہیں، خوشدل شاہ

کراچی (سپورٹس ڈیسک) کراچی کنگز کے اسپنر خوشدل شاہ نے بابر اعظم کو آؤٹ کرنے کے حوالے سے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ لیفٹ آرم اسپنر پر پھنستے ہیں۔نجی ٹی وی کے اسپورٹس پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے پاکستان سپر لیگ کی معروف فرنچائز کراچی کنگز کے لیفٹ آرم اسپنر خوشدل شاہ کا کہنا تھا کہ بابر اعظم لیفٹ آرم اسپنر پر تھوڑا سا پھنستے ہیں، میری یہی کوشش ہوتی ہے کہ انھیں جتنا ڈسپلن کے ساتھ بولنگ کر سکوں کروں۔خوشدل شاہ 9 اننگز میں پاکستان کے ٹاپ کلاس بیٹسمین بابر اعظم کو 3 بار آؤٹ کر چکے ہیں، بابر اعظم کیخلاف کامیابی ملنے اور انھیں آؤٹ کرنے کے سوال کا جواب دیتے ہوئے انھوں نے کہا کہ میں بابر کے ساتھ پاکستان ٹیم میں بھی کھیل چکا ہوں اور وہاں بھی انھیں بولنگ کی ہے۔

جاپان کی ایشین گیمز میں تیرتے ایتھلیٹس ویلیج کا استعمال ہوگا

اگلے سال جاپان میں ہونے والے ایشین گیمز میں 15 ہزار ایتھلیٹس اور آفیشل شریک ہوں گے

بیجنگ (سپورٹس نیوز) جاپان میں اگلے سال ہونے والے ایشین گیمز میں تیرتے ایتھلیٹس ویلیج کا استعمال ہوگا۔ایشین گیمز میں ایچی ناگویا بحری جہاز کو بھی ایتھلیٹس ویلیج کے طور پر استعمال کیا جائے گا۔اگلے سال جاپان میں ہونے والے ایشین گیمز میں 15 ہزار ایتھلیٹس اور آفیشل شریک ہوں گے، جن میں 8 ہزار 200 کو ناگویا سٹی میں قیام کرایا جائے گا۔ناگویا پورٹ پر بحری جہاز میں بننے والے ایتھلیٹس ویلیج میں 4 ہزار 600 شرکا قیام کریں گے جبکہ 2 ہزار 400 ایتھلیٹس اور آفیشلز کنٹینرز پر مشتمل عارضی ایتھلیٹس ولاز میں قیام پذیر ہوں گے۔ناگویا میں 1200 ایتھلیٹس مختلف ہوٹلز میں جبکہ ایچی خطے کے چار مختلف علاقوں میں 5800 ایتھلیٹس قیام پذیر ہوں گے۔ایچی اور ناگویا سے باہر مختلف شہروں میں 2000 ایتھلیٹس مقیم ہوں گے جبکہ ٹوکیو میں 700، شیزوکا میں 400، گیلو میں 800 اور اوساکا میں 100 ایتھلیٹس قیام کریں گے۔ایشین گیمز انتظامیہ کے مطابق ایتھلیٹس کی رہائش گاہوں کو ان کے کھیلوں کی بنیاد پر تقسیم کیا گیا ہے۔

پی ایس ایل، یکم مئی کے میچز سے متعلق اہم اعلان، انتظامات اور ہدایات

میچ کے دن صحت وتندرستی اور تحفظ کیلئے پی سی بی نے شائقین کرکٹ کیلئے میڈیکل ایڈوائزری بھی جاری

کراچی (سپورٹس ڈیسک) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل 10) میں شائقین کیلئے اہم معلومات شیئر کر دی گئیں۔اعلامیے کے مطابق شائقین کرکٹ یکم مئی کو شام کے میچ کیلئے پہلے خریدے گئے اسی ٹکٹ کیساتھ ڈبل ہیڈر سے لطف اندوز ہوسکتے ہیں۔ٹورنامنٹ کا 20 واں میچ ملتان سلطانز اور کراچی کنگز کے درمیان سہ پہر 3 بجے شروع ہوگا جبکہ اگلا میچ رات 8 بجے لاہور قلندرز اور کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے درمیان کھیلا جائیگا۔پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے یکم مئی کو شائقین کی سہولت کیلئے درج ذیل انتظامات کیے ہیں۔شائقین کو دھوپ سے بچنے کیلئے اسٹیڈیم میں چھتریاں لانے کی اجازت ہوگی جبکہ تمام انکلوژر میں واٹر کولرز دستیاب ہوں گے تاکہ شائقین کرکٹ میچ کے دوران تازہ دم رہ سکیں۔اعلامیے میں شائقین سے کہا گیا کہ دوپہر کے وقت براہ راست سورج کی روشنی سے تحفظ کے لیے ہیٹ اور کیپ لے کر آئیں جبکہ شائقین کو ٹھنڈا اور ہائیڈریٹ رہنے میں مدد کیلئے ہلکے کپڑے پہنیں گے۔اعلامیے میں کہا گیا کہ میچ کے دن صحت وتندرستی اور تحفظ کے لیے پی سی بی نے شائقین کرکٹ کیلئے میڈیکل ایڈوائزری بھی جاری کی ہے۔ایڈوائزری میں کہا گیا کہ باقاعدگی سے کافی مقدار میں پانی پئیں، چاہے آپ کو پیاس نہ لگے، اپنی جلد کو سورج کی تپش سے بچانے کیلئے SPF30 یا اس سے زیادہ کیساتھ وسیع اسپیکٹرم سن اسکرین لگائیں۔

سیٹھ رولنز پاکستانی ملبوسات کے مداح نکلے، پاکستانی کوٹ توجہ کا مرکز

سابق یونیورسل چیمپئن نے مشہور پاکستانی برانڈ کا خوبصورت لانگ کوٹ علیہ کرکے شہ سرخیوں میں جگہ بنالی



لندن (سپورٹس رپورٹر) سابق ڈبلیو ڈبلیو ای ورلڈ ہیوی ویٹ چیمپئن سیٹھ رولنز پاکستانی ملبوسات کے مداح نکلے۔حال ہی میں سابق یونیورسل چیمپئن نے مشہور پاکستانی برانڈ کا خوبصورت لانگ کوٹ علیہ کرکے شہ سرخیوں میں جگہ بنالی۔ڈبلیو ڈبلیو ای را کے ایونٹ میں سیٹھ رولنز ایک خوبصورت کوٹ پہنے دکھائی دیئے، جس پر سنہرے موری کشیدہ کاری کی گئی تھی۔مذکورہ پاکستانی برانڈ کی ویب سائٹ کے مطابق اس کوٹ کی قیمت 13 ہزار 5 سو امریکی ڈالر یعنی 3.78 ملین پاکستانی روپے کے برابر ہے۔حالیہ مقابلے میں سیٹھ رولنز نے اس خوبصورت لانگ کوٹ کو سفید پینٹ شرٹ کیساتھ زیب تن کیا ہوا تھا تاہم مذکورہ پاکستانی برانڈ کی ویب سائٹ کے مطابق کوٹ میچنگ پتلون کیساتھ بھی دستیاب ہے۔

ڈیو ڈبون نے میچ ریفری کی ذمے داری سے بھی ریٹائرمنٹ لے لی

بطور کرکٹر 1996 میں کھیل سے ریٹائرمنٹ لینے والے ڈیوڈ بون نے 107 ٹیسٹ میچز اور 181 ون ڈے میچز میں آسٹریلیا کی نمائندگی کی

آسٹریلیا (سپورٹس رپورٹر) آسٹریلیا کے مایہ ناز بیٹر ڈیوڈ بون نے دوسری بار کرکٹ سے ریٹائرمنٹ لے لی ہے۔وہ آئی سی سی ایلیٹ پینل آف میچ ریفری سے بھی ریٹائرڈ ہو گئے ہیں۔بطور کرکٹر 1996 میں کھیل سے ریٹائرمنٹ لینے والے ڈیوڈ بون نے 107 ٹیسٹ میچز اور 181 ون ڈے میچز میں آسٹریلیا کی نمائندگی کی۔انہوں نے ٹیسٹ کرکٹ میں 21 سنچریوں اور 32 نصف سنچری کی مدد سے 7 ہزار 422 رنز بنائے جبکہ ایک روزہ میچز میں 5 سنچریوں اور 37 نصف سنچریاں اسکور کیں، ان کا مجموعی اسکور 5 ہزار 964 رنز رہا۔کرکٹ کو ایک بار پھر ڈیوڈ بون نے 2011 میں بطور ایلیٹ پینل آف میچ ریفری جوائن کیا اور 14 سال کے دوران 396 میچز میں ریفری کے فرائض سرانجام دیے۔64 سالہ ڈیوڈ بون نے زمبابوے اور بنگلادیش کے درمیان چٹاگرام ٹیسٹ ریفری کے طور پر آخری بار ذمے داری نبھائی تھی۔ڈیوڈ بون کو کرکٹ آسٹریلیا میں بورڈ ڈائریکٹر کی حیثیت سے شامل کیا گیا ہے۔

خرم شہزاد نے ریڈ بال اسپیشلسٹ کا ٹیگ مسترد کر دیا

کراچی (سپورٹس ڈیسک) پی ایس ایل 10 میں کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے فاسٹ بولر خرم شہزاد نے ریڈ بال اسپیشلسٹ کا ٹیگ مسترد کر دیا۔کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے فاسٹ بولر خرم شہزاد نے لاہور کے قذافی اسٹیڈیم میں پی ایس ایل 10 کے مقابلے میں ملتان سلطانز کیخلاف شاندار بولنگ کے بعد پریس کانفرنس میں ریڈ بال اسپیشلسٹ کے لیبل کو مسترد کر دیا۔خرم شہزاد کو میچ میں 4 کھلاڑیوں کو آؤٹ کرنے پر بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

پریکٹس میں روزانہ 1000 گیندیں کھیلتا ہوں، سعود شکیل

کراچی (سپورٹس ڈیسک) پاکستانی بیٹر سعود شکیل کا کہنا ہے کہ پریکٹس میں روزانہ 600 سے 1000 گیندوں کا سامنا کرتا ہوں۔کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے کپتان سعود شکیل نے انکشاف کیا ہے کہ وہ فارمیٹ سے قطع نظر کافی پریکٹس کرتے ہیں اور نیٹ میں زیادہ وقت گزارتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہر ایک کا اپنا پریکٹس کا معمول ہے لیکن میں اس طریقے سے ٹریننگ کرنے کی کوشش کرتا ہوں جو موثر ہو اور بہتری لائے۔مجھے بیٹنگ پسند ہے اور اس میں بہت زیادہ وقت گزارتا ہوں، فارمیٹ سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔

آئی سی سی کی نئی ٹیسٹ رینکنگ جاری، پاکستانی پلیئرز کونسے نمبر پر ہیں؟

لندن (سپورٹس رپورٹر) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے ٹیسٹ پلیئرز کی رینکنگ جاری کر دی۔آئی سی سی کی جانب سے جاری کردہ رینکنگ کے مطابق انگلینڈ کے جو روٹ کی ٹیسٹ رینکنگ میں پہلی پوزیشن برقرار ہے۔ٹیسٹ بیٹرز کی رینکنگ میں ٹاپ 10 میں پاکستان کا کوئی بیٹر شامل نہیں ہے۔

پی ایس ایل 10، کوئٹہ گلیڈی ایٹرز بمقابلہ لاہور قلندرز میچ بغیر نتیجہ ختم

کراچی (سپورٹس ڈیسک) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل 10) میں لاہور قلندرز اور کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے درمیان کھیلا جانیوالا میچ بارش کے باعث ختم کر دیا گیا۔قذافی اسٹیڈیم لاہور میں شیڈول ایونٹ کے 21 ویں میچ میں کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کی دعوت پر پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے لاہور قلندرز نے 11.3 اوورز میں تین وکٹوں کے نقصان پر 111 رنز بنائے تھے جب بارش کے باعث کھیل روکنا پڑا۔

نئے ہیڈ کوچ کے اعلان کیلئے بورڈ ڈیڈ لائن ختم ہونے کے انتظار میں

ہیڈ کوچ کی تقرری کا اعلان 4 مئی کو ہونے کا امکان، رپورٹس



کراچی (سپورٹس ڈیسک) پاکستان کرکٹ ٹیم کیلئے نئے ہیڈ کوچ کیلئے بورڈ کے اعلیٰ حکام نے مشاورتی عمل تیز کر دیا۔میڈیا رپورٹس کے مطابق بنگلا دیش کیخلاف سیریز سے قبل پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) ہیڈ کوچ کی تعیناتی پر غور کر رہا ہے اور درخواستوں کی ڈیڈ لائن ختم ہونے کا منتظر ہے۔پی سی بی نے 4 مئی تک درخواستیں طلب کر رکھی ہیں اور اسکے بعد ہیڈ کوچ کی تقرری عمل میں لائی جائیگی۔رپورٹس میں دعویٰ کیا جارہا ہے کہ 4 مئی کے روز ہی پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) ہیڈ کوچ کے نام کا اعلان کر سکتا ہے، کیونکہ اسلام آباد یونائیٹڈ کے مائیک ہیسن کوچنگ کیلئے مضبوط امیدوار ہیں اور انہیں وائٹ بال کرکٹ میں پاکستان ٹیم کی کمان سونپی جا سکتی ہے۔خیال رہے کہ مائیک ہیسن اس وقت اسلام آباد یونائیٹڈ کے ہیڈ کوچ ہیں جبکہ گرین شرٹس کو پی ایس ایل 10 کے اختتام کے فوراً بعد بنگلا دیش کیخلاف ہوم گراؤنڈ پر 5 ٹی 20 انٹرنیشنل میچز کی سیریز کھیلنا ہے۔

آئی پی ایل میں انجریز کا سلسلہ جاری، اہم کھلاڑی ٹورنامنٹ سے باہر

گلین میکسویل کی انگلی فریکچر ہونے کے باعث ایونٹ سے باہر ہو گئے

ممبئی (سپورٹس ڈیسک) انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) میں پنجاب کنگز کی نمائندگی کرنے والے آسٹریلوی آل راؤنڈر گلین میکسویل انجرڈ ہو گئے۔گزشتہ روز چنئی سپر کنگز کیخلاف میچ میں ٹاس کے دوران گفتگو کرتے ہوئے پنجاب کنگز کے کپتان شریاس ایر نے گلین میکسویل کی انگلی فریکچر ہونے کے متعلق بتایا۔آئی پی ایل فرنچائز اور آسٹریلوی ٹیم میں میکسویل کے ساتھی کھلاڑی مارکس اسٹوئنس نے بھی ان کے کولکتہ نائٹ رائیڈرز کیخلاف میچ سے قبل ٹریننگ سیشن میں انجرڈ ہونے کی تصدیق کی۔ساتھ ہی انہوں نے بتایا کہ یہ ممکن ہے کہ میکسویل رواں ٹورنامنٹ کا دوبارہ حصہ نہ بن سکیں۔

برانز میڈل جیتنے والی پاکستان ویمن بیس بال ٹیم واپس وطن پہنچ گئی

ایونٹ میں تاریخ ساز کامیابی کیساتھ ہی پاکستان نے ایشین ویمن بیس بال چیمپئن شپ کیلئے بھی کوالیفائی کیا ہے



کراچی (سپورٹس ڈیسک) ویمن ایشیا کپ کوالیفائرز 2025 میں برانز میڈل جیتنے والی پاکستان ویمن بیس بال ٹیم جمعرات کو واپس وطن پہنچ گئی۔سیکریٹری جنرل پاکستان فیڈریشن بیس بال سید فخر علی شاہ، سندھ بیس بال ایسوسی ایشن کے صدر انجینئر محمد محسن خان، سیکریٹری پرویز احمد شیخ، نائب صدر عائشہ ارم و دیگر نے کراچی ایئرپورٹ پر کھلاڑیوں کا استقبال کیا اور ٹیم کو پھولوں کے ہار پہنائے گئے۔واضح رہے کہ تھائی لینڈ میں منعقدہ ایونٹ میں تاریخ ساز کامیابی کیساتھ ہی پاکستان نے ایشین ویمن بیس بال چیمپئن شپ کے لیے بھی کوالیفائی کیا ہے۔24 اکتوبر سے 2 نومبر تک چین میں منعقد ہونے والی چیمپئن شپ ویمن بیس بال ورلڈ کپ کیلئے کوالیفائنگ ایونٹ بھی ہوگا۔

ڈینگی خبروں کے بیچ چہل کی ہیٹرک! آر جے مہوش کا ردعمل وائرل ہوگیا

نئی دہلی (سپورٹس ڈیسک) انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) میں پنجاب کنگز کی نمائندگی کرنے والے یوزویندر چہل کی چنئی سپر کنگز کے خلاف ہیٹرک کے بعد آر جے مہوش کا ردعمل وائرل ہوگیا۔ایکسپریس نیوز کے مطابق گزشتہ روز پنجاب کنگز نے چنئی سپر کنگز کو ہوم گراؤنڈ پر 4 وکٹوں سے شکست دی تھی، اس میچ میں یوزویندر چہل نے ہیٹرک اسکور کی۔